★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 4 رمضان المبارک 1446ھ، 5 مارچ 2025ء 21 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 130

پوری توجہ پنجاب میں سیاحت کے فروغ پر مرکوز ہے، سیاحتی ہب بنائیں گے: مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کی پہلی ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی اور جامع ٹورازم پلان کی اصولی منظوری دیدی، چھانگا مانگا فارسٹ پارک اور لال سوہانرا نیشنل پارک کو ایکو ٹورازم کے فروغ کیلئے ڈویلپ کرنے پر اتفاق

مختلف شہروں میں ٹورازم سائٹس کو ڈویلپ کیا جائیگا، پنجاب میں عالمی سیاحت کے فروغ کی بنیاد رکھ رہے ہیں، تمام سیاحتی مقامات کو عالمی معیار کے مطابق بنانے چاہتے ہیں' وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف فروغ سیاحت سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے کے 170 سیاحتی مقامات اور ٹریلز کی تعمیر و مرمت اور بحالی کی اصولی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کی پہلی ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی کی اصولی منظوری بھی دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ لاہور، ملتان، بہاولپور، چکوال اور جہلم سمیت مختلف شہروں میں ٹورازم سائٹس کو ڈویلپ کیا جائے گا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

بشریٰ بی بی، بانی پی ٹی آئی ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت اسلام آباد ہائیکورٹ نے درخواست نمٹادی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی احکامات کے باوجود بانی پی ٹی آئی کی بشریٰ بی بی سے ملاقات نہ کروانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

پنجاب میں چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت شجرکاری کا آغاز

وزیراعلیٰ کے مشن کے تحت 42.5 ملین پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے' سینئر وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب میں چیف منسٹر پلانٹ فار پاکستان انیشیٹو کے تحت وسیع پیمانے پر شجرکاری مہم کا آغاز ہوگیا ہے جس کے تحت پنجاب میں 48,368 ایکڑ رقبے پر درخت لگائے جائیں گے۔ پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے مشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر8)

شہباز حکومت کا ایک سال استحکام، ترقی اور کامیابی کا سفر ہے: بیرسٹر عقیل ملک

جب شہباز شریف نے حکومت سنبھالی، تو پاکستان ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا، معیشت زبوں حالی کا شکار تھی، اپوزیشن دعوے کر رہی تھی کہ ملک سری لنکا کی طرح دیوالیہ ہو جائے گا

حکومت کے بروقت فیصلوں نے ملک کو بحران سے نکال کر ترقی کے سفر پر گامزن کر دیا، وزیر مملکت کا حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ شہباز حکومت کا ایک سال، استحکام، ترقی اور کامیابی کا سفر ہے، جب شہباز شریف نے حکومت سنبھالی، تو پاکستان ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا، معیشت زبوں حالی کا شکار تھی، اپوزیشن مسلسل یہ دعوے کر رہی تھی کہ ملک سری لنکا کی طرح دیوالیہ ہو جائے گا، مگر آج، صرف ایک سال بعد، وہ تمام پیش گوئیاں غلط ثابت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی کو جیل میں کھانا نہ دینے کا بیان من گھڑت ہے: عظمیٰ بخاری

میاں بیوی کو معمول کے مطابق ان کے کھانے پینے کے لوازمات مہیا کیے جا رہے ہیں' جو شخص دوپہر 12 بجے اٹھتا ہو وہ روزہ کیسے رکھ سکتا ہے: وزیر اطلاعات پنجاب

بانی پی ٹی آئی کو ہفتے میں تین دن گوشت، سبزیاں، دالیں، چقندر کا جوس مل رہا ہے، جب اس جماعت کے پاس کوئی کارڈ نہیں بچتا تو مظلومیت کارڈ اور ہمدردی کارڈ کھیلنا شروع کر دیتے

لاہور (سمیعہ فیاض) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو جیل میں کھانا نہ دینے کا بیان من گھڑت اور بے بنیاد ہے، دونوں میاں بیوی کو معمول کے مطابق ان کے کھانے پینے کے لوازمات مہیا کیے جا رہے ہیں، جو شخص دوپہر 12 بجے اٹھتا ہو وہ روزہ کیسے رکھ سکتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو ہفتے میں تین دن گوشت، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

ملکی ترقی اور خوشحالی کا سفر خوارج کے خاتمے تک ممکن نہیں

وزیر اعظم

آئی ایم ایف معاہدے کے لیے ملکر کام کیا، معاشی استحکام اور آئی ایم ایف پروگرام میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے میں اور آرمی چیف دوست ممالک کے پاس گئے، آج ہماری حکومت کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے، وزیراعظم

آج نہ صرف ہم ایک سال مکمل کر چکے بلکہ دو دن پہلے کابینہ میں اضافہ بھی ہوا، مجھے پورا یقین ہے کہ آپ کی شمولیت سے مجھے، حکومت اور عوام کو بے پناہ فائدہ پہنچے گا: کابینہ کے خصوصی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی ترقی اور خوشحالی کا سفر خوارج کے خاتمے تک ممکن نہیں ہے، معاشی استحکام اور آئی ایم ایف پروگرام میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے میں اور آرمی چیف دوست ممالک کے پاس گئے۔ کنونشن سینٹر اسلام آباد میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف کابینہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مریم نواز ہیلتھ کلینک: پنجاب میں ہیلتھ کا نیا سنگ میل

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش سے برسوں پرانے مراکز صحت کی حالت اور عوام کی تقدیر بدل گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش سے برسوں پرانے مراکز صحت کی حالت اور عوام کی تقدیر بدل گئی۔ پنجاب کے دور دراز کے 750 مراکز صحت یورپی ممالک کے کلینک کا منظر پیش کرنے لگے۔ سٹیٹ آف آرٹ مریم نواز ہیلتھ کلینکس کے انتظامات بھی ینگ ڈاکٹرز کے سپرد کیے گئے ہیں۔ ریکارڈ مدت میں تعمیرات مکمل کی گئی اور بنیادی مراکز صحت کی بیرونی شکل بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

آئی ایم ایف، 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کیلئے پالیسی مذاکرات کا آغاز

جائزہ مشن سفارشات آئی ایم ایف بورڈ کو دیگا جو اس ماہ کے آخر یا اپریل کے اوائل میں اگلی قسط کا فیصلہ کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے درمیان تکنیکی مذاکرات تقریباً مکمل ہوگئے جس کے بعد پالیسی لیول کے مذاکرات کا آغاز ہوگیا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تکنیکی مذاکرات کا پہلا سیشن وزارت خزانہ حکام اور دوسرا ایف بی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

فیصل جاوید کا نام پی این آئی ایل سے ہٹانے کا حکم، عمرے کی اجازت مل گئی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کے سینیٹر فیصل جاوید کا نام عارضی طور پر پی این آئی ایل سے ہٹانے کا حکم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر سے تاجکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

دشمن پاکستان کو ڈیفالٹ دیکھنا چاہتا، چیلنجز کا مقابلہ کریں گے، اسحاق ڈار

معیشت کی بہتری کیلئے نوجوان اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں، کارپوریٹ قانون میں بہتری کی گنجائش موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ دشمن تو پاکستان کو ڈیفالٹ میں دیکھنا چاہتا ہے، آنے والے دور میں چیلنجز کا بہتر انداز میں مقابلہ کریں گے۔ منگل کو مسابقتی کمیشن آف پاکستان کے ہیڈ آفس کی سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کیساتھ نومنتخب چیئرمین ایگزیکٹو پنجاب بار کونسل اور پیپلز لائرز فورم پنجاب کے وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

پرویز الٰہی کیخلاف درج مقدمات کی رپورٹ ہائیکورٹ میں جمع

پنجاب بھر میں پرویز الٰہی پر 32 مقدمات درج ہیں' پولیس کی رپورٹ

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے خلاف مقدمات کی تفصیلات لاہور ہائیکورٹ میں جمع کرادی گئی۔ پولیس کی جانب سے جسٹس طارق ندیم کی عدالت میں رپورٹ جمع کرائی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب بھر میں پرویز الٰہی پر 32 مقدمات درج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کو سحری و افطار میں کچھ فراہم نہیں کیا جا رہا' بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

فیصل آباد: چیئرمین رمضان ماڈل بازار افضل کھوکھر جھنگ روڈ ماڈل رمضان بازار کا دورہ کر رہے ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس: قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے ذیلی کمیٹی بنادی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس کے رہائشی نوجوان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

جرم کسی نے بھی کیا ہو سزا تو ہونی چاہیے' جسٹس جمال مندوخیل

جہاں دفاع کو خطرہ ہو وہاں سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل ہو سکتا' فیصل صدیقی کے دلائل مکمل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ملٹری کورٹس میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

خاتون اینکر بھرتی کرنے پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا، وفاقی وزیر اطلاعات

سفارشی بھرتیوں نے پی ٹی وی کو تباہ کیا، ہم بھی میں شامل ہیں، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کے اجلاس میں گفتگو

پی ٹی وی میں سفارشی بیٹھے تھے تو کسی نے اعتراض نہیں کیا، ڈیڑھ لاکھ کی ریسرچر تھی جسے 6 لاکھ کی اینکر بنا دیا گیا: عطاء تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ رمضان پروگرام کیلئے خاتون اینکر بھرتی کرنے پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا، سفارشی بھرتیوں نے پی ٹی وی کو تباہ کیا، ہم بھی شامل ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کا اجلاس پولین بلوچ کی صدارت میں ہوا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کمیٹی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پرائیوٹ سیکٹر کا اینکر پی ٹی وی پر آنے کو تیار نہیں ہوتا، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

حقانیہ حملہ، کالعدم تنظیم نے ذمہ داری قبول کی نہ خودکش بمبار کا ریکارڈ مل سکا

تفتیش کا دائرہ کار افغان مہاجر کیمپوں تک وسیع کر دیا گیا' خودکش بمبار کی عمر 21 سے 22 سال تھی

نوشہرہ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر نوشہرہ میں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں ہونے والے حملے میں خودکش بمبار کا نادرا میں ریکارڈ نہ مل سکا جبکہ تفتیش کا دائرہ کار افغان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

وزیر اوقاف پنجاب چوہدری شافع حسین کا دربار حضرت بابا فرید الدین گنج شکر کے سجادہ نشین کے ساتھ گروپ فوٹو

یہ سلسلہ رکنا ہوگا کہ جب چاہا نظام بدل دیا، احسن اقبال

دنیا میں جن ممالک نے ترقی کی، انہوں نے ٹیکنالوجی کو اپنایا، ہمارے لیے گلوبل انوویشن انڈیکس کو جانچنا اہم ہے: وفاقی وزیر

2018 میں کچھ ججز و جنرلز نے ہماری حکومت ختم کردی، بہت سے منصوبوں کو بریک لگ گیا، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان ترقی کر سکتا ہے مگر یہ سلسلہ رکنا ہوگا کہ جب چاہا نظام بدل دیا، دنیا میں جن ممالک نے ترقی کی، انہوں نے ٹیکنالوجی کو اپنایا، ہمارے لیے گلوبل انوویشن انڈیکس کو جانچنا اہم ہے، پاکستان کی ترقی کے ہر شعبے میں بھی انجینئرز کا ہاتھ ہے، 2018 میں کچھ ججز اور جنرلز نے ہماری حکومت ختم کردی، بہت سے منصوبوں کو بریک لگ گیا۔ منگل کو انٹرنیشنل انجینئرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

بلوچستان' 5 اضلاع کے سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

کوئٹہ، چمن، لورالائی، نوشکی اور ژوب کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی' این آئی ایچ

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے 5 اضلاع کے ماحولیاتی سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق کوئٹہ، چمن، لورالائی، نوشکی اور ژوب کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ان اضلاع سے ماحولیاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

عرب ممالک فلسطینیوں کی جبری ہجرت روکنے کیلئے یکجہتی کا مظاہرہ کرے، شیخ الازھر

قاہرہ (این این آئی) مصر کی سب سے بڑی دینی درس گاہ جامعہ الازھر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

اسرائیل کا اردن اور مغربی کنارے کے درمیان 425 کلومیٹر طویل دیوار تعمیر کرنے کا منصوبہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز کے دفتر کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی بارویں برسی 18 مارچ کو منائی جائے گی

ملکوآنہ (این این آئی) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی بارویں برسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

پی ٹی آئی کے اندرونی معاملات چلانے پر الیکشن کمیشن میں سوالات

ہم صرف انڈور مینجمنٹ کے تحت معاملات چلا رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کیس کی سماعت کے دوران پارٹی کے اندرونی معاملات چلانے کے حوالے سے سوالات سامنے آگئے۔ الیکشن کمیشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

چینی کی قیمتیں بڑھنے لگیں، 10 روپے فی کلو تک اضافہ

ملکوآنہ (این این آئی) چینی کی قیمتیں بھی بڑھنے لگیں، فی کلو دس روپے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

نوشہرہ: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن دارالعلوم حقانیہ خٹک میں گفتگو کر رہے ہیں

سنگاپور، مراکش، ملائشیا سعودیہ سمیت 10 ملکوں سے مزید 93 پاکستانی بے دخل

کراچی (این این آئی) سعودی عرب، ملائشیا، سنگاپور مراکش سمیت مزید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

ٹرمپ کی مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارکباد

میں رمضان کے مقدس مہینے کے موقع پر اپنی نیک خواہشات بھیجتا ہوں، تحریری بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ماہ مقدس رمضان المبارک کے موقع پر مسلمانوں کو مبارکباد دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا بھارتی وفد کیساتھ گروپ فوٹو

ٹرمپ نے ایک بار پھر یوکرینی صدر کو آڑے ہاتھوں لے لیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کو آڑے ہاتھوں لیا ہے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

میٹرک کے سالانہ امتحانات کا آغاز ہوگیا، وزیر تعلیم کا بوٹی مافیا کو سخت سزاؤں کا عندیہ

بوٹی مافیا کو کنٹرول کرنا مشن ہے، کسی کو کسی کے نمبرز نہیں چھیننے دیں گے' رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ کے تحت میٹرک کے سالانہ امتحانات کا آغاز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

نارووال: معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب سلمٰی بٹ رمضان سہولت بازار میں خواتین سے گفتگو کر رہی ہیں

کراچی دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار، ایئر کوالٹی انڈیکس 179 پرٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی میں مطلع صاف تاہم فضائی معیار خراب ہے اور منگل کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

مصر، مریض کے پیٹ میں چھ سال سے موجود موبائل فون نکال لیا گیا

قاہرہ (این این آئی) مصر میں ایک مریض کے پیٹ میں موجود موبائل فون چھ سال کے بعد بالآخر نکال لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ عجیب و غریب واقعہ مصر میں پیش آیا جہاں منصورہ یونیورسٹی کے انٹرنل میڈیسن سپیشلائزڈ ہسپتال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

برطانیہ اور فرانس یوکرین میں جنگ بندی کی تجویز پر پہنچنے میں ناکام

جنگ بندی کی صورت میں کوئی معاہدہ نہیں ہوا ہے، وزیر مملکت لیوک پولارڈ

لندن (این این آئی) فرانسیسی خبر رساں ایجنسی نے ایک برطانوی وزیر کے حوالے سے بتایا ہے کہ لندن اور پیرس یوکرین میں ایک ماہ طویل جنگ بندی کی تجویز پر پہنچنے میں ناکام رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مسلح افواج کے وزیر مملکت لیوک پولارڈ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

مخصوص نشستیں ہمارا حق، الیکشن کمیشن آئینی ذمہ داری نبھانے میں ناکام، بیرسٹر گوہر

مخصوص نشستوں کیلئے بھی الیکشن کمیشن نے ہمارا آرڈر روکا ہوا ہے، الیکشن کمیشن کو احساس کرنا چاہیے، ایک سال ہوگیا یہ مکمل ہونا چاہیے

خیبر پختونخوا میں سینیٹ کا الیکشن نامکمل ہے، خیبر پختونخوا سینیٹ کا الیکشن بھی ہر صورت ہونا چاہیے' میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن آئینی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام ہوگیا، مخصوص نشستیں ہمارا حق ہے۔ اسلام آباد میں الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ مخصوص نشستوں کیلئے بھی الیکشن کمیشن نے ہمارا آرڈر روکا ہوا ہے، سپریم کورٹ نے ہمارے حق میں آرڈر دیا تھا، الیکشن کمیشن نوٹیفکیشن جاری کرے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

صارم قتل کیس، والدین کا پولیس تفتیش پر عدم اعتماد

قاتل کو منظر عام پر لایا جائے تاکہ کسی دوسرے بچے کے ساتھ ایسا نہ ہو، والد

کراچی (این این آئی) کراچی: نارتھ کراچی کے رہائشی اپارٹمنٹ سے اغوا اور زیادتی کے بعد قتل ہونے والے 7 سالہ صارم کے والد نے پولیس پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

سنگاپور، 10 ملکوں سے مزید 93 پاکستانی بے دخل

سعودی عرب سے 5، کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر 24 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا

کراچی (این این آئی) سعودی عرب، ملائشیا، سنگاپور مراکش سمیت مزید 10 ملکوں سے 48 گھنٹے میں مزید 93 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا جن میں 6 بلیک لسٹ بھی شامل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

HUD & PHE
DEPARTMENT

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کو سیکرٹری ہاؤسنگ، چیئرمین اخوت اور صدر بینک آف پنجاب "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام بارے بریفنگ دے رہے ہیں

HOME DEPARTMENT

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کے 24 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

سوتیلے باپ کو بے دردی سے فائرنگ کرکے قتل کرنے والا بیٹا گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے سوتیلے باپ کو بے دردی سے فائرنگ کر کے قتل کرنے والا بیٹا گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق 4 روز قبل شاہدرہ ٹاؤن کے علاقے میں ملزم عتیق ن گھریلو ناچاقی اور جائیداد نے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے سوتیلے باپ کو قتل کر کے موقع سے فرار ہو گیا ہو گیا تھا ڈی آئی جی آپریشنز کے نوٹس پر فوری ٹیم تشکیل دی گئی اور ایس پی سٹی قاضی علی رضا کی سربراہی نے ٹیم نے ملزم کی تلاش شروع کر دی گئی اور گزشتہ روز ملزم فزیکلی ریڈ جدید ٹیکنالوجی اور ہیومین ریسورس سے مدد سے گرفتار کرلیا گیا

کاہنہ کے علاقے میں پولیس اہلکار کو گاڑی تلے کچلنے والا ڈرائیور گرفتار کرلیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ کے علاقے میں پولیس اہلکار کو گاڑی تلے کچلنے والا ڈرائیور گرفتار کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق کاہنہ پولیس نے دوروز قبل رنگ روڈ پر سواری کے انتظار میں کھڑے پولیس ملازم کو کار کی ٹکر مار کر ہلاک کرنے ولاے کار سوار نعمان کو سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے شناخت کر کے ڈیفنس کے علاقے سے گرفتار کر کے واقعہ میں استعمال ہونے والی کار برآمد کر کے ملزم سے تفتیش کا آغاز کردیا

گارڈان ٹاؤن کے علاقے میں مزدور پینٹ کرتے ہوئے چوتھی منزل سے گرکر جاں بحق ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) گارڈان ٹاؤن کے علاقے میں مزدور پینٹ کرتے ہوئے چوتھی منزل سے گر کر جاں بحق ہو گیا، پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کردیا تفصیلات کے مطابق گارڈن ٹاؤ X ن کے علاقے طارق بلاک میں زیر تعمیر عمارت کورنگ کرتے ہوئے مزدور پیر سلپ ہونے کے باعث چوتھی منزل سے گر کر جان بحق ہو گیا جس کی شناخت 30 سالہ زمان کے نام سے ہوئی اطلاع ملنے پر متعلقہ پولیس نے لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کردیا

چوکی انچارج نادر آباد پولیس نے پتنگ فروش کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی انچارج نادر آباد پولیس نے پتنگ فروش کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدائیت پر پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائی کے دوران چوکی انچارج نادر آباد پولیس نے ملزم عمر شہباز سے لاکھوں روپے مالیت کی 100 پتنگیں، 03 قاتل کیمیکل ڈور کی چرخیاں برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزم نے پشاور سے بذریعہ آن لائن آرڈر پتنگیں، ڈور، منگوا کر لاہور کے مختلف علاقوں میں سپلائی دینے کا اعتراف کیا ہے

چوہنگ پولیس کی منشیات سپلائی کرنیوالوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ پولیس کی منشیات سپلائی کرنیوالوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی، کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ترجمان کے مطابق چوہنگ پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے ایک مشکوک گاڑی کو چیک کیا تو دوران چیکنگ پر گاڑی سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد ہوئی جس پر 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے خلاف چوکی انچارج شیر شاہ سب انسپکٹر محمد اسحاق کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان علاقہ غیر سے لاہور منشیات منتقل کررہے تھے جو انہوں نے صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنا تھی

میاں اسلم اقبال کے ڈیرے پر پولیس اہلکار کا قتل نیا رخ اختیار کرگیا

مقتول اور قاتل کے درمیان وجہ تنازع ہم جنس پرستی نکلی

لاہور (کرائم رپورٹر) سابق صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال کے ڈیرے پر پولیس اہلکار کا قتل نیا رخ اختیار کر گیا، مقتول اور قاتل کے درمیان وجہ تنازع ہم جنس پرستی نکلی۔ پولیس زرائع کے مطابق ملزم کانسٹیبل ارشد نے انویسٹی گیشن ٹیم کو بیان ریکارڈ کروا دیا، ملزم کا اپنے بیان میں کہنا تھا کہ مقتول عمران جنسی تعلق کے لئے مجبور کرتا تھا جو وجہ قتل بنا اس حوالے سے پولیس کا کہنا تھا کہ ملزم ارشد اور مقتول دونوں نشے کے عادی تھے جائے وقوعہ سے دونوں کے نشے کے عادی ہونے کے شواہد ملے جبکہ ملزم کا ہم جنس پرستی سے متعلق بیان ثابت کرنے والے شواہد نہیں ملے ہیں

شہر میں سٹریٹ کرائم کی وارداتیں کم ہونے لگیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سٹریٹ کرائم کی وارداتیں کم ہونے لگیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 237 وارداتیں رپورٹ ،، پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 8 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 8 افراد سے لاکھوں روپے، 3 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 13 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 29 موٹر سائیکلیں، 1 دیگر وہیکل۔ 3 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری 172 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

HOME DEPARTMENT

صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کے 24 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کا 24 واں اجلاس

صوبائی وزیر انڈسٹریز چوہدری شافع حسین اور وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ

سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے صوبہ بھر کے امن و امان کی تازہ صورتحال بارے بریفنگ دی

کابینہ کمیٹی نے اوور آل امن وامان کی صورتحال، رمضان المبارک اور آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے سیمی فائنل میچ کیلئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

رمضان المبارک کے دوران سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے: خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ایس سی ایل او کا 24 واں اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر انڈسٹریز چوہدری شافع حسین اور وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے صوبہ بھر کے امن و امان کی تازہ صورتحال بارے بریفنگ دی۔ کابینہ کمیٹی نے اوور آل امن و امان کی صورتحال، رمضان المبارک اور آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے سیمی فائنل میچ کیلئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ کابینہ کمیٹی نے رمضان المبارک میں سحری و افطاری کے اوقات میں سخت حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت و چیرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امن و امان کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ پنجاب کی عوام کیلئے ہارس اینڈ کیٹل شو کے پر امن انعقاد کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے۔ رمضان المبارک کے دوران سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی کرکٹ سیریز کے پر امن انعقاد سے عالمی سطح پر پاکستان کا بہتر تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب اس حوالے سے تمام متعلقہ اداروں سے مکمل کوارڈی نیشن میں ہے۔ عوام کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فورسز کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، ایڈیشنل آئی جی پنجاب چوہدری سلطان، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی اور سپیشل برانچ، سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان، آئی جی جیل خانہ جات اور متعلقہ حکام کی اجلاس میں شرکت ہوئی۔ تمام کمشنرز اور آر پی اوز نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈسکہ سٹی کی سیور اور روڈ کی تعمیر و بحالی کی 3 سکیموں کی منظوری

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ضلع سیالکوٹ تحصیل ڈسکہ سٹی کی سیور اور روڈ کی تعمیر و بحالی کی 3 سکیموں کی منظوری دیدی گئی ہے، ان منصوبوں پر از سر نو مجموعی طور پر 62.کروڑ، 92 لاکھ روپے اخراجات کا تخمینہ ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد عبدالروف، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ، ہائی ویز، پبلک ہیلتھ کے ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین بذریعہ ویڈیو لنک منسلک رہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ جن سکیموں کی منظوری دی گئی ہے ان میں ضلع سیالکوٹ، تحصیل ڈسکہ سٹی اسٹیڈیم روڈ پر سیور لائن کی سکیم پر 12 کروڑ 37 لاکھ روپے خرچ ہونگے، سمبڑیال روڈ فیملی ہسپتال کے سامنے والی روڈ کی از سر نو تعمیر پر 25 کروڑ 21 لاکھ روپے اور ڈسکہ سٹی میں شہباز شریف پارک کی تزئین و آرائش پر 25 کروڑ 34 لاکھ روپے خرچ ہونگے۔

امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء 04 مارچ سے شروع ہوچکا

05 مارچ 2025ء بروز بدھ صبح اور شام دونوں گروپس میں کلاس دہم کی انگلش (لازمی) کا پیپر منعقد ہوگا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) کنٹرولر امتحانات تعلیمی بورڈ پروفیسر محمد نعیم بٹ نے کہا ہے کہ امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء 04 مارچ سے شروع ہو چکا ہے۔ 05 مارچ 2025ء بروز بدھ صبح اور شام دونوں گروپس میں کلاس دہم کی انگلش (لازمی) کا پیپر منعقد ہوگا۔ صبح پہلے گروپ میں 113172 اور دوسرے گروپ میں 105683 طلباء و طالبات شامل امتحان ہوں گے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں بتایا کہ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی قیادت میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن صاف، شفاف اور پر امن ماحول میں امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ طلباء و طالبات کی بہتری اور امتحانی نظام کی مضبوطی کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ سید نوید حیدر شیرازی، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کے احکامات اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈاکٹر فرخ نوید کی ہدایات کے مطابق اچھی شہرت کے حامل اساتذہ کرام کو بطور سپروائزری سٹاف امتحانی ڈیوٹیاں سونپی گئی ہیں۔

ناجائز منافع خوروں کے خلاف کاروائیاں جاری

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے ہدایت

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے ناجائز منافع خوروں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب نے ایک روز میں 12 انسپکشنز کیں جس دوران مقررہ ریٹس کی خلاف ورزی کرنے پر سب سے زیادہ 16 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ انہوں نے ریٹس کی سنگین خلاف ورزی پر ایک دوکاندار کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کروائی۔ اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب نے ایک بیان میں کہا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں شہریوں کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنے کے لئے متعدد اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو عام آدمی کی جیب پر ڈاکہ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی اور ایسے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

ڈی پی او نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو بین الاضلاعی ڈکیت گینگوں سمیت قانون شکن گینگسٹرز کی گرفتاری کے اہداف دے دیئے

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو بین الاضلاعی ڈکیت گینگوں سمیت قانون شکن گینگسٹرز کی گرفتاری کے اہداف دے دیئے، معاشرتی امن کے لئے خطرہ بننے والوں پر کڑی قانونی نظر رکھنے کا حکم، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا طاہر رحمان معاشرتی امن کے استحکام اور کرائم کے خاتمے کے لئے نتیجہ خیز اقدامات اٹھا رہے ہیں، ڈی پی او نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو بین الاضلاعی ڈکیت گینگوں سمیت قانون شکن گینگسٹرز کی گرفتاری کے لئے خصوصی اہداف دیتے ہوئے ان کے حصول کو لازمی قرار دیا ہے، ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے ایک اجلاس میں پولیس افسران کو پروفیشنل احکامات دیتے ہوئے کہا کہ جدید سائنسی ٹیکنالوجی تک پولیس افسران کی رسائی کو یقینی بنا دیا گیا ہے، پولیس افسران اگر نیک نیتی کے ساتھ دستیاب وسائل کا استعمال کریں تو ڈکیت گینگوں سمیت قانون شکن گینگسٹرز کی گرفتاری کا یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ہسپتالوں میں سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کی کمی پوری کرنے کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کرلی

لاہور (خبرنگار) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے سرکاری ہسپتالوں میں سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کی کمی پوری کرنے کیلئے ایک اور کامیابی حاصل کرلی۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن نے 87 سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کے رزلٹس کا اعلان کردیا۔ سرکاری ہسپتالوں میں انیستھیزیا کی سیٹوں کی کمی تھی۔ 87 سینئر رجسٹرارز انیستھیزیا کے بعد اب سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی سرجریز میں بہتری آجائے گی۔ اس کے علاوہ پیڈریاٹرک سرجری کے 34 اور ریڈیالوجی کے 33 سینئر رجسٹرارز بھی پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتی کئے جاچکے ہیں۔

کمشنر ساہیوال کا سحری کے بعد جو مختلف علاقوں کا تفصیلی جائزہ

سڑکوں پر کھڑے پانی کو فوری ختم کروایا جائے اور صفائی کی جائے، کمشنر کی میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت

ساہیوال (مہرائے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا سحری کے بعد جوگی چوک، عیسیٰ نگری، جناح چوک اور کربلا روڈ کا دورہ، صفائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا، سڑکوں پر کھڑے پانی کو فوری ختم کروایا جائے اور صفائی کی جائے، کمشنر کی میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر شعیب اقبال سید نے جوگی چوک، عیسیٰ نگری، جناح چوک اور کربلا روڈ کا دورہ کیا۔ انہوں نے نیازی پل کے اردگرد کوڑا جمع ہونے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے اسے فوری اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں پر کھڑے پانی کی نکاسی کی جائے اور صفائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے جوگی چوک اور ملحقہ علاقوں سے بارش کے پانی کی نکاسی کے لئے زیر تعمیر ڈرینج کے کام کا بھی جائزہ لیا اور اسے جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کمشنر شعیب اقبال سید نے گرلز کالج روڈ اور مور والا چوک سے تجاوزات کے فوری خاتمہ کے لئے ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تجاوزات کے خلاف مہم کے دوران بازاروں سے ہٹائی جانے والی ریڑھیوں کے لئے ٹینکی چوک میں جگہ مختص کی جائے اور ریڑھیوں کی رجسٹریشن شروع کی جائے۔ انہوں نے دوکانوں کے کرایوں کی ریکوری بھی بہتر کرنے کی ہدایت کی۔

امریکی ریاست کیلیفورنیا میں فلولی تاریخی ہاؤس اینڈ گارڈن میں پھولوں کی دیوی کی سالگرہ کی تقریب میں ہانفو لباس کے شوقین لوگ شریک ہیں۔شنہوا۔

لبنان کے شہر بیروت کی ایک مسجد میں لوگ افطار کررہے ہیں۔شنہوا

نیوزی لینڈ کے شہر کرائسٹ چرچ میں چینی مارشل آرٹس کا مظاہرہ کیا جارہا ہے۔شنہوا

جرائم پیشہ افراد اور سماج دشمن کے خلاف کارروائیاں مزید تیز

ہربنس پورہ میں خاتون کے اندھے قتل کی لرزہ خیز واردات ٹریس، درندہ صفت ملزم گرفتار

لاہور (خالد صمدانی سے) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایات پر جرائم پیشہ افراد اور سماج دشمن کے خلاف کارروائیاں مزید تیز، لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی زیر صدارت کینٹ ڈویژن افسران سے کرائم میٹنگ ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ بشریٰ نثار، ڈی ایس پیز سمیت دیگر افسران کی شرکت کرائم میٹنگ میں قتل کی وارداتوں سے متعلقہ مقدمات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہربنس پورہ میں خاتون کے اندھے قتل کی لرزہ خیز واردات ٹریس، درندہ صفت ملزم گرفتار گرفتار ملزم نے 65 سالہ خاتون شکیلہ بی بی کو سر میں لکڑی کا ڈنڈا مارا کر زخمی کیا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن بعد ازاں گھسیٹ کر واش روم لے گیا اور بجلی کی تار سے پاؤں کے دونوں انگوٹھے باندھ کر کرنٹ لگا کر قتل کر دیا ملزم نے خاتون کا ٹچ موبائل فون حاصل کرنے کے لیے خاتون کا قتل کیا، ایس ایس پی محمد نوید ملزم سنگین واردات کے بعد مقتولہ شکیلہ بی بی کا موبائل فون ساتھ لے گیا تھا ملزم پینٹ کا کام کرتا ہے اور تقریباً 20 روز قبل مقتولہ کا گھر پینٹ کیا تھا مقتولہ 4 بچوں کی ماں تھی اور گھر میں اکیلی رہتی تھی، مقتولہ کے تمام بچے شادی شدہ ہیں ملزم کو ہیومن انٹیلیجنس سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا ملزم کو گرفتار کر کے مقتولہ کا موبائل فون برآمد کرلیا گیا ہے، ایس ایس پی محمد نوید شواہد کی روشنی میں مضبوط چالان مرتب کر کے ملزم کو نشان عبرت بنایا جائے گا، محمد نوید شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے شب و روز کوشاں ہیں، ان خیالات کا اظہار ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے کیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کی بلاسود قرضوں کی سکیموں سے پنجاب میں کاروباری سرگرمیوں پر دوررس اثرات مرتب ہونگے۔ چوہدری شافع حسین

صوبائی وزیر صنعت و تجارت کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کی ترقیاتی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، وزیر اعلیٰ پنجاب کی چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کیلئے بلاسود قرضوں کی سکیموں پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ ڈائریکٹر پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن سائرہ عمر نے پیسک کی سکیموں پر پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ بلاسود قرضوں کی سکیموں کیلئے اب تک 27 ہزار سے زائد درخواستیں آچکی ہیں۔ وزیر اعلیٰ آسان کاروبار فنانس سکیم کے تحت 202 کیسز کیلئے 1316 ملین روپے منظور ہو چکے جبکہ 521 ملین روپے کے بلاسود قرضے تقسیم ہو چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ آسان کاروبار کارڈ سکیم کے تحت 6823 کیسز اور 8.2 ارب روپے منظور ہو چکے ہیں۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبے میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے فروغ کیلئے بلاسود قرضوں کی بے مثال سکیمیں شروع کی ہیں اور ان سکیموں کے پنجاب میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ماضی میں انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے کچھ نہیں کیا گیا۔ موجودہ حکومت نے انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے عملی اقدامات کئے ہیں۔ پنجاب کی 23 سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کی ڈیجیٹائزیشن کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں صنعتی انفراسٹرکچر کی بہتری سے پنجاب میں نئی سرمایہ کاری آرہی ہے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ ہینڈی کرافٹس کے فروغ کیلئے بھرپور مارکیٹنگ کی جائے۔ دستکاری کے فن کی ترویج کیلئے دستکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے اور سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری سکیموں کو تیزی سے مکمل کیا جائے، کمالیہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، قائد آباد اور حافظ آباد میں نئی سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کے قیام کے لئے سروے کرایا جائے۔ ایم ڈی پیسک نے بتایا کہ سمال انڈسٹریل اسٹیٹس کی ڈیجیٹائزیشن سے ریکوری پراسیس میں بہتری آئی ہے اور آئندہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کیلئے اپ گریڈیشن آف ہینڈی کرافٹس ڈویلپمنٹ سینٹر مری، ویمن ریسورس سینٹر اینڈ انکوبیٹرز اور سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں عدم دستیاب سہولتوں کی فراہمی کی سکیمیں تیار کی گئی ہیں۔ اجلاس میں سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں حاصل کئے پلاٹوں پر صنعتی یونٹس نہ لگنے کے معاملات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈی ایم ڈی پیسک بابر رحمان اور پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے ڈائریکٹرز نے اجلاس میں شرکت کی۔

PUNJAB SMALL INDUSTRIES CORPORATION

غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری

سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریسٹوران، سیلون، اکیڈمی، ورکشاپ، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف کارروائیاں کر کے 102 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے جوہر ٹاؤن، گلبرگ، نیو گارڈن ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن، مین کینال روڈ کے اطراف میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے جوہر ٹاؤن میں 20، گلبرگ نیو گارڈن ٹاؤن میں 31، کینال روڈ کے اطراف میں 20 املاک سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران علامہ اقبال ٹاؤن میں 31 املاک سربمہر کردیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریسٹوران، سیلون، اکیڈمی، ورکشاپ، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانرون اسد الزمان اور چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

صوبائی دارالحکومت میں مختلف واقعات کے دوران تین افراد جاں بحق ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں مختلف واقعات کے دوران تین افراد جاں بحق ہو گئے متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا، ایدھی ترجمان کے مطابق سبزہ زار، ملتان روڈ کے قریب ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار 28 سالہ نوجوان ٹرک کی زد میں آکر کچلا گیا جس کی شناخت نہ ہوسکی، دوسرے واقعہ میں ہربنس پورہ کے علاقہ میں تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہونے کے باعث دیپالپور کا رہائشی 36 سالہ علی اعجاز جاں بحق ہو گیا جبکہ باغبانپورہ کے علاقہ سے 52 سالہ نا معلوم شخص نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گیا اطلاع ملنے پر متعلقہ تھانوں کی پولیس نے ایدھی رضا کاروں کی مدد سے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کردیا

چوہدری شافع حسین سے دربار حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے سجادہ نشین دیوان حامد مسعود چشتی کی ملاقات

مقدس مزارات کی دیکھ بھال اور زائرین کی سہولیات کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں: وزیر اوقاف پنجاب

لاہور (صابر غوری) صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین سے دربار حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے سجادہ نشین دیوان حامد مسعود چشتی نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ دربار کے انتظامی امور، سیکورٹی انتظامات، زائرین کو دی جانے والی سہولیات اور دیگر معاملات سے آگاہ کیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری اور دیگر بھی ملاقات میں موجود تھے۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بزرگان دین اور صوفیاء کرام کے درباروں پر ملک بھر سے عقیدت مند اور زائرین آتے ہیں۔ حکومت زائرین کو بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے پر عزم ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ مقدس مزارات کی دیکھ بھال اور زائرین کی سہولیات کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ مساجد اور درباروں کی صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضے ختم کرائے جائیں گے۔ ناجائز قابضین سے واگزار کرائی گئی اوقاف کی زمینوں پر صحت اور تعلیم کے ادارے بنائیں گے۔ وزیر اوقاف پنجاب نے کہا کہ اسلام امن اور سلامتی کا درس دیتا ہے، اسلام میں دہشت گردی کی کوئی گنجائش نہیں۔ دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث عناصر انسانیت کے دشمن ہیں۔ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء اور معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ علماء اور مشائخ رواداری، اخوت اور تحمل کے جذبات کو فروغ دیں۔ ہمیں اتحاد کی قوت سے ملک کو امن کا گہوارہ بنانا ہے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

ڈپٹی کمشنر نوید احمد کا سہولت رمضان بازار پیپلز کالونی کا دورہ

اشیاء ضروریہ کے معیار، قیمتوں، سٹاک کی وافر مقدار اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر کے ماڈل بازار پیپلز کالونی میں سہولت رمضان بازار کے قیام سے اب تک روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ دورے جاری

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے رمضان ریلیف پروگرام کے تحت صارفین کو سستی اور معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کے دورے جاری کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کا سہولت رمضان بازار پیپلز کالونی کا دورہ، انہوں نے اشیاء ضروریہ کے معیار، قیمتوں، سٹاک کی وافر مقدار اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کے ماڈل بازار پیپلز کالونی میں سہولت رمضان بازار کے قیام سے اب تک روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ دورے جاری۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے سبزیوں، پھلوں، آٹے، چینی، دالوں اور دیگر اشیائے خورونوش کے نرخ چیک کیے اور انتظامیہ کو ہدایت دی کہ حکومت پنجاب کی مقرر کردہ قیمتوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے رمضان بازار میں آنے والے شہریوں سے حکومت پنجاب کی طرف سے دی جانے والی سہولیات بارے استفسار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو اشیائے صرف کی کنٹرول ریٹ پر فراہمی کے لئے متحرک ہے اور بازار میں موسمی پھلوں اور سبزیوں کی وافر دستیابی یقینی بنائی گئی ہے۔ سہولت بازار میں تمام اشیاء 5 سے 15 روپے تک رعایت کے ساتھ دستیاب ہیں اس کے علاوہ رمضان کے دوران چینی کی فروخت کے لئے ضلع بھر میں سیلز پوائنٹس بھی بنائے جارہے ہیں اور ان سیلز پوائنٹس پر چینی 130 روپے کلو وافر دستیاب ہوگی۔ انہوں نے تمام پرائس مجسٹریٹس کو سختی سے فیلڈ میں نکلنے کی ہدایت کی اور کہا کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو حکومت پنجاب کی طرف سے دیے گئے خاطر خواہ ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے بازار میں صفائی، پارکنگ، سیکیورٹی اور دیگر انتظامات کا بھی معائنہ کیا اور ہدایت دی کہ شہریوں کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کی جائیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں انجمن تاجران، علمائے کرام و ضلعی کمیٹی کے ممبران سمیت متعلقہ اداروں کے افسران اور پولیس حکام نے شرکت کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس، اجلاس میں انجمن تاجران، علمائے کرام و ضلعی کمیٹی کے ممبران سمیت متعلقہ اداروں کے افسران اور پولیس حکام نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ رمضان المبارک برکتوں اور فضیلتوں کا مہینہ ہے، ماہ مبارک میں محبت، رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے، ایک دوسرے کے عقائد کا احترام کیا جائے اور خصوصی احتیاط برتی جائے کہ کسی کی زبان سے کسی دوسرے کی دل آزاری نہ ہو، علمائے کرام و امن کمیٹی کے ممبران نے ماہ مقدسہ کی فضیلت پر موثر انداز میں روشنی ڈالی اور رمضان المبارک میں بھائی چارے اور محبت کی مثالی فضا قائم کرنے پر زور دیتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی، اجلاس کے اختتام پر ملکی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

جہلم شہر میں تسبیح ٹوپی اور جائے نماز کی مانگ میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم رمضان المبارک کے بابرکت ماہ کی مناسبت سے جہلم شہر میں تسبیح ٹوپی اور جائے نماز کی مانگ میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جبکہ گزشتہ سال کی نسبت قیمتیں 20 فیصد سے 30 فیصد بڑھ گئیں ہیں دکانداروں کے مطابق اس مہینے میں ان اشیاء تسبیح کی فروخت میں 35 سے 40 فیصد تک اضافہ ہو جاتا ہے۔ سروے کے مطابق جہلم کی دکانوں میں ان دنوں مختلف اقسام کی ٹوپیاں فروخت ہو رہی ہیں۔ تاجروں کے مطابق درآمدی پابندیوں اور ٹیکسوں میں اضافے کے باعث کئی ممالک سے خام مال منگوا کر مقامی سطح پر ٹوپیاں اور تسبیح تیار کی جا رہی ہیں۔

جہیز کے خلاف قانون موجود ہے: چوہدری اشفاق چیمہ

اس پر عمل درآمد کیلئے نوجوانوں کو آگے بڑھ کر جہیز کو نہ کرنا ہوگی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) جہیز کے خلاف قانون موجود ہے لیکن اس پر عمل درآمد کیلئے نوجوانوں کو آگے بڑھ کر جہیز کو نہ کرنا ہوگی ان خیالات کا اظہار مرکزی چیئرمین پاکستان پیس کونسل چوہدری محمد اشفاق چیمہ نے ایک یتیم بیٹی کو جہیز کیلئے گرانٹ دیتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وطن عزیز پاکستان میں اس وقت کروڑوں بیٹیاں شادی کی عمر کو پہنچ کر صرف جہیز اور شادی کیلئے وسائل نہ ہونے کے باعث والدین کی دہلیز پر بوڑھی ہورہی ہیں ان کے والدین کسمپرسی کے باعث اپنے فرائض کی عدم ادائیگی پر روز مرتے اور جیتے ہیں ڈاکٹر ناصر حسین علوی نے کہا کہ پاکستان پیس کونسل کے پلیٹ فارم سے جہیز کے خلاف مہم کا آغاز کیا جارہا ہے ہم نوجوانوں سے اپیل کریں گے کہ وہ آگے بڑھ کر جہیز سے انکار کریں ملکی سطح پر تمام سیاسی سماجی مذہبی تنظیمیں اور ادارے شعور اجاگر کریں کہ نکاح کو سستا اور عام کیا جائے تاکہ جوان بچیاں شادی کے بندھن میں بندھ جائیں اور معاشرے سے بے راہ روی کا بھی خاتمہ ہوسکے اس سلسلے میں عنقریب چیئرمین چوہدری اشفاق چیمہ کے ہمراہ ملک بھر میں دورے کرکے نوجوانوں کو جہیز سے انکار کی ترغیب دی جائے گی۔۔۔

ایس ای فیسکو جھنگ سرکل، انجینئر مدثر علی شیخ افطاری سے قبل کنٹرول روم کی خودنگرانی کر رہے ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل، انجینئر مدثر علی شیخ افطاری سے قبل کنٹرول روم کی خودنگرانی کر رہے ہیں تاکہ بجلی کے مسائل فوری حل کیے جاسکیں۔ فیسکو ترجمان کے مطابق ڈویژن اور سب ڈویژن کی ٹیمیں صارفین کی شکایات کے حل کے لیے متحرک ہیں، جبکہ بلاتعطل بجلی کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ فیسکو جھنگ سرکل کے تمام 11 کے وی فیڈرز مکمل طور پر فعال ہیں، اور صارفین بجلی سے متعلق شکایات کے لیے ہیلپ لائن 118، میسج سروس 8118، یا ٹال فری نمبر 0479200220 پر رابطہ کرسکتے ہیں

دی سی سکول سسٹم کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

ڈائریکٹرز کامران غفار، عقیل شیخ نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

سمندری (تحصیل رپورٹر) دی سی سکول سسٹم (کینال روڈ غوثیہ کالونی) کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈاکٹر سعید زاہدی (سابق ایم ایس ٹی ایچ کیو) احتشام زاہدی ایڈووکیٹ، پرنسپل انفارمیٹکس کالج راؤ دلشاد، پروفیسر محمد نعیم ممتاز عالم دین مفتی غلام فریدی سیالوی، قاری اظہر و دیگر شریک ہوئے، اس موقع پر مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں معیاری تعلیم کا فقدان ہے جس کیلئے ہمارے بچوں کو مثبت ذہن سازی اور اخلاقی تربیت کی ضرورت ہے مستقبل میں دی سی سکول معیاری تعلیم، بہترین اخلاقی تربیت اور اسلامی اقدار پر عمل پیرا ہونے کیلئے عملی اقدامات کریگا تاکہ کل کو جہاں سے تعلیم حاصل کرکے جانے والے طلبہ معاشرے میں اپنا اہم کردار ادا کرسکے۔

رمضان میں پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) رمضان میں پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، مہنگائی نے پہلے ہی عوام کی چیخیں نکال دی ہیں لیکن رمضان میں مزید اضافہ ہوگیا ہے ہر چیز کی قیمت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے مہنگائی سے غریب افراد کے چولہے بجھ رہے ہیں اور ارباب اختیار کو اس کی پرواہ ہی نہیں دیہاڑی دار مزدور تو زیادہ متاثر ہو چکے ہیں اور روزہ افطار کرنے کے لیے بھی پھل خریدنے سے قاصر ہو چکے ہیں شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ غریب عوام کا خیال رکھتے ہوئے مہنگائی پر قابو پایا جائے ناجائز منافع خوری بھی لوگوں کو زندگی سے بیزار کر رہی ہے، لہذا مہنگائی کنٹرول کی جائے اور ناجائز منافع خوروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

بیٹیوں کو بھی اعلیٰ تعلیم دلوائیں۔فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

طلباء پر اساتذہ کی قدر و منزلت لازم ہے: حسن علی وسیم

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) فرزند سیالکوٹ کنوینیئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ کامیابی کی منازل طے کرنے والے سٹوڈنٹس باوقار مقام رکھتے ہیں والدین کی جدوجہد اور محنت کی بدولت طالب علم معزز معاشرے کا حصہ بن جاتے ہیں ہم ان اساتذہ کو سیلیوٹ پیش کرتے ہیں جن کی جدوجہد اور کاوشوں کی بدولت ستارے روشن ہو رہے ہیں بیٹیوں کے لیے تعلیم کا حصول ممکن بنانے سے ہی مستقبل روشن ہوسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھگوال اعوان کے بی جی سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر بطور چیف گیسٹ شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ عرفان اللہ وڑائچ، چیئرمین پنجاب کوآپریٹو یونین حسن وسیم، ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی شمس عمران، مبشر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی بہترین تعلیمی ادارہ کی کاوشوں سے دیہی علاقوں میں تعلیم کا معیار مثالی بنتا جارہا ہے تعلیم کے فروغ کے لیے اساتذہ نے جتنی محنت اور جدوجہد کی ہے

نارووال میڈیکل کالج میں پہلی وائٹ کوٹ تقریب کا انعقاد

وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری نے بحثیت مہمان خصوصی شرکت کی، وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی و پرنسپل نارووال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر ظفر چودھری نے مہمانوں کا استقبال کیا

WHITE COAT CER
1st YEAR MBBS 202

شکرگڑھ (عمران عارف سے) نارووال سپورٹس جمنیزیم میں نارووال میڈیکل کالج کی پہلی وائٹ کوٹ سرمنی کا انعقاد کیا گیا جسمیں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری نے بحثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی و پرنسپل نارووال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر ظفر چودھری نے مہمانوں کا استقبال کیا، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، وی سی فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل اور سابق وزیر صحت پنجاب پروفیسر جاوید اکرم نے بھی تقریب میں شرکت کی پرنسپل نارووال میڈیکل کالج ڈاکٹر ظفر چودھری نے نارووال میڈیکل کالج میں داخل ہونے والے طلباء اور انکے والدین کو مبارکباد دی اور انہوں نے کہا کہ نارووال میڈیکل کالج احسن اقبال چودھری کا خواب تھا جو آج حقیقت بن چکا ہے، انکا کہنا تھا کہ پروفیسر احسن اقبال چودھری نے نارووال کو صحیح معنوں میں علم کی بستی بنایا دیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مہمان خصوصی وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری کا کہنا تھا کہ نارووال میڈیکل کالج میں داخل ہونے والے طلباء اور والدین مبارکباد کے مستحق ہیں، آج میرا خواب نارووال میڈیکل کالج کی صورت میں مکمل ہوا ہے، مجھے نارووال کے لوگوں نے میری تعلیم کی بنیاد پر منتخب کیا اور آج میں نے بہترین تعلیم کے تمام تر مواقع نارووال میں پیدا کرکے اپنے اوپر نارووال کی عوام کے احسان کا بدلہ چکا دیا ہے، آج نارووال کے نوجوانوں کیلئے یہاں یونیورسٹی آف نارووال، انجینئرنگ یونیورسٹی اور ویٹرنری یونیورسٹی جیسے اعلی تعلیم کے مواقع موجود ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ میں نے ڈاکٹر ظفر چودھری سے نارووال میڈیکل کالج کو جوائن کرنے کیلئے درخواست کی تھی، مجھے امید ہے کہ انکی قیادت میں نارووال میڈیکل کالج وطن عزیز کا بہترین میڈیکل کا ادارہ بنے گا۔ مجھے نارووال کے نوجوانوں کیلئے سپورٹس سٹی کا منصوبہ بنانے کے جرم میں جیل میں ڈالا گیا، تبدیلی سرکار کے دور میں نارووال میڈیکل کالج کا منصوبہ التواء کا شکار رہا، اور آج اسی سپورٹس کمپلیکس کو ایشین گیمز کیلئے منتخب کیا جارہا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ آج نارووال میڈیکل کالج میں 100 طلبہ مستقبل کے مسیحا بننے کیلئے اپنے سفر کا آغاز کر رہے ہیں، اس کالج کو بنانے کا مقصد میڈیکل کی تعلیم میں ریسرچ کو فروغ دے۔ جدید تحقیق اس کالج کی پہچان ہونی چاہیے احسن اقبال چودھری نے کہا کہ ہم نے نارووال میڈیکل کالج کی فیکلٹی کا چناو میرٹ کی بنیاد پر کیا، اب فیکلٹی ممبران کو چاہیے کہ وہ نارووال میڈیکل کالج میں تعلیم کی بنیاد ماڈرن ریسرچ پر رکھیں، بچوں کو مخاطب کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ بہترین ڈاکٹر بننے کے ساتھ ساتھ آپ کو بہترین لرنر بھی بننا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ نوجوان طلباء کو چاہیے کہ سوشل میڈیا کے پھندے سے خود کو بچائیں، احسن اقبال چودھری نے مزید کہا کہ آج سے دو سال پہلے ملک ڈیفالٹ کے دھانے پر کھڑا تھا آج ہماری سٹاک مارکیٹ میں ریکارڈ بہتری آئی اور آج دو سال کی نسبت آج ملک کے معاشی اشاریے مثبت سمت میں ہیں ہمیں نفرت کو ختم کرکے ایک قوم بننا ہے، ایسی سوچ جو ہم کو پاکستان کے بارے میں بدگمان کرتی ہے ایسی سوچ سے ہمیں نفرت کرنی ہے، نفرت کا پیغام دینے والے پاکستان کے دوست نہیں ہیں نفرت کی بنیاد پر کیے جانے والے پراپیگنڈا سے متاثر ایک نوجوان نے میرے اوپر گولی چلائی تھی۔ انکا کہنا تھا کہ اللہ تعالی نارووال میڈیکل کالج کے طلبا کو ملک وملت کیلئے بہترین سرمایہ بنائے۔ تقریب کے اختتام پر مہمان خصوصی وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال چودھری نے میڈیکل کالج میں داخلہ لینے والے طلبہ اور طالبات کو نارووال میڈیکل کالج کی کیپس بھی پہنائیں، اس موقع پر پنجاب پولیس کے چاق و چوبند دستے نے نارووال میڈیکل کالج کے طلباء اور انکے والدین کو سلامی بھی پیش کی۔

دی لائٹ سکول سسٹم کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

ڈائریکٹر ادارہ حامد عباسی دانیوال نے معززین کے ہمراہ طلباء میں انعامات تقسیم کیے

سمندری (تحصیل رپورٹر) دی لائٹ سکول سسٹم کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات، ڈائریکٹر ادارہ حامد عباسی دانیوال نے معززین کے ہمراہ طلباء میں انعامات تقسیم کیے، تفصیلات کے مطابق دی لائٹ سکول 45 گ ب کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس میں سرپرست ادارہ طارق رضوان، پرنسپل شاہد الرحمن، ساجد رشید اور چوہدری عبد الرشید ایڈووکیٹ سنز، کاشی جی آرٹ، مہمان گرامی محمد کونین کمبوہ پنجاب پولیس، محمد شفیق گجر، غلام حیدر کمبوہ، ڈاکٹر محمد حسنین کمبوہ، عبد الرزاق رزاق کلاتھ ہاؤس والے، Asl محمد شبیر، رانا عباد علی خان، حیدر علی گجر، محمد اعظم راول، حکیم بابر علی راول، محمد ناصر راول، دعثمان وینس، محمد معظم سردار، محمد نعیم عباس، ملک محمد امجد، محمد جعفر علی والہ، محمد کاشف علی و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر ڈائریکٹر ادارہ حامد عباسی دانیوال نے پوزیشن ہولڈر طلباء میں معززین کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے، تقریب میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دی لائٹ سکول سسٹم علاقہ میں معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے مصروف عمل ہے، سینکڑوں کی تعداد میں طلباء کا سکول میں تعلیم حاصل کرنا دی لائٹ سکول سسٹم کی کامیابی کی روشن دلیل ہے

ماڈل بازار سیٹلائٹ ٹاون میں سستا رمضان بازار قائم کیا گیا

اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے رمضان بازار میں صارفین کی سہولیات کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالہ سے تفصیلی دورہ کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر ماڈل بازار سیٹلائٹ ٹاؤن میں سستا رمضان بازار قائم کیا گیا ہے جہاں پر صارفین کو مارکیٹ سے کم نرخوں پر معیاری اشیائے خوردونوش دستیاب ہیں۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے رمضان بازار میں صارفین کی سہولیات کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالہ سے تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف سٹالز پر سرکاری ریٹ لسٹ کے آویزاں ہونے اور اشیاکی مقررہ نرخ پر فروخت سمیت سبزیوں، پھلوں اور اشیائے ضروریہ کی کوالٹی کو چیک کیا۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک میں صارفین کو سستے داموں اشیاکی فروخت کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ رمضان بازاروں میں تمام تر اشیاء ضروریہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے شہری رمضان بازار سے خریداری کریں، اس حوالہ سے تمام امور کی براہ راست نگرانی کی جا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹالز کے معائنہ کے دوران اشیاکی معیار اور مقدار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سبزیوں اور پھلوں کی سستے داموں فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اچانک مرکزی سبزی و فروٹ منڈی کے دورے بھی کئے جارہے ہیں تاکہ ریڑھی بانوں اور دکانداروں کو مناسب قیمتوں پر اشیادستیاب ہوں اور وہ مقرر کردہ ارزاں نرخوں پر عوام کو فروخت کر پائیں۔

''نگہبان رمضان پیکج'' کے تحت ضلع چنیوٹ میں مستحقین کا حق ان کی دہلیز پر فراہم کیا جارہا ہے

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے یونین کونسل 20 متھرومہ سمیت یونین کونسل 15 کے چک 13 کا دورہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ''نگہبان رمضان پیکج'' کے تحت ضلع چنیوٹ میں مستحقین کا حق ان کی دہلیز پر فراہم کیا جارہا ہے۔ پی ایس ای آر کے شفاف، مستند اور حالیہ ڈیٹا کے تحت کم آمدنی والے گھرانوں کو 10 ہزار روپے کا تحفہ ان کی دہلیز پر عزت و احترام کے ساتھ پہنچانے کے لئے تمام انتظامیہ سرگرم عمل ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے یونین کونسل 20 متھرومہ سمیت یونین کونسل 15 کے چک 13 کا دورہ کیا اور مستحقین کی دہلیز پر جا کر رمضان گفٹ تقسیم کئے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں اب تک 6000 مستحقین میں رمضان گفٹ شفاف انداز میں تقسیم کئے جاچکے ہیں۔ آئندہ ایک ہفتہ میں 100 فیصد مستحقین میں پے آرڈر تقسیم کردیئے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران وسٹاف کو فیلڈ میں نکل کر مستحق افراد کی دہلیز تک جانے کا حکم دیا۔ انہوں نے مستحقین سے کہا کہ نگہبان رمضان پیکج کے پے آرڈر کسی بھی بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔ اگر بینک اکاؤنٹ نہیں تو Alpha Pay، ایچ بی ایل کنیکٹ اور یو بی ایل اومنی کے مقامات پر بغیر کسی فیس کے بینکنگ اوقات کے دوران اپنی رقوم فوری حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 14836 کالز موصول ہوئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 14836 کالز موصول ہوئی جس میں 4567 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 6980 غیر متعلقہ اور مس کالز، 3264 معلوماتی، 12 رونگ کالز اور 13 فیک کالز تھیں۔ ایمرجنسی کال کا تناسب 163 کالز فی دن تھا۔ 4567 ایمرجنسیز میں 1021 روڈ ٹریفک حادثات، 3039 میڈیکل، 49 آگ لگنے کے واقعات، 91 کرائم اور 367 متفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1174 افراد متاثر ہوئے جن میں 12 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوئے جبکہ 632 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 530 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔ آگ لگنے کے 49 واقعات ہوئے جن میں 31 کمرشل ایریا، 14 رہائشی علاقے اور 04 دیگر ایریا پیش آئے۔ آگ لگنے کی وجوہات میں شارٹ سرکٹ (20)، گیس لیکیج (01)، دیگر (07)، فائر ورک (02)، نامعلوم (01) اور لاپرواہی (18) بنی۔ ان واقعات میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے تقریباً 27 ملین سے زائد کی پراپرٹی کو محفوظ کیا گیا۔ ریسکیو موٹر بائیک سروس کے ذریعے 2458 ایمرجنسیز پر 3.91 کے ایوریج ریسپانس ٹائم سے بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 2547 افراد کو مدد فراہم کی گئی۔ پیشنٹ ریفرل سسٹم کے تحت ضلع بھر میں 291 مریضوں کو بہتر طبی امداد کے حصول کیلئے منتقل کیا گیا۔ 98 مریضوں کو ضلع بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوکاڑہ منتقل کیا گیا جبکہ 193 افراد کو بہتر طبی امداد کے حصول کیلئے ریسکیو 1122 کے تربیت یافتہ عملہ کے زیرنگرانی میں دوسرے اضلاع کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر جہلم کا سول ہسپتال اور ای این ڈی سینٹر شاندار چوک کا دورہ

اس دوران انہوں نے سول ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ میں زیرِ علاج مریضوں کی عیادت کی

جہلم (بیورو رپورٹ): ڈپٹی کمشنر جہلم سید محمد میثم عباس نے سول ہسپتال اور ای این ڈی سینٹر شاندار چوک کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے سول ہسپتال کی ایمرجنسی وارڈ میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں قائم پناہ گاہ کا بھی معائنہ کیا اور زیر تعمیر ٹراما سینٹر کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے سول اسپتال کی پارکنگ کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے شہریوں سے پارکنگ سے متعلق درپیش مسائل اور شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ بعدازاں، وہ ای این ڈی سینٹر شاندار چوک پہنچے جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میثم عباس نے شہریوں کو بہترین طبی سہولیات اور تمام دستیاب ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے تاکہ مریضوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین پریشان

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رمضان المبارک کے آتے ہی ضلع اوکاڑہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین پریشان بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ تو باقاعدگی سے جاری ہے مرمت اور پرمٹ کے نام پر کئی کئی گھنٹے بجلی بند رہتی ہے عوامی شکایات کے باوجود واپڈا احکام کا دعویٰ ہے کہ عوام کو بجلی کی بلاتعطل ترسیل جاری ہے۔ ماہ رمضان کے آغاز سے قبل محکمہ سوئی گیس کی طرف سے سوشل میڈیا پر مہم چلائی گئی کہ سحری کے وقت اڑھائی بجے سے صبح 8 بجے تک، افطار کے لئے سہ پہر 3 بجے سے رات 10 بجے تک سوئی گیس کی فراہم کی جائے گی صارفین کا کہنا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کے پہلے 2 دنوں میں ہی محکمہ سوئی گیس اپنے اس دعوے پر مکمل عمل نہیں کر سکا۔

ورلڈ وائلڈ لائف ڈے 2025 کی مناسبت سے بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں سیمینار

گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ورلڈ وائلڈ لائف ڈے 2025 کی مناسبت سے بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد تفصیلات کے مطابق ورلڈ وائلڈ لائف ڈے 2025 کی مناسبت سے بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے شعبہ زولوجی نے آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC) کے تعاون سے 2025 کے ورلڈ وائلڈ لائف ڈے کے موقع پر ایک روزہ سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام کا مقصد جنگلی حیات کے تحفظ کے بارے میں آگاہی بڑھانا تھا۔ سیمینار میں جنگلی حیات کی ماہر، محترمہ عائشہ ذوالفقار، لیکچرار شعبہ زولوجی، یونیورسٹی آف جھنگ اور جناب تصدق حسین شاہ، جو کہ سلطان وائلڈ لائف بریڈنگ فارم کے مالک اور جانوروں کے بریڈر ہیں، نے بطور مہمانان اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تجربات پر روشنی ڈالی۔ محترمہ عائشہ ذوالفقار نے کرین کنزرویشن پروجیکٹ پر اپنی تحقیق پیش کی اور پاکستان میں مائیگریٹری پرندوں کے تحفظ کے اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ان پرندوں کی ماحولیاتی اہمیت اور ان کے تحفظ کے لیے جدید سائنسی طریقوں کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر تصدق حسین شاہ نے وائلڈ لائف بریڈنگ سینٹرز کے قیام کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کیں۔

رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مہنگائی و بے روزگاری کی دلدل میں پھنسایا جارہا ہے: محمد نعمان صدیقی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی، ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ اور صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مہنگائی و بے روزگاری کی دلدل میں پھنسایا جارہا ہے، رمضان المبارک کا آغاز ہوتے ہی اشیاء صرف کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ظلم ہے، عوام کو ریلیف دینے کے دعوے دھرے رہ گئے، ذخیرہ اندوزی ناجائز منافع خوروں نے انت مچا دی ہے، صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے حکومتی اقدامات ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر مبنی ہیں، عوام کو گرانفروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا، رمضان المبارک میں مہنگائی کا جن بے قابو حکومتی تدبیریں الٹی ہوگئیں، دکانداروں نے نرخ نامے ہوا میں اڑا دیئے، انہوں نے کہا کہ مہنگائی پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں حکومتی اعلان کردہ رمضان پیکج سے عوام کو ریلیف نہیں ملے گا۔ غریب عوام کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنے کیلئے حکومت کو مستقل بنیادوں پر ریلیف فراہم کرنا ہوگا، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے نمائشی نہیں حقیقی عملی اقدامات کئے جائیں۔

ظفروال محکمہ جنگلات کے ملازمین اور ٹمبر مافیا کا راج، کروڑوں کے قیمتی درخت غائب، ذمہ داران کی مبینہ خاموشی

فرحان وارث فارسٹ گارڈ انچارج اونچا کلاں بیٹ 4 / 5 سال سے درختوں کی غیر قانونی فروخت میں ملوث ہے ذرائع

ظفروال (تحصیل رپورٹر) تفصیلات کے مطابق:- محکمہ جنگلات کے فارسٹ گارڈ انچارج اونچا کلاں فرحان وارث تحصیل ظفروال کی مبینہ ملی بھگت سے اونچا کلاں اور پنڈی دیوانیاں کے جنگلات میں کروڑوں روپے مالیت کے درختوں کی چوری کا سلسلہ نہ رک سکا۔ ٹمبر مافیا کے ساتھ ساز باز اور ملی بھگت سے فرحان وارث سرکاری خزانے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے۔ بڑی مکاری وعیاری کے ساتھ درختوں کی فروخت کا یہ سلسلہ تقریباً 4 / 5 سال سے جاری ہے۔ محکمہ جنگلات کے افسران بھی کارروائی کرنے کی بجائے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ محکمہ جنگلات کے ملازمین اور ٹمبر مافیا کی مبینہ ملی بھگت سے کروڑوں روپے مالیت کے سینکڑوں ٹن وزنی درخت چوری ہو جاتے ہیں یا پھر اونے پونے میں سستے داموں فروخت کر دیے جاتے ہیں اور اکثر بغیر کسی نیلامی، اخبار اشتہار یا ٹینڈر نوٹس کے درخت کٹوا دیے جاتے ہیں۔ ٹمبر مافیا دن دہاڑے بھاری بھرکم درختوں کو کاٹ کر ٹریکٹر ٹرالی پر لوڈ کر کے لے جاتے ہیں اور ان درختوں کو فروخت کر دیا جاتا ہے جس سے خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ محکمہ جنگلات کی جانب سے چوری شدہ درختوں کی پردہ پوشی کیلئے دانستہ بیشتر بڑے درختوں کو نمبر بھی نہیں لگائے جاتے جس کی وجہ سے درخت چوری ہونے کے بعد بھی کوئی سرکاری ریکارڈ موجود نہیں ہوتا۔ فرحان وارث فارسٹ گارڈ انچارج اونچا کلاں کی ملی بھگت سے اس کے منظور نظر ٹمبر مرچنٹ اونچا کلاں کے جنگل سے تقریباً 6 / 7 لاکھ مالیت کے قیمتی درخت کاٹ کر لے جارہے تھے کہ مقامی لوگوں نے فرحان وارث فارسٹ گارڈ اور ٹمبر مافیا کی چوری ناکام بنادی۔

ن لیگ نے ہمیشہ قوم کی خدمت کو اولین ترجیح دی ہے: عبدالمتین اعوان

عوام کو مہنگائی و بے روزگاری سے نجات ہمیشہ کی طرح اب بھی (ن) لیگ ہی دلائیگی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء ملک عبدالمتین اعوان سابق چیئرمین یونین کونسل (5) نے کہا ہے کہ ن لیگ نے ہمیشہ قوم کی خدمت کو اولین ترجیح دی ہے پارٹی قائدین پاکستان کی معاشی خوشحالی و استحکام کیلئے اپنا بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ موجودہ وفاقی اور پنجاب حکومت ملک وقوم کو درپیش موجودہ تمام بحرانوں سے نکال رہی ہے اور اس عمل میں (ن) لیگ کے ورکرز بھی اپنے قائدین کا بھرپور ساتھ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتشار پھیلانا ایک مخصوص سیاسی جماعت کا وطیرہ بن گیا ہے جبکہ مسلم لیگ ن نفرت اور انتشار کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی 'مسلم لیگ (ن) کا نعرہ سیاست نہیں ریاست ہے' قائد نواز شریف ملک وقوم کی تعمیر و ترقی وخوشحالی میں اپنا معاون اور کردار ادا کر رہے ہیں پارٹی قیادت کا نصب العین ہی ملک کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی و خدمت ہے۔ ملک عبدالمتین اعوان نے مزید کہا ہے عوام کو مہنگائی و بے روزگاری سے نجات ہمیشہ کی طرح اب بھی (ن) لیگ ہی دلائیگی۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے مربوط لائحہ عمل مرتب کیا ہے جسے صنعتی و اقتصادی اور تجارتی حلقوں کی طرف سے نہ صرف سراہا گیا ہے بلکہ تمام سیکٹرز حکومتی معاشی بحالی کی جدوجہد میں بھرپور ساتھ دے رہے ہیں۔

انس محسی صدر مسلم سٹوڈنٹس لیگ پاکستان کا ننکانہ میں عہدِ تکمیل پاکستان طلبا افطار ڈنر سے خطاب

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مسلم سٹوڈنٹس لیگ پاکستان کے صدر انس محسی نے آج ننکانہ صاحب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے عہدِ تکمیل پاکستان طلبا افطار ڈنر میں خصوصی شرکت کی اور طلبا سے خطاب کیا اپنے خطاب میں انس محسی نے ننکانہ کے طلبا کو درپیش تعلیمی اور معاشی مسائل پر روشنی ڈالی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ تعلیمی سہولیات کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے رمضان المبارک کی برکات اور اس مہینے سے طلبا کے لیے مثبت استفادے پر بھی گفتگو کی جس میں خود احتسابی، کردار سازی اور اجتماعی بھلائی کے جذبے کو فروغ دینے پر زور دیا※ مزید برآں، انس محسی نے طلبا کو یاد دلایا کہ پاکستان کا قیام ایک نظریے کی بنیاد پر عمل میں آیا تھا اور آج بھی اس کی تکمیل کے لیے نوجوانوں کا متحرک ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم سٹوڈنٹس لیگ پاکستان طلبا کو ایک متحد اور بامقصد پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ ملک و ملت کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں افطار ڈنر میں بڑی تعداد میں طلبا، اساتذہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

چیئرمین امن کمیٹی سہیل محمود کی رہائشگاہ پر افطار ڈنر

رمضان المبارک میں سفید پوش لوگوں کی ضروریات کا ضرور خیال رکھیں: چوہدری سخاوت ڈگرا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) چیئرمین امن کمیٹی سہیل محمود بٹ کی جانب سے ان کی رہائشگاہ پر افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا سابق صدور شہباز احمد کڑھائی والے اور عامر جمیل بٹ ممبر شیخ اعجاز احمد پروفیسر توقیر الزمان شیخ عثمان رشید اور شاہد محمود بٹ نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک اللہ تعالی کی طرف سے امت مسلمہ کیلئے بہت بڑی رحمت ہے جس میں نیکیوں کا اجر کئی گنا بڑھا کر لکھا جاتا ہے دسترخوان کھلا کرنے سے رزق بڑھتا ہے اس بابرکت مہینے میں غریب نادار اور مستحق افراد کا خیال ضرور رکھیں تاکہ وہ بھی رمضان کی خوشیوں میں شریک ہوسکیں۔

سیالکوٹ میں گوشت کے ریٹس میں من چاہا اضافہ سے شہری بلبلا اٹھے

بڑا چھوٹا گوشت مرغی مچھلی پہنچ سے باہر ہیں: نوفل زکریا کھانڈ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) رمضان المبارک کی آمد کیساتھ جہاں ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ و مضافات میں پھلوں سبزیوں کی قیمتوں کو پر لگ چکے ہیں وہیں ضلع سیالکوٹ کے شہری و دیہی علاقہ جات و قصبوں میں مٹن بیف چکن و مچھلی کے ریٹس میں بھی 1 سو روپے سے 2 سو روپے زائد وصول کئے جارہے ہیں۔ ہوشربا مہنگائی کے اثرات میں پرائس کنٹرول کمیٹیوں کا اثر زائل ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گوشت پھل سبزی سمیت اشیائے خوردونوش و مشروبات کے بھی دوکانوں پر اصل قیمت سے سینکڑوں روپے زائد وصول کر رہے ہیں۔ بزنس مین وسماجی شخصیت نوفل زکریا کھانڈ کا کہنا ہے کہ ہماری رہائش اگوکی ماڈل ٹاؤن میں ہے یہاں یہ حالات ہیں کہ رمضان شروع ہوتے ہی پھل فروٹ ہر قسم کا گوشت واجناس وسبزیاں بیس سے لیکر 200 روپے سے بھی زائد کر دی گئیں ہیں۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی آمد روانگی کا علم نہیں اور دوکاندار من مانے ریٹس پر اشیاء خوردونوش دھڑلے سے فروخت کر رہے ہیں۔ لسٹ پر اصرار کریں تو دوکاندار ڈھٹائی سے کہتے ہیں آپ کہیں اور سے لے لیں ہمارے ریٹس اپنے ہیں۔

حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کرکے مخصوص کردہ ٹائم میں داد رسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آکر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تضحیک ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلاجھجک میرے دفتر تشریف لائیں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

حکومتی احکامات کے باوجود گرانفروشی عروج پر

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ملک میں چینی کی سپلائی اور قیمت کے کنٹرول کے حوالے سے اجلاس ہوا، جس میں انہوں نے حکام کو چینی کی قیمتوں پر کنٹرول کے حوالے سے سخت اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو چینی کی پیداوار کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ اس وقت ملک میں چینی کا وافر سٹاک موجود ہے۔ صوبائی سطح پر چینی کی ارزاں نرخوں پر فروخت کیلئے فیئر پرائس شاپس قائم کی گئی ہیں، چینی کی سمگلنگ کے مکمل خاتمے کیلئے سمگلرز کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں مہنگائی کے سدباب کیلئے موثر اور جامع کریک ڈاؤن کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو گراں فروشی کے خلاف فوری موثر مہم چلانے اور سٹال اور دکانوں پر سرکاری نرخ نامے آویزاں کرنے کی پابندی پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ صوبائی دارالحکومت میں جہاں وزیراعلیٰ مریم نواز خود سب سے زیادہ سرگرم نظر آرہی ہیں رمضان کے آغاز ہی میں اشیائے ضروریہ سمیت پھلوں اور سبزیوں کے نرخ کئی گنا بڑھا دیئے گئے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق رمضان سے ایک روز قبل کیلا 120 روپے درجن سیب 2 سے ڈھائی سو روپے فی کلو سٹرابری 2 سے تین سو روپے فی کلو فروخت ہورہی تھی رمضان شروع ہوتے ہی کیلا ڈھائی سے تین سو روپے درجن سیب تین سے ساڑھے تین سو روپے سٹرابری 5 سے ساڑھے پانچ سو روپے فی کلو جبکہ کھجور درجہ اول دوم اور سوم کی کم سے کم قیمت ڈھائی سو اور زیادہ سے زیادہ ساڑھے پانچ سو روپے کی ڈھائی سو گرام) ایک پاؤ (مقرر کی گئی ہے جس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تمام تر حکومتی اقدامات کے باوجود گراں فروش مافیا پوری طاقت کے ساتھ سرگرم ہے اور اس نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیئے۔ سٹال اور دکانوں پر سرکاری نرخ نامے تو موجود ہیں مگر سرکاری مقرر کردہ قیمتوں کے مطابق کوئی چیز فروخت نہیں کی جارہی۔ بازاروں اور مارکیٹوں میں چھاپہ مار ٹیموں یا پرائس کنٹرول کمیٹی کے پہنچنے پر عوام کو کچھ ریلیف مل جاتا ہے لیکن انکے جاتے ہی دکانداروں کی من مانیاں شروع ہو جاتی ہیں۔ جب تک گرانفروشوں کیخلاف ٹھوس اقدامات نہیں کئے جاتے نہ مافیا پر قابو پایا جاسکتا ہے نہ مہنگائی کنٹرول کی جاسکتی ہے۔ اس تناظر میں ایران کی مثال ہمارے سامنے موجود ہے جس نے مہنگائی پر قابو پانے میں ناکامی پر اپنے وزیرخزانہ کا مواخذہ کیا ہے۔ اگر اسی طرح کے اقدامات ہمارے ہاں بھی کئے جائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ مہنگائی اور مافیا پر قابو نہ پایا جاسکے۔ اسی طرح چینی سمگلروں اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف بھی سخت کارروائی کی ضرورت ہے جس کیلئے وزیراعظم بھی ہدایات جاری کرچکے ہیں۔ بدقسمتی سے چینی مافیا اور سمگلرز کی سرپرستی کرنے والے کئی بااثر لوگوں کی اقتدار کے ایوانوں تک رسائی ہوتی ہے حکومت ان کیخلاف کارروائی عمل میں لاکر چینی کی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی پر قابو پاسکتی ہے۔ اس کیلئے حکومت کو بلاامتیاز کارروائی عمل میں لانا ہوگی۔

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں چینی کی سپلائی اور قیمت کے کنٹرول کے حوالے سے اجلاس ہوا، جس میں انہوں نے حکام کو چینی کی قیمتوں پر کنٹرول کے حوالے سے سخت اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو چینی کی پیداوار کے حوالے سے بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ اس وقت ملک میں چینی کا وافر سٹاک موجود ہے۔ صوبائی سطح پر چینی کی ارزاں نرخوں پر فروخت کیلئے فیئر پرائس شاپس قائم کی گئی ہیں، چینی کی سمگلنگ کے مکمل خاتمے کیلئے سمگلرز کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں مہنگائی کے سدباب کیلئے موثر اور جامع کریک ڈاؤن کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو گراں فروشی کے خلاف فوری موثر مہم چلانے اور سٹال اور دکانوں پر سرکاری نرخ نامے آویزاں کرنے کی پابندی پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ صوبائی دارالحکومت میں جہاں وزیراعلیٰ مریم نواز خود سب سے زیادہ سرگرم نظر آرہی ہیں رمضان کے آغاز ہی میں اشیائے ضروریہ سمیت پھلوں اور سبزیوں کے نرخ کئی گنا بڑھا دیئے گئے ہیں۔ ایک سروے کے مطابق رمضان سے ایک روز قبل کیلا 120 روپے درجن سیب 2 سے ڈھائی سو روپے فی کلو سٹرابری 2 سے تین سو روپے فی کلو فروخت ہورہی تھی رمضان شروع ہوتے ہی کیلا ڈھائی سے تین سو روپے درجن سیب تین سے ساڑھے تین سو روپے سٹرابری 5 سے ساڑھے پانچ سو روپے فی کلو جبکہ کھجور درجہ اول دوم اور سوم کی کم سے کم قیمت ڈھائی سو اور زیادہ سے زیادہ ساڑھے پانچ سو روپے کی ڈھائی سو گرام) ایک پاؤ (مقرر کی گئی ہے جس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ تمام تر حکومتی اقدامات کے باوجود گراں فروش مافیا پوری طاقت کے ساتھ سرگرم ہے اور اس نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیئے۔ سٹال اور دکانوں پر سرکاری نرخ نامے تو موجود ہیں مگر سرکاری مقرر کردہ قیمتوں کے مطابق کوئی چیز فروخت نہیں کی جارہی۔ بازاروں اور مارکیٹوں میں چھاپہ مار ٹیموں یا پرائس کنٹرول کمیٹی کے پہنچنے پر عوام کو کچھ ریلیف مل جاتا ہے لیکن انکے جاتے ہی دکانداروں کی من مانیاں شروع ہوجاتی ہیں۔ جب تک گرانفروشوں کیخلاف ٹھوس اقدامات نہیں کئے جاتے نہ مافیا پر قابو پایا جاسکتا ہے نہ مہنگائی کنٹرول کی جاسکتی ہے۔ اس تناظر میں ایران کی مثال ہمارے سامنے موجود ہے جس نے مہنگائی پر قابو پانے میں ناکامی پر اپنے وزیرخزانہ کا مواخذہ کیا ہے۔ اگر اسی طرح کے اقدامات ہمارے ہاں بھی کئے جائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ مہنگائی اور مافیا پر قابو نہ پایا جاسکے۔ اسی طرح چینی سمگلروں اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف بھی سخت کارروائی کی ضرورت ہے جس کیلئے وزیراعظم بھی ہدایات جاری کرچکے ہیں۔ بدقسمتی سے چینی مافیا اور سمگلرز کی سرپرستی کرنے والے کئی بااثر لوگوں کی اقتدار کے ایوانوں تک رسائی ہوتی ہے حکومت ان کیخلاف کارروائی عمل میں لاکر چینی کی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی پر قابو پاسکتی ہے۔ اس کیلئے حکومت کو بلاامتیاز کارروائی عمل میں لانا ہوگی۔

بھارت اپنی ناکامیوں پر غور تو کرے

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

بھارت نے کلبھوشن یادیو اور ابھی نندن کی گرفتاریوں اور پاکستانی حدود میں گرفتار ہونے اور اقوام عالم میں اپنی سبکی اور شرمندگی کو مٹانے کے لیے بہت بار پاکستان کے خلاف کام کیا لیکن تاریخ ایسے واقعات کو ہمیشہ اپنے اندر محفوظ رکھتی ہے اور اس میں بھارت کے پاس کہنے کے لیے کچھ نہیں وقت کا دھارہ کبھی نہ کبھی انہیں اس شرمندگی کا احساس دلاتا رہے گا آئیں آج 3مارچ 2016 کو یاد کرتے اور اپنے قومی ہیروز کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں بھارت ہمیشہ سے دوسرے ممالک میں دہشتگردی کی سرپرستی میں پیش پیش رہتا ہے اور اس گھناونے جرم کا منہ بولتا ثبوت کلبھوشن یادیو کی شکل میں دنیا کے سامنے 3 مارچ 2016 کو آشکار ہو چکا ہے۔ پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے انتہائی پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ کلبھوشن کو دہشتگردی میں ملوث رنگے ہاتھوں پکڑا۔ اس سے پہلے تاریخ میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں دہشتگردی میں کسی انٹیلی جنس ایجنسی کا حاضر سروس آفیسر کسی اور ملک میں رنگے ہاتھ پکڑا گیا ہو۔ یہ سب کچھ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسی کی پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے جس نے سرعام دنیا کے سامنے بھارت کے ناپاک عزائم عیاں کئے اور اس کی انٹیلی جنس ایجنسی را کے افسروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان چھوڑ دیئے۔ بھارتی جاسوسوں کی پیش ورانہ مہارت صرف بالی وڈ کی فلموں تک ہی محدود ہے۔ کلبھوشن یادیو کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسی نے پاکستانی سرزمین پر رنگے ہاتھوں پکڑا اور اسکا دہشت گردی کا تمام نیٹورک ایکسپوز کیا جو معصوم پاکستانیوں کی جانوں کے درپے میں تھا اور اس کے تمام گھناونے عزائم اس کے سامنے رکھے جو اس نے من و عن تسلیم کر لئے۔ یہ کامیابی جو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے حاصل کی ہے اس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی اور اس کاونٹر ٹررزم آپریشن کو تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ بھارت کے مذموم عزائم آشکار کرنے پر پاکستان اور بلخصوص پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کو دنیا بھر میں پزیرائی ملی۔ بھارت تاحیات اس بدنما داغ کو اپنے ساتھ لے کر جیے گا لہذا امید کی جاسکتی ہے کہ بھارت کسی دوسرے ملک میں دہشت گردی سے پہلے ہزار مرتبہ ضرور سوچے گا۔ اس کے برعکس پاکستان نے کلبھوشن یادیو کو اسکی ماں اور اسکی بیوی سے انسانی ہمدردی کی بنا پر ملوانے کا اہتمام کیا جبکہ کلبھوشن ہزاروں بے گناہ پاکستانیوں کے قتل میں ملوث ہے۔ بھارت اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی مستقل ممبرشپ تو چاہتا ہے مگر وہ خود دوسرے ممالک میں دہشت گردی کا مرتکب ہے لہذا ایسے میں وہ کسی بھی قسم کے عہدے کے قابل ہرگز نہیں ہے۔ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیز اپنے ملک کے ذرے ذرے کی حفاظت کریں گی اور کسی بھی منفی طاقت کو اپنی سرزمین پر میلی نگاہ نہیں ڈالنے دیں گی۔ 3مارچ 2016 کو کلبھوشن کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے بلوچستان میں رنگے ہاتھوں گرفتار کیا بھارتی را ایجنٹ کلبھوشن یادیو کی گرفتاری بھارت کا دہشت گردی میں ملوث ہونے کا ثبوت کلبھوشن یادیو کی شکل میں موجود بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیز کی اج تک نیندیں حرام ہیں، پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کی عالمی کامیابی کلبھوشن سے جعلی دستاویزات)پاسپورٹ، آئی ڈی کارڈ (وغیرہ برآمد کئے گئے تھے ویڈیو پیغام میں کلبھوشن نے پاکستان میں بھارتی دہشت گردی کی سرگرمیوں کا اعتراف کیا پاکستان انٹیلی جنس ایجنسیز کی مہارت نے بھارتی دہشت گردی کے ثبوت دنیا کے سامنے رکھ دیئے بھارت دنیا کے سامنے اپنا امن پسند ہونے کا ڈھونگ چھوڑ دے دوسرے ملکوں میں دہشت گردی پھیلانے والا بھارت امن پسند کیسے ہوسکتا ہے؟ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیز اپنے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے 3 مارچ 2016 کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے اپنی پیش وارانہ صلاحیت سے کلبھوشن یادیو کو بلوچستان سے گرفتار کیا تھا۔ پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے انتہائی مہارت سے کلبھوشن اور اسکے دہشتگرد نیٹ ورک کو پکڑا اور دنیا کے سامنے آشکار کیا پاکستان فوج اور پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے دن رات محنت کر کے کلبھوشن کو گرفتار کیا تھا جو ایک کامیاب کاونٹر ٹررزم آپریشن تھا جو دنیا بھر میں پہچانا جاتا ہے۔ پاکستان انٹیلی جنس ایجنسیز کا یہ کامیاب کاونٹر ٹررزم آپریشن دنیا بھر کے نامورا انٹیلی جنس سکولوں کے نصاب کا حصہ بنے گا کلبھوشن کی تفتیش کی بنیاد پر متعدد گرفتاریاں بھی ہوئی ہیں جن سے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی پر بہت حد تک قابو پالیا گیا ہے۔ کلبھوشن کی نشاندہی پر متعدد بھارتی ایجنٹ اور انکے رابطہ کار بھی پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کے دائرے میں پھنس کر گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ بھارت مقبوضہ کشمیر میں اپنے مظالم سے عالمی توجہ ہٹانے کی خاطر اور چین، پاکستان اقتصادی راہداری کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں میں مصروف ہے۔ کلبھوشن کی صورت میں پاکستان کو ٹھوس ثبوت حاصل ہو چکا ہے پاکستان نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کلبھوشن یادیو کی ماں اور اسکی بیوی کو اس سے ملوانے کا اہتمام کیا کلبھوشن نے یہ انکشاف کیا کہ اسکے رابطے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور بھارتی سلامتی امور کے مشیر اجیت دوول سے تھے۔ وہ براہ راست پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے سے متعلق احکامات اجیت دوول سے پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے کلبھوشن یادیو کی گرفتاری سے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ بے شک دنیا کی بہترین انٹیلی جنس ایجنسیز میں سے ہیں اور انہوں نے ہر محاذ پر اپنا لوہا منوایا ہے۔

بھارت نے کلبھوشن یادیو اور ابھی نندن کی گرفتاریوں اور پاکستانی حدود میں گرفتار ہونے اور اقوام عالم میں اپنی سبکی اور شرمندگی کو مٹانے کے لیے بہت بار پاکستان کے خلاف کام کیا لیکن تاریخ ایسے واقعات کو ہمیشہ اپنے اندر محفوظ رکھتی ہے اور اس میں بھارت کے پاس کہنے کے لیے کچھ نہیں وقت کا دھارہ کبھی نہ کبھی انہیں اس شرمندگی کا احساس دلاتا رہے گا آئیں آج 3مارچ 2016 کو یاد کرتے اور اپنے قومی ہیروز کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں بھارت ہمیشہ سے دوسرے ممالک میں دہشتگردی کی سرپرستی میں پیش پیش رہتا ہے اور اس گھناونے جرم کا منہ بولتا ثبوت کلبھوشن یادیو کی شکل میں دنیا کے سامنے 3 مارچ 2016 کو آشکار ہو چکا ہے۔ پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے انتہائی پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ کلبھوشن کو دہشتگردی میں ملوث رنگے ہاتھوں پکڑا۔ اس سے پہلے تاریخ میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں دہشتگردی میں کسی انٹیلی جنس ایجنسی کا حاضر سروس آفیسر کسی اور ملک میں رنگے ہاتھ پکڑا گیا ہو۔ یہ سب کچھ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسی کی پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے جس نے سرعام دنیا کے سامنے بھارت کے ناپاک عزائم عیاں کئے اور اس کی انٹیلی جنس ایجنسی را کے افسروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان چھوڑ دیئے۔ بھارتی جاسوسوں کی پیش ورانہ مہارت صرف بالی وڈ کی فلموں تک ہی محدود ہے۔ کلبھوشن یادیو کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسی نے پاکستانی سرزمین پر رنگے ہاتھوں پکڑا اور اسکا دہشت گردی کا تمام نیٹورک ایکسپوز کیا جو معصوم پاکستانیوں کی جانوں کے درپے میں تھا اور اس کے تمام گھناونے عزائم اس کے سامنے رکھے جو اس نے من و عن تسلیم کر لئے۔ یہ کامیابی جو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے حاصل کی ہے اس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی اور اس کاونٹر ٹررزم آپریشن کو تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ بھارت کے مذموم عزائم آشکار کرنے پر پاکستان اور بلخصوص پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کو دنیا بھر میں پزیرائی ملی۔ بھارت تاحیات اس بدنما داغ کو اپنے ساتھ لے کر جیے گا لہذا امید کی جاسکتی ہے کہ بھارت کسی دوسرے ملک میں دہشت گردی سے پہلے ہزار مرتبہ ضرور سوچے گا۔ اس کے برعکس پاکستان نے کلبھوشن یادیو کو اسکی ماں اور اسکی بیوی سے انسانی ہمدردی کی بنا پر ملوانے کا اہتمام کیا جبکہ کلبھوشن ہزاروں بے گناہ پاکستانیوں کے قتل میں ملوث ہے۔ بھارت اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کی مستقل ممبرشپ تو چاہتا ہے مگر وہ خود دوسرے ممالک میں دہشت گردی کا مرتکب ہے لہذا ایسے میں وہ کسی بھی قسم کے عہدے کے قابل ہرگز نہیں ہے۔ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیز اپنے ملک کے ذرے ذرے کی حفاظت کریں گی اور کسی بھی منفی طاقت کو اپنی سرزمین پر میلی نگاہ نہیں ڈالنے دیں گی۔ 3مارچ 2016 کو کلبھوشن کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے بلوچستان میں رنگے ہاتھوں گرفتار کیا بھارتی را ایجنٹ کلبھوشن یادیو کی گرفتاری بھارت کا دہشت گردی میں ملوث ہونے کا ثبوت کلبھوشن یادیو کی شکل میں موجود بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیز کی اج تک نیندیں حرام ہیں، پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کی عالمی کامیابی کلبھوشن سے جعلی دستاویزات)پاسپورٹ، آئی ڈی کارڈ (وغیرہ برآمد کئے گئے تھے ویڈیو پیغام میں کلبھوشن نے پاکستان میں بھارتی دہشت گردی کی سرگرمیوں کا اعتراف کیا پاکستان انٹیلی جنس ایجنسیز کی مہارت نے بھارتی دہشت گردی کے ثبوت دنیا کے سامنے رکھ دیئے بھارت دنیا کے سامنے اپنا امن پسند ہونے کا ڈھونگ چھوڑ دے دوسرے ملکوں میں دہشت گردی پھیلانے والا بھارت امن پسند کیسے ہوسکتا ہے؟ پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیز اپنے لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے 3 مارچ 2016 کو پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے اپنی پیش وارانہ صلاحیت سے کلبھوشن یادیو کو بلوچستان سے گرفتار کیا تھا۔ پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے انتہائی مہارت سے کلبھوشن اور اسکے دہشتگرد نیٹ ورک کو پکڑا اور دنیا کے سامنے آشکار کیا پاکستان فوج اور پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے دن رات محنت کر کے کلبھوشن کو گرفتار کیا تھا جو ایک کامیاب کاونٹر ٹررزم آپریشن تھا جو دنیا بھر میں پہچانا جاتا ہے۔ پاکستان انٹیلی جنس ایجنسیز کا یہ کامیاب کاونٹر ٹررزم آپریشن دنیا بھر کے نامورا انٹیلی جنس سکولوں کے نصاب کا حصہ بنے گا کلبھوشن کی تفتیش کی بنیاد پر متعدد گرفتاریاں بھی ہوئی ہیں جن سے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی پر بہت حد تک قابو پالیا گیا ہے۔ کلبھوشن کی نشاندہی پر متعدد بھارتی ایجنٹ اور انکے رابطہ کار بھی پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز کے دائرے میں پھنس کر گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ بھارت مقبوضہ کشمیر میں اپنے مظالم سے عالمی توجہ ہٹانے کی خاطر اور چین، پاکستان اقتصادی راہداری کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں میں مصروف ہے۔ کلبھوشن کی صورت میں پاکستان کو ٹھوس ثبوت حاصل ہو چکا ہے پاکستان نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کلبھوشن یادیو کی ماں اور اسکی بیوی کو اس سے ملوانے کا اہتمام کیا کلبھوشن نے یہ انکشاف کیا کہ اسکے رابطے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی اور بھارتی سلامتی امور کے مشیر اجیت دوول سے تھے۔ وہ براہ راست پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے سے متعلق احکامات اجیت دوول سے پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیز نے کلبھوشن یادیو کی گرفتاری سے یہ ثابت کیا

بے عزتی زلنسکی کی ہوئی یا ٹرمپ کی؟

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

کیمروں کے سامنے بٹھا کر امریکی صدر ٹرمپ نے اپنے نائب صدر کی معاونت سے یوکرین کے صدر زلنسکی کی جو بے عزتی کی ہے وہ دنیا بھر میں زیر بحث ہے۔ اس حوالے سے میرے بھی کچھ ''دانشورانہ'' خیالات ہیں۔ ان کے تمامتر پہلوؤں کے اظہار کے لئے مگر ایک کالم کافی نہیں۔ کلیدی نکتہ جس پر لوگوں نے توجہ نہیں دی میری دانست میں زلنسکی کی نہیں بلکہ بائیڈن کی بے عزتی تھی۔ ٹرمپ کو صدارتی انتخاب جیتے ہوئے تین سے زیادہ ماہ گزر چکے ہیں۔ اس کی جبلت میں شامل منتقم المزاج شخص مگر اپنے پیشرو کو ابھی تک بھولنے اور بخشنے کو تیار نہیں۔ جو بائیڈن کو وہ امریکی تاریخ کا ''احمق ترین صدر'' گردانتا ہے۔ اسے گماں ہے کہ اگر 2020ء کا انتخاب اس سے ''چرایا'' نہ گیا ہوتا تو پوٹن کبھی یوکرین پر حملہ ا? ور نہ ہوتا۔ روسی صدر نے درحقیقت ''نالائق'' بائیڈن کی وائٹ ہاؤس میں موجودگی کا فائدہ اٹھایا۔ روس کے یوکرین پر حملے کا ''احمق بائیڈن'' کو ذمہ دار ٹھہرانا سراسر زیادتی ہے۔ اسی باعث یوکرین کا صدر اسے یاد دلانے کو مجبور ہوا کہ روس نے یوکرین میں دراندازی اوبامہ کے دورِ صدارت ہی میں شروع کردی تھی۔ ٹرمپ اس کے بعد صدر منتخب ہوا تب بھی اس نے یوکرین کی ہتھیائی زمین اسے لوٹائی نہیں۔ جو رقبہ روس نے ہڑپ کیا تھا اس میں کریمیا کا جزیرہ بھی شامل ہے۔ یہ جزیرہ کبھی خلافت عثمانیہ کا حصہ تھا۔ اس کے زوال کے بعد روس اس پر قابض ہوگیا تھا۔ روسی شہنشاہیت اور خلافت عثمانیہ کی تاریخ فی الوقت بھلا دیتے ہیں۔ غور طلب یہ حقیقت ہے کہ پوٹن سے محبت سے زیادہ زلنسکی سے کیمروں کے روبرو مباحثہ کرتے ہوئے بنیادی طور پر امریکہ کا صدر اور نائب صدر بائیڈن کو حقارت کا نشانہ بنائے ہوئے تھے۔ کیمرہ ڈونلڈ ٹرمپ کی کمزوری ہے۔ کاروباری اعتبار سے بہت ذہین اور کامیاب نہ ہونے کے باوجود اس نے نیویارک کے میڈیا میں ''دوست'' تلاش کئے۔ مقامی اخبارات میں امیر لوگوں کی دعوتوں کے بارے میں جو کالم لکھے جاتے ہیں ٹرمپ اپنے دوستوں کی بدولت اکثر ان میں نمایاں طور پر قابل ذکر رہتا۔ خودنمائی کی ہوس نے اسے RealtyTV کی دنیا تک پہنچادیا۔ وہاں وہ ایسے پروگرام کا میزبان ہوا جس کے شرکاء کے مابین کامیاب کاروباری نسخے دریافت کرنے کا مقابلہ ہوتا۔ جو شریک پروگرام منافع بخش مگر قابل عمل منصوبہ پیش کرنے میں ناکام رہتا ٹرمپ اسے نہایت رعونت سے You FiredAre کہتے ہوئے پروگرام سے فارغ کردیتا Apprentice(اپرنٹس) نام کا یہ پروگرام پورے 16برس تک چلتا رہا۔ اس کی وجہ سے ٹرمپ کو میڈیا میں چھائے رہنے کا ہر ڈھب ا? تا ہے۔ ہنرابلاغ پر کامل گرفت کی وجہ سے امریکی معاشرے کے قدامت پرست شمار ہوتے حلقوں میں وہ انتہائی غیر اخلاقی حرکتوں کے ارتکاب کے باوجود قابل قبول ہوا۔ یوکرین کے صدر کی ڈانٹ ڈپٹ کے بعد اسی تناظر میں یہ کہنے سے باز نہیں ا? یا کہ کیمروں کے روبرو ہوئے اس واقعہ نے ''اچھائی وی (شو)'' بنا دیا ہے۔ ٹرمپ کی بائیڈن سے منتقم المزاج نفرت لیکن میرا دردسر نہیں۔ حیران میں اس وقت ہوا جب سوشل میڈیا پر چھائے میرے بے تحاشہ ''انقلابی'' ہم وطن اس امر پر حسرت کا اظہار کرتے پائے گئے کہ جس وقت ٹرمپ اپنے نائب صدر کے ساتھ مل کر وائٹ ہاؤس ا? ئے مہمان کی بے عزتی کر رہا تھا تو وہاں زلنسکی کے بجائے پاکستان کا کوئی اہم عہدے دار بیٹھا ہونا چاہیے تھا۔ جوانی میں یہ بدنصیب بھی ''انقلابی'' رہا ہے۔ اپنے حکمران طبقات اور ہر نوع کی اشرافیہ کو ا? ج بھی صدق دل سے خودغرض اور قابل تنقید محسوس کرتا ہوں۔ 2014ء سے بتدریج ہمارے ہاں صحافت کے روایتی ذرائع میں کھل کر لکھنے کی گنجائش ختم ہوچکی ہے اور پھونک پھونک کر لکھنے سے اکتاہٹ نہیں بلکہ شرمندگی محسوس ہوتی ہے۔ مذکورہ جذبات کے باوجود نہایت دیانتداری سے اپنے کسی صدر، وزیراعظم یا ریاستی ادارے کے سربراہ سے شدید نفرت کے ہوتے ہوئے بھی کبھی اس خواہش کا اظہار نہیں کیا کہ اسے کسی دوسرے ملک کا طاقت ور تسلیم ہوا صدر تذلیل کا نشانہ بنائے۔ مذکورہ خواہش کا اظہار کسی بھی حوالے سے ''حب الوطنی'' کا دعویٰ نہیں ہے۔ کسی غیر ملکی کے ہاتھوں اپنے حاکم کی بے عزتی سے حظ اٹھانا درحقیقت میری کمزوری ہی کو اجاگر کرے گا۔ یہ پیغام دے گا کہ میں خود تو ہار کر بکری ہوگیا مگر اب جوش ملیح ا? بادی کے ایک مصرعہ کے مطابق ''اللہ جرمن کی توپوں میں کیڑے پڑیں'' والا رویہ اختیار کرلیا ہے۔ سوشل میڈیا کی وجہ سے میسر گمنامی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ''انقلابی روپ'' دھارنا میری دانست میں ''احتیاط'' نہیں بزدلی ہے۔ ہمارے ہاں ا? زادی اظہار پر جو قدغنیں یا ریڈ لائنز ہیں انہیں کئی بار عبور کرکے نوکریاں گنوائی ہیں۔ اب بھی میرے چند ساتھی ایسے امتحان سے گزر رہے ہیں۔ میں بھی شاید بہت دیر تک اقبال کی بتائی ''عقل'' کی طرح لب بام کھڑا محو تماشہ نہ رہ سکوں۔ ایک منتقم المزاج اور خود پرست غیر ملکی کے ہاتھوں مگر اپنے بدترین دشمن کی بھی تذلیل برداشت نہیں کرسکوں گا۔ اس گماں میں مبتلا ہونے سے قطعاً گریز سے کام لوں گا کہ جیسے اس نے ''میرا بدلہ'' لے لیا ہے۔ نئی نسل کے ''انقلابی'' جن کے Bulge سے میرے بہت ہی پڑھے لکھے دوست خیر کی امیدیں باندھے ہوئے ہیں تاہم ''دوسروں'' کے ہاتھوں'' وہ سب ہوتا دیکھنے کے خواہاں ہیں جو بذاتِ خود کرنے کے قابل نہیں رہے۔ ایسے ''انقلاب'' کو دور سے سلام۔ امریکہ اور یوکرین کے سربراہوں کے مابین ہوا ڈرامہ مجھے پہلے امریکہ اور بعدازاں پاکستان کی اندرونی سیاست میں الجھا گیا۔ کالم کے ا? غاز ہی میں لیکن عرض کردیا تھا کہ کیمروں کے روبرو RealtyTV کے مہافنکار ٹرمپ نے جس انداز میں یوکرین کے صدر کی بے عزتی کی ہے وہ دنیا میں ہیجان وخلفشار کو مزید بھڑکائے گا۔ امریکہ کے قریب ترین اتحادی بھی اب مشکل وقت میں خود کو کاملاً تنہا محسوس کریں گے۔ برطانیہ امریکہ کا حاکم رہا ہے۔ 1980ء کی دہائی سے مگر اسے واشنگٹن کی ہاں میں ہاں ملانے والے ادنیٰ کارندے کی طرح دیکھا جارہا ہے۔ برطانیہ کے وزیراعظم کی بھی ٹرمپ نے واشنگٹن میں کیمروں کے سامنے ''کلاس'' لینے کی کوشش کی۔ موصوف سفارت کارانہ مہارت سے بچ گئے۔ واشنگٹن سے لندن لوٹتے ہی مگر برطانیہ کے وزیراعظم نے یوکرین کے صدر کو اپنے ہاں بلاکر روس کے خلاف مزاحمت پر ڈٹے رہنے کو سراہا۔ برطانیہ اور امریکہ کے مابین یہ تاریخی خلیج کا اظہار ہے اور اس کے اثرات سے دنیا کے کئی ممالک محفوظ نہیں رہ پائیں گے۔

پھونک پھونک کر لکھنے سے اکتاہٹ نہیں بلکہ شرمندگی محسوس ہوتی ہے۔ مذکورہ جذبات کے باوجود نہایت دیانتداری سے اپنے کسی صدر، وزیراعظم یا ریاستی ادارے کے سربراہ سے شدید نفرت کے ہوتے ہوئے بھی کبھی اس خواہش کا اظہار نہیں کیا کہ اسے کسی دوسرے ملک کا طاقت ور تسلیم ہوا صدر تذلیل کا نشانہ بنائے۔ مذکورہ خواہش کا اظہار کسی بھی حوالے سے ''حب الوطنی'' کا دعویٰ نہیں ہے۔ کسی غیر ملکی کے ہاتھوں اپنے حاکم کی بے عزتی سے حظ اٹھانا درحقیقت میری کمزوری ہی کو اجاگر کرے گا۔ یہ پیغام دے گا کہ میں خود تو ہار کر بکری ہوگیا مگر اب جوش ملیح ا? بادی کے ایک مصرعہ کے مطابق ''اللہ جرمن کی توپوں میں کیڑے پڑیں'' والا رویہ اختیار کرلیا ہے۔ سوشل میڈیا کی وجہ سے میسر گمنامی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ''انقلابی روپ'' دھارنا میری دانست میں ''احتیاط'' نہیں بزدلی ہے۔ ہمارے ہاں ا? زادی اظہار پر جو قدغنیں یا ریڈ لائنز ہیں انہیں کئی بار عبور کرکے نوکریاں گنوائی ہیں۔ اب بھی میرے چند ساتھی ایسے امتحان سے گزر رہے ہیں۔ میں بھی شاید بہت دیر تک اقبال کی بتائی ''عقل'' کی طرح لب بام کھڑا محو تماشہ نہ رہ سکوں۔ ایک منتقم المزاج اور خود پرست غیر ملکی کے ہاتھوں مگر اپنے بدترین دشمن کی بھی تذلیل برداشت نہیں کرسکوں گا۔ اس گماں میں مبتلا ہونے سے قطعاً گریز سے کام لوں گا کہ جیسے اس نے ''میرا بدلہ'' لے لیا ہے۔ نئی نسل کے ''انقلابی'' جن کے Bulge سے میرے بہت ہی پڑھے لکھے دوست خیر کی امیدیں باندھے ہوئے ہیں تاہم ''دوسروں'' کے ہاتھوں'' وہ سب ہوتا دیکھنے کے خواہاں ہیں جو بذاتِ خود کرنے کے قابل نہیں رہے۔ ایسے ''انقلاب'' کو دور سے سلام۔ امریکہ اور یوکرین کے سربراہوں کے مابین ہوا ڈرامہ مجھے پہلے امریکہ اور بعدازاں پاکستان کی اندرونی سیاست میں الجھا گیا۔ کالم کے ا? غاز ہی میں لیکن عرض کردیا تھا کہ کیمروں کے روبرو TV Realty کے مہافنکار ٹرمپ نے جس انداز میں یوکرین کے صدر کی بے عزتی کی ہے وہ دنیا میں ہیجان وخلفشار کو مزید بھڑکائے گا۔ امریکہ کے قریب ترین اتحادی بھی اب مشکل وقت میں خود کو کاملاً تنہا محسوس کریں گے۔ برطانیہ امریکہ کا حاکم رہا ہے۔ 1980ء کی دہائی سے مگر اسے واشنگٹن کی ہاں میں ہاں ملانے والے ادنیٰ کارندے کی طرح دیکھا جارہا ہے۔ برطانیہ کے وزیراعظم کی بھی ٹرمپ نے واشنگٹن میں کیمروں کے سامنے ''کلاس'' لینے کی کوشش کی۔ موصوف سفارت کارانہ مہارت سے بچ گئے۔ واشنگٹن سے لندن لوٹتے ہی مگر برطانیہ کے وزیراعظم نے یوکرین کے صدر کو اپنے ہاں بلاکر روس کے خلاف مزاحمت پر ڈٹے رہنے کو سراہا۔ برطانیہ اور امریکہ کے مابین یہ تاریخی خلیج کا اظہار ہے اور اس کے اثرات سے دنیا کے کئی ممالک محفوظ نہیں رہ پائیں گے۔

وزیراعظم کا کامیاب دورہ وسطی ایشیا!!

تحریر: حیدر علی

دنیا جہاں ٹیکنالوجی کی ترقی کے بعد ایک گلوبل ولیج کی حیثیت اختیار کر چکی ہے وہیں ترقی یافتہ ممالک مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے نئے بلاکس کے تحت اپنے معاشی اور تجارتی اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ خصوصا حالیہ چند سالوں میں وسطی ایشیائی خطہ پوری دنیا کی نگاہوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ترکی، آذربائیجان، ترکمانستان، ازبکستان جہاں سیاحت کے ذریعے دنیا کو اپنی جانب متوجہ کر رہے ہیں وہیں معیشت اور ترقی کیلئے بھی نئے اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ یوں تو پاکستان کے اقوام عالم سے تعلقات مضبوط ہیں لیکن وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف کی کامیاب خارجہ پالیسی کی بدولت نہ صرف دوست ممالک بلکہ وسطی ایشیائی ممالک سے بھی تعلقات میں مزید گرمجوشی پیدا ہورہی ہے۔ گزشتہ دِنوں ہی پاکستان کے معزز مہمان اور دوست ترک صدر رجب طیب ایردوان اپنی اہلیہ کے ہمراہ پاکستان کا کامیاب دورہ کر کے گئے اور دونوں ممالک میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ اسی طرح گزشتہ سال آذربائیجان کے صدر عزت مآب الہام علیوف نے بھی دورہ پاکستان پر دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ خصوصا آستانہ میں بھی ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف اور آذربائیجان کے صدر الہام علی یوف نے سہ فریقی ملاقات میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیساتھ ساتھ سہ فریقی تجارت کے حوالے سے بھی اتفاق کیا تھا۔ اس موقع پر بھی وزیراعظم شہباز شریف نے تینوں ممالک کے مابین معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں سی فریقی تعاون کو فروغ دینے کیلئے حکمت عملی ترتیب دینے کی ضرورت پر بھی بھرپور زور دیا تھا۔ خصوصا پاکستان ترکیہ اور آذربائیجان میں معیشت، توانائی، سیاحت، موسمیات، ثقافت، تعلیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سہ فریقی تعاون کے فروغ کے حوالے سے بھی پاکستان کا موقف اور آمادگی ظاہر کی تھی۔ اسی تسلسل میں وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف دوروزہ سرکاری دورہ پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو پہنچے تو وزیراعظم شہبازشریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم کی آذربائیجان کے صدر سے ملاقات میں دونوں راہنماؤں نے تعلقات کو مزید فروغ دینے کیساتھ ساتھ نئے معاہدوں پر بھی اتفاق کیا جن میں توانائی، انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری اور رابطے کے شعبے شامل ہیں جبکہ آذربائیجان کے صدر نے مختلف اہم معاہدوں پر دستخط کے لیے وزیراعظم کی اپریل 2025 میں دورہ پاکستان کی دعوت بھی قبول کرلی۔ وزیراعظم کے حالیہ دورہ وسطی ایشیا میں جو چیز متاثر کن اور حوصلہ افزا ثابت ہوئی ہے وہ وزیراعظم کا بزنس فورم کی تقاریب سے خطاب اور انعقاد ہے۔ بزنس فورم کے ذریعے پاکستان میں مزید بیرونی سرمایہ کاری کے دروازے بھی کھلیں گے۔ وزیراعظم محمد شہبازشریف دوروزہ دورہ آذربائیجان مکمل کر کے جب ازبکستان پہنچے تو وہاں بھی وزیراعظم محمد شہبازشریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ ازبک صدر سے ملاقات میں دونوں ممالک میں مزید سرمایہ کاری، رابطوں کے شعبوں سمیت مختلف منصوبوں کے معاہدے کئے گئے۔ ازبکستان میں بھی بزنس فورم کی تقریب سے دونوں راہنماؤں کا خطاب حوصلہ افزا اور مستقبل کے حوالے سے دونوں ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کو ثابت کرتا ہے۔ وسطی ایشیائی ممالک دنیا میں ایک نئی پہچان کے ساتھ ابھر رہے ہیں خصوصا پاکستان میں چین کی جانب سے سی پیک منصوبے کے بعد چین کے بھی وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے مزید مضبوط ہورہے ہیں۔ جس طرح پاکستان، چین، ترکیہ، ازبکستان، آذربائیجان کے تعلقات مزید مضبوط ہورہے ہیں اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے تجارتی معاہدے کئے جارہے ہیں مستقبل میں بہت جلد بڑی معاشی منڈیاں ثابت ہوں گی۔ اس حوالے سے سابق وزیراعظم اور صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نوازشریف کی بھی کاوشیں شامل ہیں میاں محمد نوازشریف کے سابق وزارت عظمیٰ کے دور میں چین، ترکیہ اور وسطی ایشیائی ممالک میں تعاون اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے حوالے سے میاں صاحب نے بھی 2016 میں وسطی ایشیا کا دورہ کیا تھا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے حالیہ دوروں اور دوطرفہ نئے معاہدوں سے نہ صرف پاکستان کے وسطی ایشیائی ممالک سے روابط مضبوط ہوں گے بلکہ پاکستان میں مزید بین الاقوامی سرمایہ کاری سے معیشت بھی مضبوط ہوگی۔

دنیا جہاں ٹیکنالوجی کی ترقی کے بعد ایک گلوبل ولیج کی حیثیت اختیار کرچکی ہے وہیں ترقی یافتہ ممالک مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے نئے بلاکس کے تحت اپنے معاشی اور تجارتی اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ خصوصا حالیہ چند سالوں میں وسطی ایشیائی خطہ پوری دنیا کی نگاہوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ترکی، آذربائیجان، ترکمانستان، ازبکستان جہاں سیاحت کے ذریعے دنیا کو اپنی جانب متوجہ کر رہے ہیں وہیں معیشت اور ترقی کیلئے بھی نئے اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ یوں تو پاکستان کے اقوام عالم سے تعلقات مضبوط ہیں لیکن وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف کی کامیاب خارجہ پالیسی کی بدولت نہ صرف دوست ممالک بلکہ وسطی ایشیائی ممالک سے بھی تعلقات میں مزید گرمجوشی پیدا ہورہی ہے۔ گزشتہ دِنوں ہی پاکستان کے معزز مہمان اور دوست ترک صدر رجب طیب ایردوان اپنی اہلیہ کے ہمراہ پاکستان کا کامیاب دورہ کر کے گئے اور دونوں ممالک میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ اسی طرح گزشتہ سال آذربائیجان کے صدر عزت مآب الہام علیوف نے بھی دورہ پاکستان پر دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ خصوصا آستانہ میں بھی ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان، وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف اور آذربائیجان کے صدر الہام علی یوف نے سہ فریقی ملاقات میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیساتھ ساتھ سہ فریقی تجارت کے حوالے سے بھی اتفاق کیا تھا۔ اس موقع پر بھی وزیراعظم شہباز شریف نے تینوں ممالک کے مابین معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں سی فریقی تعاون کو فروغ دینے کیلئے حکمت عملی ترتیب دینے کی ضرورت پر بھی بھرپور زور دیا تھا۔ خصوصا پاکستان ترکیہ اور آذربائیجان میں معیشت، توانائی، سیاحت، موسمیات، ثقافت، تعلیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سہ فریقی تعاون کے فروغ کے حوالے سے بھی پاکستان کا موقف اور آمادگی ظاہر کی تھی۔ اسی تسلسل میں وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہبازشریف دوروزہ سرکاری دورہ پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو پہنچے تو وزیراعظم شہبازشریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم کی آذربائیجان کے صدر سے ملاقات میں دونوں راہنماؤں نے تعلقات کو مزید فروغ دینے کیساتھ ساتھ نئے معاہدوں پر بھی اتفاق کیا جن میں توانائی، انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری اور رابطے کے شعبے شامل ہیں جبکہ آذربائیجان کے صدر نے مختلف اہم معاہدوں پر دستخط کے لیے وزیراعظم کی اپریل 2025 میں دورہ پاکستان کی دعوت بھی قبول کرلی۔

غریب اور مسکین کو ہنر بھی سکھائیں، مگر کھانا کھلانا تو بند نہ کریں

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

آجکل سوشل میڈیا پر ایک مہم چلی ہوئی ہے کہ پاکستان میں لوگ غریبوں، مسکینوں اور حاجت مندوں کے لئے لنگر چلا کر، مفت کھانا تقسیم کر کے ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں، جو شاید معاشرہ پر بوجھ ہیں یا کوئی ہنر نہیں سیکھنا چاہتے کہ خود کما سکیں۔ ہمارے خیال میں کوئی بھی ہنر سیکھ کر محنت سے روزی کمانا نہ صرف بہترین کام ہے بلکہ لائق تحسین بھی ہے۔ مگر جب کسی معاشرہ میں معاشی افراط وتفریط اور اونچ نیچ بڑھ جائے، ذرائع پیداوار اور روزگار محدود ہو جائیں، چلتی معشیت کا پہیہ رک جائے، لوگ اپنی ذاتی اور بچوں کی چھوٹی چھوٹی ضروریات پوری کرنے سے عاجز آجائیں اور بھوک و افلاس سے پریشان ہو کر خود کشیاں کرنے لگ جائیں، تو معاشرہ کے صاحب حثیت لوگوں کو سوچنا پڑے گا کہ ان بھوک سے بلبلاتے لوگوں کو پہلے ہنر سکھائیں یا انکو زندہ رکھنے کے لئے کھانا کھلائیں۔ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری الہامی کتاب ہے جو تقریباً ساڑھے چودہ سو سال پہلے اللہ کے آخری نبی اور رسول محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ سے زیادہ انسانوں کے بارے میں باخبر اور انکا ہمدرد کون ہو سکتا ہے۔ وہ علیم وخبیر ہستی تو جانتا تھا کہ ہر زمانے اور ہر دور میں امیروں کے ساتھ غریب اور ضرورت مند بھی موجود ہوں گے۔ قرآن کریم میں متعدد مرتبہ صریح اور واضح آیات نازل ہوئیں کہ غریب، مسکین، یتیم اور بھوکے کو کھانا کھلاو اور اس کھانا کھلانے کے صلہ میں کبھی جنت کی بشارت دی تو کبھی دوزخ کی آگ سے رہائی کی۔ کبھی کسی دشوار گزار گھاٹی کو عبور کرایا اور کبھی ان گنت صلہ واجر کی خوشخبری سنائی۔ 29ویں پارہ کی سورہ المعارج میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، کہ انسان تھڑ دلا پیدا کیا گیا ہے، جب اس پر مصیبت آتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے اور جب اسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے، تو بخل کرنے لگتا ہے۔ مگر وہ لوگ اس عیب سے بچے ہوئے ہیں، جو نماز پڑھنے والے ہیں، جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں، جن کے مالوں میں سائل اور محروم کا ایک حق مقرر ہے۔ اس سے بالکل پچھلی سورہ مبارکہ الحاقہ میں یہی مضمون ایک الگ انداز سے بیان ہوا ہے۔ کہ روز قیامت جسکا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، وہ کہے گا، کاش میرا نامہ اعمال مجھے دیا ہی نہ گیا ہوتا، اور یہ کہ آج میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا، اور میرا سارا اقتدار آج ختم ہوگیا۔ حکم ہوگا، کہ اسے پکڑو اور اسکی گردن میں طوق ڈال دو اور پھر اسے جہنم میں جھونک دو، پھر اسکو ستر گز لمبی زنجیر میں جکڑ دو، کیونکہ یہ نہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان لاتا تھا، اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا تھا۔ سورہ مدثر میں تو اللہ تعالیٰ جنت اور دوزخ والوں کے درمیان ایک مکالمہ بھی کراتے ہیں۔ اہل جنت دوزخ والوں سے پوچھتے ہیں کہ تمہیں دوزخ میں کیا چیز لے گئی تو وہ جواب میں کہتے ہیں، کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے اور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔ سورہ الدھر میں اہل بیت اطہار بارے فرمان الٰہی ہے کہ " جولوگ صرف اللہ کی محبت میں مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں، جو نہ اسکا کوئی بدلہ چاہتے ہیں، نہ شکریہ، اللہ تعالیٰ انہیں اس دن کے شر سے بچالے گا اور انہیں تازگی اور سرور بخشے گا۔" سورہ البلد میں یوں فرمایا، " کہ تم کیا جانو وہ دشوار گزار گھاٹی کیا ہے، کسی گردن کو غلامی سے چھڑانا، یا فاقے کے دن کسی قریبی یتیم یا خاک نشین مسکین کو کھانا کھلانا۔ سورہ الفجر میں یوں فرمایا کہ " جب اللہ تعالیٰ انسان کو یوں آزماتا ہے کہ اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے، تو وہ کہنے لگتا ہے، کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کردیا۔ ایسا نہیں ہے بلکہ اسکی وجہ یہ ہے کہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے اور نہ ہی مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو۔ اور سورہ الماعون میں یہ ارشاد ہوا، کہ تم نے دیکھا اس شخص کو جو یتیم کو دھکے دیتا ہے، اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب بھی نہیں دیتا۔ یہ سب احکامات الٰہی قرآن کریم میں جگہ جگہ موجود ہیں۔ اللہ کریم تو جانتے تھے کہ ہر دور کے غریب اور مسکین کو کھانے کی ضرورت ہوگی اور یہ کام اس دور کے اہل ثروت ہی کر سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ کھانا کھلانے والا عمل اس قدر پسند ہے کہ اسکا اجر دوزخ سے رہائی اور جنت کی بشارت ہے۔ آقا کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم اس طرح ہے، کہ سلام کو عام کرو، نماز اس وقت ادا کرو جب لوگ میٹھی نیند سو رہے ہوں، اور غریب اور مسکین کو کھانا کھلاو، سلامتی سے جنت میں داخل ہو جاو گے۔ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک اور ارشاد مبارک یہ بھی ہے، کہ بہترین صدقہ بھوکے کو کھانا کھلانا ہے۔ غریبوں اور مسکینوں کو ضرور ہنر سکھائیں، روزگار کے مواقع پیدا کریں، مگر صرف کھانا کھلا کر اتنے سستے میں ملتی جنت کو تو نہ ٹھکرائیں۔ اگر ہم وسیع پیمانے پر لنگر یا کھانے کا انتظام نہیں کر سکتے، تو صرف کسی ایک بھوکے یا غرض مند کو ہی روزانہ کھانا کھلا دیں۔ گھروں میں کام کرنے والے ملازموں کو بھی گرم اور تازہ روٹی سالن ہی دے دیں۔ گھر کے باہر گلی میں بیٹھے چوکیدار یا گارڈ کو ہی کھانا کھلا دیں، یا کسی بھوکے اور مسکین کو ڈھونڈ کر کھانا ہی کھلا دیں۔ آجکل بعض لوگ بازاروں میں سڑکوں پر سوال ہی کھانا کھلانے کا کرتے ہیں، کسی قریبی ہوٹل پر یا ڈھابے پر کچھ پیسے دیکر انہیں پیٹ بھر کر کھانا ہی کھلا دیں۔ ہر مانگنے والے کو مشکوک نہ سمجھیں۔ رمضان المبارک میں کسی غریب، بھوکے، حاجت مند، بیوہ اور یتیم کے گھر چند دنوں کا راشن ہی بجھوا دیں، اور پھر کبھی نہ ختم ہونے والی اللہ کی رحمتیں اور برکتیں گنتے جائیں۔ جس بستی میں لوگ غریبوں اور مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہوں، اللہ کریم تو وہاں سے عذاب بھی ٹال دیتے ہیں۔ اسکی رحمتوں اور برکتوں کا تو شمار ہی کیا۔

میرا لاہور کا پروفیشنل دور (حصہ پنجم)

تشنہ اظہار
واشنگٹن: اظہر زمان
azharzaman@gmail.com

روزنامہ جنگ میرا ہمیشہ پسندیدہ ادارہ تھا جہاں میں نے اپنے تمام قریبی دوستوں کو ایک دو کے سوا یہ موقع دیا کہ ان کی باری آنے تک میں نے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ ایک پروگرام کسی غیر معمولی کام کرنے والی خاتون جرنلسٹ کے لئے منظور ہوا تھا۔ میں نے پوچھ گچھ کی تو روزنامہ جنگ کے نیوز روم میں ایک شفٹ انچارج خاتون فرح وڑائچ کام کر رہی تھی جسے میں ذاتی طور پر نہیں جانتا تھا۔ اس پروگرام میں دو تین ماہ کی مہلت تھی۔ میں نے اپنے دوست اور جنگ کے تب چیف نیوز ایڈیٹر خاور نعیم ہاشمی سے رابطہ کیا اور ان کے ذریعے مس فرح سے تعارف کیا۔ میں نے اصل مقصد نہیں بتایا لیکن اسے کہا کہ میرے لئے خاتون شفٹ انچارج انوکھی بات ہے۔ میں جنگ آتا رہتا ہوں۔ آپ شفٹ کیسے ہولڈ کرتی ہیں اسے دیکھنے کے لئے کبھی آپ کے نیوز روم میں چائے پینے کو آسکتا ہوں۔ ظاہر ہے اس نے بہت خوش دلی سے یہ دعوت دی۔ میں اس کی شفٹ کے دوران نیوز روم جاتا رہا۔ اس سے اچھے تعلقات بن گئے تو میں نے کہا کہ میں آپ کے کام سے بہت متاثر ہوا ہوں اور سوچ رہا ہوں کہ آنے والے کسی پروگرام کے لئے آپ کو نامزد کروں اس طرح وہ نامزد ہوئی اور امریکہ کا چکر لگا آئی۔ نامزدگی میں ایک اور دلچسپ معاملہ یہ ہوا کہ میرے شہر اوکاڑہ بلکہ ہمارے محلے کا مجھ سے چھوٹا ایک لڑکا لاہور میں ایک اخبار کا رپورٹر بن گیا۔ مجھے پتہ چلا وہ کافی محنتی اور قابل تھا۔ میں نے اسے نامزد کرنے کا سوچا اور اپنے دفتر بلایا۔ اتنا عرصہ گزر چکا تھا اس نے مجھے نہ پہچانا۔ جب اس کی نامزدگی کے سب مراحل فائنل ہو گئے تو میں نے اپنے محلے کا حوالہ دیا، ظاہر ہے اسے سب پتہ چل گیا۔ یہ میں ذکر کر رہا ہوں نیویارک کے نامور صحافی محسن ظہیر کا جو آج بھی میری بہت عزت کرتا ہے۔ میں بہت شرمندہ ہوتا تھا جب وہ نیویارک میں نون لیگ میں اپنے دوستوں اور سرکردہ لیڈروں کو یہ کہہ کر میرا تعارف کراتا تھا کہ ان کی وجہ سے میں یہاں ہوں ورنہ میں اس وقت اوکاڑہ کی گلیوں میں ٹوٹے ہوئے موٹر سائیکل پر چکر لگا رہا ہوتا۔ انفارمیشن ایڈوائزر کے طور پر میڈیا سے دوطرفہ رابطے کا دائرہ اسلام آباد کو چھوڑ کر لاہور سمیت پورے پنجاب تک پھیلا ہوا تھا۔ میڈیا پروگراموں کے لئے امریکہ کی وزٹ کے لئے اسی ذمہ داری کے تحت میں ہر سال چیدہ چیدہ جرنلسٹوں کو نامزد کرتا تھا اور ایسا کبھی نہیں ہوا کہ میرے نامزد کردہ افراد کو اسلام آباد میں ہونے والی ملک گیر میٹنگز میں یا واشنگٹن کی طرف سے مسترد کیا گیا ہو۔ اس ریجن کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی انتظامیہ یا اس کے اہم ارکان کو جب بھی امریکی حکومت سے کوئی کام پڑتا تو وہ مجھ سے ہی رجوع کرتے تھے۔ ہمارا تو اطلاعات کا شعبہ تھا جس کا ویزے سے تو کوئی تعلق نہیں تھا۔ لیکن پروٹوکول کے تحت ہمارے پاس کچھ اختیارات تھے۔ امریکی سسٹم میں سفارش نہیں چلتی لیکن ریفرل کا ایک سسٹم ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہم کوشش کرتے تھے کہ میڈیا کے شعبے میں مالکان اہم ایڈیٹر اور سینئر افراد کو اگر وہ اپنے طور پر امریکہ جانا چاہیں تو انہیں پوری سہولت دی جائے۔ اے کیٹگری کا ریفرل مالکان چیف ایڈیٹر یا انتہائی سینئر جرنلسٹس کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ ہم اگر وہ جاری کردیں تو ایسے افراد کا انٹرویو نہیں ہوتا۔ ویزے کا اختیار تو ویزا آفیسر کو ہوتا ہے لیکن ہم اپنے ڈرائیور کے ذریعے جن افراد کے پاسپورٹ فارم کے ہمراہ بھجواتے تھے ان پر ویزا لگ کر آجاتا تھا اور ان وی آئی پی میڈیا افراد کو قونصلیٹ بھی نہیں جانا پڑتا تھا۔ دوسرے درجے کے سینئر میڈیا افراد کے لئے ہم بی کیٹگری کا ریفرل جاری کرتے تھے جن کو قونصلیٹ انٹرویو دینے کے لئے جانا تو پڑتا تھا لیکن ان سے خصوصی سلوک ہوتا اور عام حالات میں ان کا ویزا لگ جاتا تھا۔ میں نے اس اختیار کو ہمیشہ ذمہ داری سے استعمال کیا جس کی وجہ سے میڈیا کے اہم افراد ہم سے مطمئن ہی رہے۔ پاکستانی حکومت کی بیوروکریسی یا حکومتی عہدیدار ظاہر ہے ہمارے انفارمیشن کے شعبے سے باہر تھے۔ ان کی نامزدگی بھی یو ایس آئی ایس کرتی تھی لیکن ایک سمجھوتے کے تحت پھر طے ہوا کہ پاکستانی حکومت کسی پروگرام کے لئے امیدواروں کی فہرست خود فراہم کرے گی اور امریکی ادارے کو اختیار ہوگا کہ وہ اس فہرست میں سے کسے نامزد کرتا ہے۔ یہ بتانا اس لئے پڑ رہا ہے کہ بیوروکریسی کے ایک پروگرام کے لئے فیصل آباد کے ڈپٹی کمشنر طارق فاروق کا نام زیر غور آیا تو سنٹر ڈائریکٹر مسٹر پیپر نے) جو فیصل آباد میں میرے ایڈیٹر رہنے کے پس منظر سے آگاہ تھا (مجھ سے پوچھا کہ کیا میں ان کا انٹرویو کرنے فیصل آباد جاسکتا ہوں۔ میں نے حامی بھرلی۔ میں اپنی بیگم اور بچوں کے ساتھ سرکاری گاڑی میں فیصل آباد چلا گیا جہاں کے فائیو سٹار ہوٹل سیرینا میں ہم نے دو راتیں قیام کیا۔ طارق فاروق صاحب کے گھر وزٹ کر کے انٹرویو کے نام پر ان سے مسلسل گپ شپ جاری رکھی اور موقع کا فائدہ اٹھا کر میں نے فیصل آباد پریس کلب میں مقامی میڈیا کے ارکان کے ساتھ خصوصی میٹنگ کی۔ طارق فاروق صاحب انتہائی شریف اور قابل بیوروکریٹ تھے جنہوں نے مجھے بہت متاثر کیا جن کی میں نے بہت اچھی رپورٹ لکھی اور انہوں نے اس پروگرام کے تحت امریکہ کا چکر بھی لگا لیا۔ وہ بعد میں اسلام آباد میں وفاقی سیکرٹری کے طور پر ریٹائر ہوئے۔ جب بھی امریکی سفیر کی لاہور آمد ہوتی تو ان کے لئے عموماً بہت وسیع دعوت ہوتی جہاں میڈیا کے مہمانوں کو ڈیل کرنے کے لئے شرکت کرنا ہوتی تھی لیکن پروٹوکول کا دائرہ سب مہمانوں تک پھیل جاتا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ سابق صدر فاروق لغاری اور سابق گورنر سلمان تاثیر سیاست میں تو معروف تھے لیکن امریکی حلقوں میں ان کی زیادہ پہچان نہ تھی۔ ایک ایسی ہی دعوت میں وہ اکٹھے آئے اور ہال کے ایک طرف کونے میں کھڑے ہو گئے۔ میری ان کے ساتھ معمولی سی شناسائی تھی۔ میں ان کی طرف گیا اور ان کو ساتھ لے کر امریکی سفیر رابرٹ اوکلے سے ان کا تعارف کرایا جس کے بعد وہ بہت اطمینان کے ساتھ سب سے گپ شپ میں مصروف ہو گئے۔)جاری ہے(

خان صاحب!۔۔۔کیا آپ کی بھی کچھ حدود ہیں؟

عرفان صدیقی

بے برگ وثمر خطوط نویسی سے اکتا کر، عمران خان نے معروف امریکی جریدے ٹائم کے لئے ایک مضمون تحریر کیا ہے۔ یہ مضمون دراصل کس نے لکھا؟ کیسے ٹائم تک پہنچا؟ تحقیق وتفتیش کے کن مراحل سے گزر کر ٹائم اِس نتیجے پر پہنچا کہ یہ واقعی اڈیالہ جیل میں قید عمران خان کی تحریر ہے؟ یہ سب سوالات اہم سہی لیکن سامنے کی حقیقت یہ ہے کہ مضمون عمران خان کے نام سے شائع ہوا اور انہوں نے اسے اپنے مضمون کے طور پر قبول کرلیا۔ اندھی عقیدت اور سیاسی عصبیت کو ایک طرف رکھتے ہوئے، محض ایک کھرے پاکستانی کی حیثیت سے یہ مضمون پڑھا جائے تو افسوس ہوتا ہے کہ پاکستان کا ایک سیاسی راہنما، زخم خوردہ ہی سہی، دنیا کے سامنے اپنے وطن کا کیا نقشہ پیش کر رہا ہے؟ ساتھ ہی یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ ریاست، انتظامیہ، عدلیہ، مقننہ، قومی سلامتی کے اداروں اور مقتدر شخصیات کی پشت پر پیہم تازیانے برسانے اور انہیں اپنی حدود وقیود (Boundaries) میں رہنے کا درس دینے والے عمران خان، چاہتے کیا ہیں؟ یہ کڑوا گھونٹ ان کے حلق میں کیوں اٹک کر رہ گیا ہے کہ اپریل 2022 میں اسی ایوان نے ان پر عدمِ اعتماد کر دیا جس نے اگست 2018 میں ان کی تاج پوشی کی تھی۔ شاید ان کے دل میں تیرِ نیم کش کی دردانگیز خلش کا سبب، شکست خواب کا یہ نوحہ ہے کہ جنرل باجوہ نے ان کے اس شجرِ آرزو پر کلہاڑا چلا دیا، جسے جنرل فیض حمید نے، اپنے نہیں، دوسروں کے خون پسینے سے سینچا تھا۔ وہ ابھی تک انگاروں پر لوٹ رہے ہیں کہ کیوں چشم زدن میں کم وبیش دو عشروں کے اقتدارِ کلی کا منصوبہ، ریت کے گھروندے کی طرح بیٹھ گیا۔ تین سال گذر جانے کے بعد بھی ان کے زخم پر موم نہیں آیا۔ آیا بھی تو انہوں نے بے ہنر ناخنِ تدبیر سے کھرچ ڈالا۔ ٹائم کے مضمون میں بنیادی انسانی حقوق کی پامالی اور جمہوریت کشی کی مکروہات میں لت پت پاکستان کا چہرہ مسخ کرنے کی کوشش میں عمران خان نے بعض بے بنیاد اور خلافِ حقیقت انکشافات بھی کئے ہیں۔ پی۔ٹی۔آئی کے راہنماں کو حکومت سے مذاکرات کی اجازت دینے کی داستان بیان کرتے ہوئے وہ اپنی فراخ قلبی کا تذکرہ کرتے اور بتاتے ہیں کہ جواب میں انہیں اڈیالہ جیل سے نکال کر ہاس اریسٹ کی پیشکش کی گئی جو انہوں نے مسترد کردی۔ یہ سراسر بے بنیاد اور من گھڑت بات ہے۔ مذاکراتی عمل کے دوران کسی مرحلے پر، حکومتی کمیٹی نے، پیشکش تو کیا، اِس نوع کا کوئی اشارا تک نہیں دیا۔ اِس رعایت اور خان صاحب کے مردانہ وار اِنکار کی کہانی، مذاکراتی عمل کے آغاز سے بہت پہلے بیان کی جارہی تھی۔ کوئی نہیں بتا رہا کہ یہ پیشکش کب ہوئی؟ کس نے کی؟ کس ذریعے سے اڈیالہ جیل پہنچی؟ اور خان صاحب کی طرزِ انکار کیا تھی؟ پاک فوج کو کٹہرے میں لانے کی کوشش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔۔۔ دنیا کو پاکستان کی صورتِ حال پر توجہ دینی چاہیے جہاں، جمہوریت سے انحراف کے باعث، بالخصوص خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں، ایک بار پھر دہشت گردی نے سر اٹھا لیا ہے۔ یہ سب کچھ محض اتفاقیہ نہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ک بھارتی خاتون سے ملاقات، انصاف کی یقین دہانی) ملکی سلامتی کو درپیش اِس سنجیدہ خطرے) دہشت گردی کا خاتمہ (پر توجہ دینے کے بجائے پاکستانی فوج کے وسائل، سیاسی مخالفین، جیسے پی۔ٹی۔آئی، سے انتقام لینے کی مہم میں جھونک دیئے گئے ہیں (دوسروں کو اپنی حدود وقیود کا احساس دلانے کی ناصحانہ خصلت سے کام لیتے ہوئے فرماتے ہیں) یہ بات اہم ہے کہ پاکستان کے آرمی چیف، سید عاصم منیر، اس امر کو تسلیم کریں اور اس کا احترام کریں کہ فوج اپنی آئینی حدود میں رہے (پاکستان کو مالی مشکلات کی دلدل میں دھکیلنا، اسے دیوالیہ پن کے گڑھے میں پھینکنا اور شدید نوعیت کے سنگلاخ اقتصادی بحران میں مبتلا کر کے اپنے سیاسی مفادات کی جوئے شیر بہا لانے کی کوشش کرنا ان کی سیاسی حکمتِ عملی کا اہم جزو رہا ہے۔ اقتدار سے محروم ہوتے ہی انہوں نے شوکت ترین کے ذریعے خیبر پختون خوا اور پنجاب کے وزرائے خزانہ کو آئی۔ایم۔ایف ڈیل سبوتاژ کرنے پر اکسایا۔ فروری 2024 میں بہ نفسِ نفیس آئی۔ایم۔ایف کی ڈائریکٹر جنرل کرسٹالینا جارجیوا کو خط لکھا کہ امداد، انتخابات کے آڈٹ سے مشروط کر دی جائے۔ مارچ 2024 میں قیادت کے حکم پر پی۔ٹی۔آئی کے کارکنوں نے واشنگٹن میں آئی۔ایم۔ایف ہیڈکوارٹر کے سامنے مظاہرہ کر کے، عالمی ادارے پر پاکستان کی امداد بند کرنے کے لئے دباؤ ڈالا۔ ٹائم کے تازہ مضمون میں بھی انہوں نے فن کارانہ انداز میں توجہ دلائی ہے کہ پاکستان کی موجودہ صورتِ حال کی روشنی میں یورپی یونین، پاکستانی برآمدات کے ترجیحی محصولات کی رعایت واپس لے سکتی ہے۔ مزید کہا کہ علاقائی اور عالمی سلامتی کے حوالے سے اہم مقام رکھنے والا پاکستان، ایک خطرناک نظیر بنتا جا رہا ہے۔ یہ صورتِ حال ان سب کے لئے باعثِ تشویش ہونی چاہیے جو جائز حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں۔ پاکستان کو ہر زاویے سے مطعون کرنے اور اس کے چہرے کے ایک ایک مسام میں کالک بھرنے کے بعد، ان کا قلم لپکا ایک جوئے نغمہ خواں بن جاتا ہے۔ وہ نومنتخب امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ پر داد وتحسین کے فراخ دلانہ ڈونگرے برساتے ہوئے لکھتے ہیں۔۔۔ میں جنوری میں حلف اٹھانے والے امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ کو دِل کی گہرائیوں سے مبارک پیش کرتا ہوں۔ وائٹ ہاس میں ان کی شاندار واپسی، امریکی عوام کے عزم وارادہ کا ثبوت ہے۔۔ اب جبکہ وہ دوبارہ منصبِ صدارت پر فائز ہوئے ہیں، ہمیں توقع ہے کہ ان کی انتظامیہ، جمہوریت، انسانی حقوق اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں سے اپنی وابستگی کا مظاہرہ کرے گی۔ خاص طور پر ان ممالک کے حوالے سے جہاں اِن اصولوں کو آمرانہ حکومتوں سے خطرات درپیش ہیں۔ حقیقی آزادی اور غلامی نامنظور جیسے جنوں خیز نعروں کو طاق پر رکھتے ہوئے انہوں نے سائفر والے امریکہ کے حضور، بصد عجزونیاز عرضی گزار دی ہے۔ دیکھئے اِس پر کیا گذرتی ہے۔ اپریل 2022 سے ماہیءِ بے آب کی کیفیت میں مبتلا عمران خان، بلاشبہ آج کل، بے مہر موسموں کی زد میں ہیں لیکن کون سا سیاستدان ہے جو اِن موسموں کے قہر کا نشانہ نہیں بنا؟ کسی کے نامۂ اعمال میں نہ کوئی 9 مئی ہے نہ 26 نومبر، نہ سینکڑوں صفحات پر مشتمل خطوط نہ عالمی جریدوں میں لکھے جانے والے دشنام نامے۔ عمران خان اقتدار میں تھے تو بھی، سیاسی، اخلاقی، تہذیبی، جمہوری اور پارلیمانی، حدود وقیود کو پاں کی ٹھوکر میں رکھا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

gettyimages
Credit: Rich Storry

ویسٹ پام بیچ: پام بیچز کے CACTI پارک میں موسم بہار کے تربیتی کھیل کی پہلی اننگز کے دوران ہیوسٹن آسٹروس کے جیک میئرز 6# واشنگٹن نیشنلز کے خلاف فلائی بال پکڑ رہے ہیں

ٹوکیو میراتھوں ایتھوپین رنر نے جیت لی، جیو کے اینکر سمیت 20 سے زائد پاکستانی بھی شریک ہوئے

ٹوکیو (زیڈ این این) دنیا کی سات بڑی میراتھونز میں سے ایک ٹوکیو میراتھون ایتھوپیا کے ٹیڈسی ٹیکلیلے نے جیت لی۔ ایتھوپیا کے ٹیڈسی ٹیکلیلے نے مقررہ فاصلہ 2 گھنٹے 3 منٹ 23 سیکنڈز میں طے کیا جبکہ ایتھوپیا ہی کے ڈریسا گیلیلا دوسرے اور کینیا کے وسنٹ کیپکیموئی نگیچ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ ٹوکیو میراتھون میں مجموعی طور پر 23 پاکستانی شریک تھے، جیو نیوز کے اینکر محمد جنید نے بھی ٹوکیو میراتھون میں حصہ لیا۔ اسلام آباد کے بلال احسن تیز ترین پاکستانی رہے جنہوں نے 42 عشاریہ دو کلومیٹر کی دوڑ تین گھنٹے 21 منٹ اور 32 سیکنڈز میں مکمل کی۔ حامد بٹ دوسرے اور بلال سعید پاکستانیوں میں تیسرے تیز ترین رنر رہے۔ اسپیشل اولمپکس کیلئے فنڈز اکھٹے کرنے والے فیصل شفیع نے دوڑ تین گھنٹے 41 منٹ میں مکمل کی۔ خواتین رنرز میں پاکستان کی کوکب سرور کی شاندار پرفارمنس رہی۔ کراچی کی کوکب سرور نے فاصلہ تین گھنٹے، 52 منٹ 25 سیکنڈز میں مکمل کیا۔ پاکستانی خواتین میں ماہین شیخ دوسرے اور خولہ احمد تیسرے نمبر پر رہی۔ ٹوکیو میراتھوں ایتھوپین رنر نے جیت لی، جیو کے اینکر سمیت 20 سے زائد پاکستانی بھی شریک ہوئے

بارش نے قذافی اسٹیڈیم کے تعمیراتی معیار کا پول کھول دیا، واش روم کی چھت ٹپکنے لگی

لاہور (زیڈ این این) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے قبل ریکارڈ مدت میں تیار ہونے والے قذافی اسٹیڈیم کے تعمیراتی معیار کا بارش نے پول کھول دیا۔ لاہور میں قائم قذافی اسٹیڈیم کو آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے تیار کیا گیا تھا جس کی تیاری میں دن رات کو ایک کیا گیا اور کم وقت میں اسٹیڈیم بنانے کا ریکارڈ اپنے نام کیا گیا۔ لاہور میں موسم خوشگوار اور بادل برستے رہے جس نے اسٹیڈیم کے تعمیراتی معیار کا پول کھول دیا ہے۔ آدھے گھنٹے سے بھی کم وقت میں ہونے والی بارش کے باعث ایک وی آئی پی انکلوژر کے واش روم کی چھت ٹپکنا شروع ہوگئی۔ واضح رہے کہ قذافی اسٹیڈیم آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے حال ہی میں تیار کیا گیا تھا جس کے بعد چیئرمین پی سی بی کی جانب سے کام کرنے والے ملازمین کے اعزاز میں ایک تقریب بھی رکھی تھی۔

gettyimages
Credit: Mike Mulholland

پام بیچ گارڈنز: فلوریڈا میں 02مارچ 2025 کو پی جی اے نیشنل ریزورٹ اینڈ سپا میں پام بیچ 2025 میں کاگنیزنٹ کلاسک کے فائنل راؤنڈ کے دوران ریاستہائے متحدہ کے ڈوگ گھم نے 12رکھا۔

بھارتی ٹیم ثابت کرے وہ پاکستان سے بہتر ہے، ثقلین مشتاق کا چیلنج

بھارت پاکستان کے خلاف 10 ٹیسٹ، 10 ون ڈے اور 10 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے، انٹرویو

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کے سابق کرکٹر ثقلین مشتاق نے بھارت کو چیلنج دیا ہے کہ اگر وہ واقعی اچھی ٹیم ہے تو ثابت کرے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران ثقلین مشتاق نے بھارت کو چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ اگر بھارتی ٹیم خود کو واقعی ایک بہترین ٹیم سمجھتی ہے تو پاکستان کے خلاف 10 ٹیسٹ، 10 ون ڈے اور 10 ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلے تاکہ سب کچھ واضح ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم سیاست کو ایک طرف رکھیں، تو بھارتی کھلاڑی واقعی اچھے ہیں اور وہ بہترین کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ ثقلین مشتاق نے تسلیم کیا کہ پاکستان ٹیم کو اس وقت کئی مسائل کا سامنا ہے اور حالیہ برسوں میں کپتانی، سلیکشن کمیٹی، مینجمنٹ اور پی سی بی کے عہدیداروں میں مسلسل تبدیلیاں دیکھنے میں آئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تیاری بہتر ہو اور صحیح سمت میں کام کیا جائے تو ٹیم بھارت سمیت دنیا بھر کو مضبوط جواب دے سکتی ہے۔ واضح رہے کہ ہوم گراؤنڈ پر 29 سال بعد آئی سی سی ایونٹ کی میزبانی کرنے والی پاکستان ٹیم ٹورنامنٹ کے ابتدائی 2 میچز میں بدترین شکست کے بعد باہر ہوگئی تھی جبکہ بنگلا دیش کیخلاف آخری لیگ میچ بارش کی نذر ہوگیا تھا۔

فلپس نے لیا کوہلی کا شاندار کیچ، انوشکا کے تاثرات کی ویڈیو وائرل

دبئی (زیڈ این این) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں گروپ اے کے آخری میچ میں نیوزی لینڈ کے خلاف بیٹنگ کرتے ہوئے بھارتی ٹیم کے بیٹر ویرات کوہلی 11 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ ویرات کوہلی کی اننگز کا خاتمہ دنیائے کرکٹ کے بہترین فیلڈرز میں سے ایک گلین فلپس نے شاندار کیچ پکڑ کر کیا۔ دبئی میں کھیلے جارہے بھارت اور نیوزی لینڈ کے میچ کو دیکھنے کیلئے ویرات کوہلی کی اہلیہ اور بالی ووڈ اداکارہ بالی وڈ اداکارہ انوشکا شرما بھی موجود تھیں اور اپنی ٹیم کو سپورٹ کرتی نظر آرہی تھیں۔ کوہلی کے آؤٹ ہونے پر اسٹیڈیم میں موجود انکی اہلیہ انوشکا شرما بھی کیچ کو دیکھ کر حیران ہوئیں اور کوہلی کی پویلین واپسی پر افسردہ بھی ہوگئیں۔ میچ میں ویرات کوہلی صرف 11 رنز بنا سکے، وہ میٹ ہینری کی گیند پر آؤٹ ہوئے۔ براڈکاسٹنگ کے دوران انوشکا شرما کے تاثرات بھی کیمرے کی آنکھ نے محفوظ کیے جو سوشل میڈیا پر وائرل بھی ہوگئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے ہندی آفیشل انسٹاگرام پر ویرات کوہلی کی وکٹ گرنے کی ویڈیو شیئر کی گئی۔ اس ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کوہلی نے 14 گیندوں پر 11 رنز بنائے، لیکن نیوزی لینڈ کے کھلاڑی گلین فلپس کے شاندار کیچ نے ان کی اننگز کا خاتمہ کردیا۔

آئی ٹی ایف وہیل چیئر ٹینس ایونٹ میں پاکستان نے کانسی کا تمغہ جیتا

اسلام آباد (زیڈ این این) پاکستان نے کانسی کے میڈل ریس میں ایران کو 2-1 سے شکست دی، کولمبو سری لنکا میں بی این پی پریباس ورلڈ ٹیم کپ وہیل چیئر ٹینس ایشین کوالیفکیشن ایونٹ میں پاکستان کے لیے کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ سری لنکا ٹینس ایسوسی ایشن کے صدر اقبال اسحاق مہمان خصوصی تھے۔ جاپان کی مرد اور خواتین دونوں ٹیموں نے گولڈ جیتا اور ورلڈ گروپ ایونٹ کے لیے کوالیفائی کیا۔ محمد خالد رحمانی نے کہا کہ یہ پہلا موقع ہے جب پاکستان فتح کے مقام پر پہنچا ہے اور کانسی کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے صدر اعصام الحق کا شکریہ ادا کیا۔ آئی ٹی ایف وہیل چیئر ڈیپارٹمنٹ جو ملک میں وہیل چیئر ٹینس کو سپورٹ کر رہا ہے اور پی ٹی ایف کے سابق صدر سلیم سیف اللہ خان کو جنہوں نے 2018 میں پاکستان میں وہیل چیئر ٹینس کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر پی ٹی ایف نے 2025 میں وہیل چیئر ٹینس کو مزید فروغ دینے اور وہیل چیئر ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو میں مزید شہروں کو شامل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور وہیل چیئر کی تربیت کی صلاحیت بڑھانے کے لیے پاکستانی کوچز کو تربیت دینے کے لیے ایک غیر ملکی کوچ کو مدعو کیا ہے پاکستان ٹیم آصف عباسی، فدا حسین اور احسان اللہ خان اور محمد خالد رحمانی بطور کپتان پر مشتمل ہے

ٹورنٹو، جان سینا ایلیمینیشن چیمبر میں ولن بن گئے، مداح حیران

جان سینا شو کے بعد پریس کانفرنس میں اپنے اقدام پر ردعمل دینے کے بجائے مائیکروفون چھوڑ کر وہاں سے چلے گئے

ٹورنٹو (زیڈ این این) عالمی شہرت یافتہ ریسلر جان سینا نے ٹورنٹو میں ڈبلیو ڈبلیو ای کے ایلیمینیشن چیمبر میچ میں اپنے کیریئر کو نیا موڑ دیتے ہوئے ریسلنگ انڈسٹری میں کئی دہائیوں کے بعد ولن بن کر اپنے مداحوں کو حیران کردیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق جان سینا نے سی ایم پنک کو اپنے مشہور زمانہ انداز میں شکست تسلیم کرنے پر مجبور کر کے ہائی اسٹیک میچ جیت لیا۔ اس کے بعد وڈی رہوڈز رنگ میں آئے اور راک کو بلایا جو ریپر ٹریوس اسکاٹ کے ساتھ رنگ میں نمودار ہوئے۔ راک نے روڈس کو "خود کو فروخت کرنے" اور ان کے ساتھ شامل ہونے کی پیشکش کی لیکن روڈس نے انکار کر دیا، چند لمحوں بعد ہی جان سینا نے روڈس کو احترام کے ساتھ گلے لگا لیا اور اس کے فوری بعد ان پر اچانک حملہ کر دیا جس کے بعد وہ راک اور اسکاٹ کے ساتھ رنگ سے باہر نکل گئے۔ جان سینا کی اچانک دھوکہ دہی اور ولن والا انداز اختیار کرنے نے ان کے اچھی ساکھ کے کیریئر کو نیا موڑ دیا۔ جان سینا کے غیر متوقع انداز نے ڈبلیو ڈبلیو ای کی دنیا میں ریسل مینیا کی طرف جانے والے راستے کی بے یقینی اور بے اعتباری کو ایک بار پھر نمایاں کردیا۔

محسن نقوی سے ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کی ملاقات، پرفارمنس اور فٹنس پر گفتگو

gettyimages
Credit: Michael Miller/ISI Photos

ساتھ بینڈ: پرسل پویلین میں لوئس ول اور نوٹری ڈیم کے درمیان کھیل کے دوران نوٹری ڈیم کی اولیویا مائلز 5# گیند کو ڈریبل کر رہی ہے

محسن نقوی نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایات دیں، رپورٹ

لاہور (زیڈ این این) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی سے ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں نے ملاقات کی ہے، محسن نقوی نے کھلاڑیوں سے کرکٹنگ سکلز، پرفارمنس، ڈائٹ پلان، فٹنس اور ٹریننگ پر تفصیلی بات چیت کی۔ کھلاڑیوں نے ہائی پرفارمنس سنٹرز میں تربیت، فٹنس اور ڈائٹ پلان سے متعلق مسائل کے بارے میں آگاہ کیا۔ محسن نقوی نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ حکام کو ہدایات دیں۔ چیئرمین پی سی بی نے ان اسٹار کھلاڑیوں کو تمام اکیڈمیز تک رسائی دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے کھلاڑیوں کی فٹنس کے لئے خصوصی طور پر ڈائٹ پلان تیار کرنے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ کھلاڑیوں کی فزیکل ٹریننگ کے لیے ٹرینرز کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی، آپ پاکستان کے مستقبل کے اسٹارز ہیں، آپ کے لئے وسائل کی فراہمی پاکستان کرکٹ کے روشن مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی نے کھلاڑیوں کی تجاویز کو نوٹ کیا اور موقع پر ہی احکامات جاری کیے، محسن نقوی سے ملاقات کرنے والے کھلاڑیوں میں محمد علی، علی رضا، احمد دانیال، نثار احمد، محمد ابتسام، محمد سلمان، آفاق آفریدی اور عبدالصمد شامل تھے۔ نوجوان کرکٹر سعد مسعود، خواجہ نافع، معاذ صداقت، عرفات منہاس، مبشر خان، حیدر علی، حسان نواز، فیصل اکرم، طاہر بیگ اور قاسم اکرم بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔

gettyimages
Credit: Ezra Shaw
TripADeal

لاس ویگاس، نیواڈا میں الیجینٹ اسٹیڈیم میں رانڈون این آر ایل میچ کے دوران واریرز کے راجر تیوواساسلیک نے ایک کوشش کر رہے ہیں

مصری وزارت نوادرات کی طرف سے 19 فروری 2025 کو جاری کردہ یہ ہینڈ آٹ تصاویر جنوبی مصر میں لکسر میں فرعون تھتمس دوم کے مقبرے کے دروازے کو دکھاتی ہیں (مصری وزارت نوادرات / اے ایف پی)

بھارت میں گائے کا کاروبار جرم بن گیا، گائے رکھشکوں کا راج، تاجروں میں خوف و ہراس

بی جے پی حکومت نے مسلمانوں کے گائے رکھنے پر قانون بنا کر 10 سال قید کی سزا اور 5 لاکھ تک جرمانہ بڑھا دیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی سرکار کے تیسرے دور اقتدار میں اقلیتیں بالخصوص مسلمان مودی کے ہندوتوا نظریے کی بھینٹ چڑھ رہے ہیں اور بی جے پی حکومت بھارت میں گائے کے تحفظ کے نام پر آئے روز متعصبانہ اور انتہا پسندانہ قوانین نافذ کرنا معمول بنا چکی ہے، ان تمام ہتھکنڈوں کا مقصد مسلمانوں کے حقوق کو پامال کرنا اور انہیں دبا میں رکھنا ہے۔ حال ہی میں برطانوی نشریاتی ادارے نے مسلمانوں اور دیگر گائے تاجروں پر گائے رکشکوں کے ہاتھوں ہونے والے ظلم وستم کو بے نقاب کیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی کے مطابق بھارت کی دودھ کی صنعت سب سے بڑی ہے مگر گائے کے تحفظ کے قوانین مسلمانوں کے لیے خطرہ بن گئے ہیں۔ بھارت کے بیشتر حصوں میں بیف کھانے پر پابندی جبکہ گائے ذبح کے خلاف کالے قوانین ہیں۔ 2014 میں ہندو قوم پرست بی جے پی کی حکومت آنے کے بعد گائے کو سیاست کا واضح نشان بنا دیا گیا، بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں میں گائے تحفظ کے قوانین کی سختی بڑھ گئی ہے اور بی جے پی حکومت نے مسلمانوں کے گائے رکھنے پر قانون بنا کر 10 سال قید کی سزا اور 5 لاکھ تک جرمانہ بڑھا دیا۔ رپورٹ کے مطابق سخت قوانین نے عید کے موقع پر بھی گائے کے ذبح کے خوف کو بڑھا دیا، گائے رکھشکوں کی جانب سے گائے کی نقل و حمل پر مسلمانوں پر حملے اور قتل معمول بن چکے ہیں، ان سب میں بھارتی پولیس بھی گائے کی نقل وحمل کرنے والوں کو پریشان کرنے میں ملوث ہے۔ گائے رکھشک، تاجروں بالخصوص مسلمان تاجروں کی گاڑیوں کو روک کر پولیس پر دباؤ ڈالتے ہیں کہ وہ گاڑی کو ضبط کرلیں گے اور گاڑیاں چھڑانے کے لیے وکیل کرنا پڑتا ہے جس پر 3 لاکھ روپے لاگت آتی ہے۔ اتر پردیش، بی جے پی کا گڑھ ہے اور وہاں ملک کے سخت ترین گائے تحفظ قوانین نافذ ہیں، حال ہی میں اتر پردیش کے ضلع کشی نگر میں گائے ٹرانسپورٹر کو گائے اسمگلنگ کے جھوٹے الزام میں جیل بھیج دیا گیا۔ گائے ذبح قانون "Anti Cow Slaughter Act" کے تحت ضلعی انتظامیہ اور گائے رکھشکوں کو گاڑیاں ضبط کرنے کا کھلی چھوٹ حاصل ہے۔ 2020 میں الہ آباد ہائی کورٹ نے گائے ذبح مخالف قانون کے بے گناہوں کے خلاف استعمال ہونے کا انکشاف کیا ہے اور 2023 میں الہ آباد ہائی کورٹ نے گائے کی نقل و حمل" کوئی جرم نہیں "قرار دیا ہے۔

gettyimages
Credit: Agencia Press Sout

کوئٹو: کارنیول کی تقریبات کے دوران کارنیوال کے لباس میں ایک ڈانسر کر رہے ہیں

مسجد الحرام کے زائرین کے لیے 56 لاکھ افطار پیکٹ کا انتظام کر رکھا ہے، الحرمین الشریفین انتظامیہ

236 نماز کے مقامات، 196 دروازے، 194 لفٹس اور 9.5 ہزار وضو خانے فراہم کیے گئے ہیں

مکہ مکرمہ (این این آئی) الحرمین الشریفین انتظامیہ نے رمضان المبارک کے دوران مسجد الحرام کے زائرین کے لیے 56 لاکھ افطار پیکٹ کا انتظام کر رکھا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق الحرمین الشریفین انتظامیہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ رمضان المبارک کے دوران زائرین کے لیے 56 لاکھ افطار پیکٹ کا انتظام کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسجد الحرام اور اس کے صحنوں میں انتظامیہ کی تیاریوں میں 120.3 ہزار لائٹس، 33 ہزار نماز کے کارپٹ، 20 ہزار زمزم کے کولر، 11 ہزار سے زائد ملازمین، 10 ہزار دستی وہیل چیئرز اور 8 ہزار اسپیکرز شامل ہیں۔ اسی طرح مسجد نبوی کے اندر زائرین کی نقل و حرکت کو آسان بنانے کے لیے 519 برقی زینے، 400 برقی گولف گاڑیاں، 236 نماز کے مقامات، 196 دروازے، 194 لفٹس اور 9.5 ہزار وضو خانے فراہم کیے گئے ہیں۔ رمضان کے دوران مہمانانِ رحمان کی خدمت کے لیے ادارے کی جامع کاوشوں میں 5 مقامات پر احرام کھولنے کے لیے مخصوص جگہیں، 2 سامان رکھنے کے مراکز، 6 مرکزی دروازوں پر سامان وصول کرنے کے مقامات اور 2 بچوں کی میزبانی کے مراکز شامل ہیں۔

ایف بی آئی نے ٹرمپ کی خفیہ فائلیں واپس کردیں، صدارتی لائبریری میں رکھنے کا فیصلہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تصدیق کی ہے کہ فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) نے ان کے مارلاگو میں واقع گھر سے لی گئی خفیہ دستاویزات واپس کردی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ دستاویزات ماضی میں ممکنہ بدسلوکی کی تحقیقات کے دوران ضبط کی گئی تھیں۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر کہا کہ وہ یہ دستاویزات اپنی صدارتی لائبریری میں رکھیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ انصاف نے وہ تمام ڈبے واپس کردیے ہیں جن پر تحقیقات جاری تھیں۔ ٹرمپ پر الزام تھا کہ انہوں نے وائٹ ہاس چھوڑنے کے بعد خفیہ سرکاری دستاویزات کو اپنے فلوریڈا گالف کلب میں غیر قانونی طور پر محفوظ رکھا۔ اس معاملے پر 2022 میں ایف بی آئی نے مارلاگو پر چھاپہ بھی مارا تھا۔ تحقیقات کے دوران سامنے آنے والی تصاویر میں پینٹاگون اور سی آئی اے کی خفیہ فائلیں مارلاگو کے باتھ روم میں غیر محفوظ پڑی ہوئی دیکھی گئیں۔ ٹرمپ نے ایک بار پھر اپنے خلاف کیس کو سیاسی انتقام قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے کسی بھی قانون کی خلاف ورزی نہیں کی۔ دوسری جانب کیس کے تفتیشی وکیل جیک اسمتھ نے محکمہ انصاف کی اس پالیسی کا حوالہ دیتے ہوئے کیس واپس لے لیا

خادم الحرمین الشریفین کی اہلیہ مقابلہ حسن قرات وحفظ قرآن کی فاتح خواتین کو اعزاز سے نوازیں گی

ریاض (این این آئی) خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی اہلیہ شہزادی فہدہ بنت فلاح آل حثلین، کنگ سلمان 26 ویں مقامی وعالمی مقابلہ حسن قرات و حفظ قرآن کریم میں شریک خواتین فاتحین کیلیے ایوارڈ تقریب کی صدارت کریں گی۔ عرب ٹی وی کے مطابق خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی اہلیہ وزارت اسلامی امور کے زیر اہتمام 24 سے 28 فروری تک ہونے والے والے مقابلہ حسن قرات و حفظ قرآن میں 125 حفاظ و قرا نے شرکت کی۔ سعودی وزیر اسلامی امور شیخ ڈاکٹر عبداللطیف بن عبدالعزیز آل الشیخ نے مقابلہ کے فائنل راؤنڈ کا افتتاح کیا تھا۔ فائنل راؤنڈ کے فاتحین کیلیے 70 لاکھ ریال انعام ہیں جبکہ فائنل راؤنڈ میں پہنچنے والے تمام حفاظ وقرا میں مجموعی طور پر 6 لاکھ 15 ہزار ریال تقسیم کیے جائیں گے۔ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے حافظ اور حافظہ کو 4، 4 لاکھ ریال انعام دیا جائے گا۔ واضح رہے اعزاز سے نوازنے کی تقریب اتوار 2 مارچ کو ہوگی۔ خادم الحرمین الشریفین کی اہلیہ مقابلہ حسن قرات وحفظ قرآن کی فاتح خواتین کو اعزاز سے نوازیں گی

ٹرمپ کا امریکہ میں انگریزی کو سرکاری زبان بنانے کا حکم

فیصلے سے لاکھوں افراد کیلئے سرکاری خدمات اور قانونی معلومات حاصل کرنا مشکل ہوسکتا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کر دیے ہیں، جس کے تحت انگریزی کو امریکہ کی سرکاری زبان قرار دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فیصلے سے سرکاری اداروں، وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے والی تنظیموں اور تارکین وطن پر گہرا اثر پڑنے کا امکان ہے۔ یہ اقدام سابق صدر بل کلنٹن کے دور میں نافذ کیے گئے قوانین کو منسوخ کرتا ہے، جو سرکاری اداروں کو غیر انگریزی بولنے والوں کیلئے زبان کی سہولت فراہم کرنے کا پابند بناتے تھے۔ نئے حکم کے تحت اب سرکاری ادارے اپنی مرضی سے یہ فیصلہ کرسکیں گے کہ وہ غیر انگریزی زبانوں میں خدمات فراہم کریں یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق اس اقدام کا مقصد قومی یکجہتی کو فروغ دینا اور سرکاری معاملات کو آسان بنانا ہے۔ ایگزیکٹو آرڈر میں کہا گیا ہے۔ انگریزی سیکھنا نہ صرف معاشی مواقع کھولتا ہے بلکہ تارکین وطن کو امریکی معاشرے میں گھلنے ملنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ فیصلہ ٹرمپ کے امریکہ فرسٹ ایجنڈے کے حامیوں کی جانب سے سراہا جارہا ہے، جبکہ تارکین وطن کے حقوق کے حامی، سول رائٹس تنظیمیں اور ڈیموکریٹ رہنما اس پر تنقید کررہے ہیں۔

اسرائیل نے غزہ میں امداد اور سامان کی ترسیل روک دی

جنوبی کوریا کا ایک فوجی سرحدی شہر پاجو میں شمالی کوریا سے ملانے والے پل پر ایک وین کو چیک کر رہا ہے (اے ایف پی)

حماس نے جنگ بندی میں توسیع کی تجویز کو قبول نہ کیا تو اضافی نتائج کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے جنگ بندی کا معاہدہ ختم ہوتے ہی غزہ میں امداد اور سامان کی ترسیل روک دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل نے اعلان کیا ہے کہ وہ غزہ کی پٹی میں تمام اشیا اور امدادی سامان کی ترسیل معطل کر رہا ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر کی جانب سے جاری بیان میں دھمکی دی گئی ہے کہ اگر حماس نے امریکا کی پیش کردہ جنگ بندی میں توسیع کی تجویز کو قبول نہ کیا تو اضافی نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کا پہلا مرحلہ ہفتے کے روز ختم ہوگیا تھا، جس میں بڑے پیمانے پر امداد فراہم کی گئی تھی۔ دونوں فریق اب تک دوسرے مرحلے پر مذاکرات مکمل نہیں کر سکے ہیں، جس کے تحت حماس کو دیگر مغویوں کو رہا کرنا تھا، جبکہ اسرائیل کو فوجی انخلا اور مستقل جنگ بندی کی طرف جانا تھا۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ وہ پہلے مرحلے کی جنگ بندی کو رمضان اور پاس اوور (20 اپریل) تک بڑھانے کے حق میں ہے۔ اسرائیل کے مطابق یہ تجویز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشرق وسطی کے ایلچی اسٹیو وٹکوف کی جانب سے آئی ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم بینیامن نیتن یاہو کے دفتر کے مطابق اس تجویز کے تحت حماس پہلے دن نصف مغویوں کو رہا کرے گا، باقی مغویوں کی رہائی اس وقت عمل میں آئے گی جب مستقل جنگ بندی پر معاہدہ ہو جائے گا۔ اسرائیلی تجویز پر تاحال امریکا، مصر یا قطر نے کوئی ردعمل نہیں دیا۔

الأرض تعرف أهلها .. مـن الأغراب مزدوجي الجنسية
הארץ מכירה את בניה .. מי הם הזרים בעלי האזרחות הכפולה
THE LAND DISTINGUISHES ITS PEOPLE FROM THE DUAL NATIONALITY FOREIGNERS

حماس کے کارکن غزہ کے وسطی علاقے نصیرات میں تین رہا کیے جانے والے اسرائیلی قیدیوں کے ساتھ سٹیج پر موجود ہیں (اے ایف پی)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول میں شہری دفاع کی مناسبت سے سیمینار کا انعقاد

ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز اور سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میڈم اقصیٰ ریاض مہمان خصوصی تھی

سول ڈیفنس، آبادی
گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول حافظ آباد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ سول ڈیفنس حافظ آباد کے زیر اہتمام گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول میں شہری دفاع کی مناسبت سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز اور سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی میڈم اقصیٰ ریاض مہمان خصوصی تھی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ محکمہ سول ڈیفنس/شہری دفاع عوام کے جان و مال کے تحفظ کا ضامن ادارہ ہے۔ محکمہ سول ڈیفنس کے افسران اور رضا کاروں نے ہمیشہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ملک میں کسی بھی قسم کے ہنگامی و ناگہانی صورتحال ہو، سیلاب ہو یا زلزلہ سول ڈیفنس کے اہلکاروں نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر عوام کے قیمتی جان و مال کی حفاظت کی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ آج کے اس دور میں طلباء و طالبات کو بھی شہری دفاع کی تربیت ضرور حاصل کرنی چاہیے جس سے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں اپنی اور دوسروں کی زندگیوں اور قیمتی اثاثہ جات کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

گیمبر قادر آباد سموسے پکوڑے بنانے والے زیادہ کمائی کے چکر میں ناقص آئل سے تیار سموسے پکوڑے شہریوں میں بیماریاں پھیلانے لگے

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پنجاب فوڈ کی نا اہلی کی وجہ سے افطار کے وقت گیمبر قادر آباد سموسے پکوڑے بنانے والے زیادہ کمائی کے چکر میں ناقص آئل سے تیار سموسے پکوڑے شہریوں میں بیماریاں پھیلانے لگے پنجاب فوڈ کے افسران خاموش تماشائی وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ ساہیوال کے نا اہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد۔ یوسف والا بگڑی پل نور شاہ اور اس کے گرد و نواح میں افطار کے وقت سموسے پکوڑے تیار کرنے والے ناقص آئل سے سموسے پکوڑے تیار کر کے شہریوں میں بیماریاں پھیلانے لگے جس کی وجہ سے شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے پنجاب فوڈ کی اس بے حسی کی وجہ سے شہری شدید پریشان جبکہ پنجاب فوڈ کے افسران بڑی بڑی گاڑیاں لے کر فوٹو سیشن کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے گیمبر قادر آباد کے شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ناقص آئل سے سموسے پکوڑے تیار کرنے والے افراد کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

عمران خان نے کرونا جیسے حالات میں بھی عوام کو تنہا نہیں چھوڑا: عامر فاروق باجوہ

موجودہ حکومت رمضان بازار بھی نہ لگا سکی: پی ٹی آئی رہنما

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عمران خان نے کرونا جیسے حالات میں بھی عوام کو اکیلا نہیں چھوڑا مستحق افراد کی مالی امداد کی گئی موجودہ حکومت نے رمضان المبارک میں کوئی ریلیف نہیں دیا ہر سال لگنے والے سستے رمضان بازار بھی بند کر دیے گئے ہیں غیر اسلامی ممالک میں مسلمانوں کا احترام کیا جاتا ہے اور رمضان المبارک میں سستی اشیاء فراہم کی جاتی ہیں لیکن موجودہ حکومت اس دفعہ فلاپ نظر آئی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں غربت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے حکومتی ریلیف تو دور عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی گئی ہے خدارا ہوش کے ناخن لو اور غریب عوام پر ظلم بند کرو کیا 8 فروری کو عوامی مینڈیٹ پر اسی لیے ڈاکہ ڈالا گیا تھا۔

حالیہ بارشوں سے نقصان کا شکار ہونے والے کسانوں کی مدد کی جائے: رمضان سیہول

ہزاروں ایکڑ رقبے پر تیار گندم تباہ ہو چکی ہے علاقے کو آفت زدہ قرار دیا جائے: گلفام مصطفی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حالیہ بارشوں سے نقصان کا شکار ہونے والے کاشتکاروں کی مالی امداد کی جائے بھاری برف باری اور بارشوں سے گندم کی تیار فصل تباہ ہو چکی ہیں کسانوں کے لاکھوں روپے ضائع ہو چکے ہیں علاقے کو آفت زدہ قرار دے کر کسانوں کی مالی امداد کی جائے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور نائب امیر چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کسان جمع پونجی نئی فصل اگانے پر لگا دیتا ہے مگر بد قسمتی سے پاکستان میں فصل کی پوری قیمت نہیں دی جاتی جس سے پہلے ہی کمر ٹوٹ چکی ہے ایسے میں بارشوں اور الہ باری سے ہونے والا نقصان ناقابل برداشت ہے کئی دیہات میں گندم کی تیار فصل تباہ ہو چکی ہے اپیل کرتے ہیں کہ کوٹلی سیہول اور آبادیاں سمیت آفت زدہ علاقوں میں کسانوں کے نقصان کا تخمینہ لگایا جائے اور ان کی مالی مدد کر کے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔

ماہ رمضان میں سفید پوش اور نادار لوگوں کا خصوصی خیال رکھا جائے: چوہدری احمد فاروق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ممتاز سیاسی سماجی شخصیت چیف ایگزیکٹو اپنا ٹاؤن چوہدری احمد فاروق ساہی نے کہا کہ ماہ رمضان میں سفید پوش اور نادار لوگوں کا خصوصی خیال رکھا جائے ماہ رمضان تزکیہ نفس اور گناہوں کی بخشش کا مہینہ ہے ماہ رمضان المبارک اللہ پاک کی طرف سے اپنے بندوں کے لیے خصوصی بیش بہا نعمت ہے ماہ مبارک کا پہلا عشرہ رحمت دوسرا مغفرت اور تیسرا دوزخ سے نجات ہے اس ماہ مقدس کا ہر ایک لمحہ قدرت کا انمول تحفہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان میں نوافل کا ثواب فرضوں کے برابر، فرائض کا ثواب 70 گناہ زیادہ عطا کیا جاتا ہے رمضان المبارک میں تمام اسلامی کتب کا نزول ہوا۔

مرغی مافیا نے حکومتی ریٹ کو جوتے کی نوک پر رکھ دیا

الہ آباد (نامہ نگار) مرغی مافیا نے حکومتی ریٹ کو جوتے کی نوک پر رکھ دیا۔ برائلر گوشت کی قیمت کم کروانے میں انتظامیہ بلکل ناکام ہو کر رہ گئی۔ دوکانداروں نے بھی اپنی من مرضی کرنا شروع کر دی تفصیلات کے مطابق چونیاں اور اس کے گرد و نواح میں مرغی مافیا نے حکومت کی ریٹ لسٹ کو روند کر اپنی من مرضی کے ریٹ پر دوکانداروں کو مرغی فروخت کرنے لگے حکومتی ریٹ کے مطابق مرغی کے گوشت کی فی کلو قیمت 595 روپے پر برقرار ہے جبکہ دوکاندار حضرات 700 روپے کلو تک فروخت کر رہے ہیں زندہ برائلر ہول سیل 397 روپے پر چون ریٹ 411 روپے کلو مقرر ہے فارمی انڈے 2 روپے مہنگے ہو گئے فی درجن قیمت 286 روپے ہو گئی ہول سیل مارکیٹ میں انڈوں کی پیٹی 8 ہزار 460 روپے میں دستیاب ہے ادھر سبزیاں سرکاری نرخ ناموں کے برعکس مہنگی فروخت کی جانے لگیں پیاز 100 ٹماٹر 80 لہسن 720 روپے فی کلو میں دستیاب ہے ادرک 450 سبز مرچ 150 روپے فی کلو میں بک رہی ہے پھلوں میں کیلا درجہ اول 320 درجہ دوم 250 روپے فی درجن میں مل رہا ہے ڈی سی قصور سے اپیل ہے کہ اس پر نوٹس لیں اور رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں ریٹ کو کم کروایا جائے تاکہ غریب آدمی بھی بآسانی روزے رکھ سکے



مارکیٹ کمیٹی چونیاں
0800-02345
04-3-25 روز منگل

[illegible]	سیل	پرچون ریٹ
[illegible]	397	411
[illegible]		595
[illegible]	8460 فی پیٹی	286 فی درجن
[illegible]		180
[illegible]		160



پرچون نرخ نامہ
شکایت
گراں فروشی جرم ہے
0800-02345
04-03-2025
منگل

نام	نرخ
[illegible]	440
[illegible]	460
[illegible]	480
[illegible]	696
[illegible]	8460
[illegible]	286

RATE LIST

رانا تنویر حسین سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ کی ملاقات

ضلعی انتظامیہ و میونسپل کمیٹی کی کاروائیوں اور تاجر برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار و نیشنل فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین سے مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے ملاقات کی اور ان سے ضلع کی انتظامی صورتحال تجاوزات کے خاتمہ کیلئے جاری ضلعی انتظامیہ و میونسپل کمیٹی کی کاروائیوں اور تاجر برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا، ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امجد نذیر بٹ نے بتایا کہ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے ملاقات مثبت و سود مند رہی جس میں انہوں نے تاجر برادری سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے جبکہ اس سے قبل ضلعی انتظامیہ کے ساتھ طویل میٹنگ میں طے پایا ہے کہ تمام بازار بشمول لنڈا مارکیٹ، مدینہ مارکیٹ، اکبر بازار، مین بازار، جناح پارک، اسٹیڈیم شاپنگ سنٹر، موٹر سائیکل مارکیٹ، موبائل مارکیٹ، گول مارکیٹ، گلی زرگراں، گلی حکیماں، ہمایوں بازار، جہانگیر بازار و دیگر ملحقہ بازاروں کے تمام دکاندار اپنی دکانوں کے باہر فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کی طرف سے دیئے گئے ایس او پیز کے مطابق ایک جیسے سائن بورڈ نصب کریں گے اور اپنے بازاروں کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صاف ستھرا رکھیں گے جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مقرر کیا گیا پبلسٹی سائن بورڈ ڈیزائن بھی دکاندار فالو کریں گے، ضلعی انتظامیہ سے میٹنگ میں تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا گیا جس میں بولی سسٹم، ضلعی انتظامیہ کی طرف سے دکانوں کو 5 فٹ خالی کروانے کے معاملہ سمیت دیگر امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی جو حوصلہ افزاء ثابت ہوئی آئندہ ہفتہ میں تاجر کے تمام تر مسائل (ن) لیگ کی اعلیٰ قیادت وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، صوبائی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری و دیگر پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کر کے ان کے سامنے رکھے جائیں گے اور ان کا پائیدار حل یقینی بنایا جائے گا۔

گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چک چٹھہ میں انرولمنٹ کمپین کا آغاز

حافظ آباد: (بیورو رپورٹ) چک چٹھہ گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چک چٹھہ میں انرولمنٹ کمپین 2025 کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سعید اصغر صاحب اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اشتیاق احمد چٹھہ صاحب صدر پریس کلب جاوید اسد صاحب اور اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد اصغر باجوہ صاحب بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ تقریب کے دوران مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا، جن میں نئے بچوں کا داخلہ، مستحق بچوں کے لیے یونیفارم کا اجراء، یونیفارم بینک کا افتتاح اور درختوں کی شجر کاری شامل تھی۔ اس کے ساتھ ہی عوامی شعور بیداری کے لیے پبلک کارنر میٹنگ کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں لوگوں کو سرکاری سکول کی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا گیا اور بچوں کو داخلہ دلوانے کی اپیل کی گئی اس موقع پر کمیونٹی کے معزز افراد اور مقامی چیئرمین قیصر عباس چدھڑ بھی موجود تھے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا رمضان پیکیج عوامی ہے۔ اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) رمضان المبارک کے موقع پر شہریوں کیلئے سستے رمضان سہولت بازاروں کا قیام اور مستحق خاندانوں میں حکومت پنجاب کی جانب سے 10 ہزار روپے کے امدادی چیکس کی تقسیم عوامی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا مستحسن عمل ہے۔ مہنگائی کے دور میں عام آدمی کیلئے حکومت پنجاب جس قدر انسان دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اس کی مثال ملک کے دیگر صوبوں میں نہیں ملتی۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار و سیاسی رہنما اظہر حمید بھٹی اور معروف زمانہ سازلے پرائیویٹ انٹرنیشنل کے ڈائریکٹر بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں روڈ انفراسٹرکچر میں بہتری کیلئے ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھایا جا چکا ہے۔

سابق ناظم ملک رفیق بلوچ مرحوم کا بیٹا ملک شاہنواز بلوچ ملزمان کے تشدد سے دم توڑ گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے چیئرمین الحاج ملک محمد اسلم بلوچ کا بھانجا اور سابق ناظم ملک رفیق بلوچ مرحوم کا بیٹا ملک شاہنواز بلوچ ملزمان کے تشدد سے دم توڑ گیا جھگڑا موبائل مارکیٹ میں ہوا ملزمان وقاص اور احسان وغیرہ نے سینے پر مسلسل مکے برسائے مقامی دکانداروں نے ملزمان سے چھڑوا کر ملک شاہنواز بلوچ کو تشویشناک حالت کے تحت ہسپتال منتقل کیا مگر وہ دوران علاج دم توڑ گیا پولیس نے مقدمہ درج کر کے احسان وغیرہ چار ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

سہولت بازار کو شہریوں کے لیے مفید بنانے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) سہولت بازار کو شہریوں کے لیے مفید بنانے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں، رمضان المبارک میں شہریوں کو سستی اور معیاری اشیاء فراہم کرنے کے لیے ضلع جہلم میں دو سہولت بازار مکمل فعال ہیں ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی انتہائی رعایتی نرخوں پر روزمرہ کی اشیائے خورد و نوش فراہم کی جا رہی ہے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے سہولت بازار جہلم کا دورہ کرتے ہوئے کہی ل۔ اس موقع پر میونسپل کمیٹی کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو سہولت بازار کے مختلف کاؤنٹرز کا دورہ کروایا جہاں انہوں نے اشیاء خورد و نوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سہولت بازار میں انے والے شہریوں کو تمام بنیادی اشیاء خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے اور وافر مقدار میں سپلائی کی ہدایت کی تاکہ بازار آنے والے شہری اپنی ضرورت کی تمام اشیاء ایک ہی چھت لے اور رعایتی نرخوں پر حاصل کر سکیں۔

رمضان سہولت بازار میں پھلوں، سبزیوں اور کریانہ کے سٹالز قائم کر دیے گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ضلعی انتظامیہ عوام کو اشیائے صرف کی کنٹرول ریٹ پر فراہمی کیلئے پوری طرح متحرک سستا رمضان بازار میں لگائے

گئے رمضان سہولت بازار میں پھلوں، سبزیوں اور کریانہ کے سٹالز قائم کر دیے گئے اور بازار میں معیاری موسمی پھلوں اور سبزیوں کی وافر دستیابی یقینی بنائی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد سید محمد میثم عباس نے انتظامات کی تفصیلات دیتے ہوئے بتایا کہ رمضان سہولت بازار میں تمام اشیاء 20 فی صد تک رعایت کے ساتھ اشیاء خورد و نوش دستیاب ہیں۔ رمضان کے دوران چینی کی فروخت کے لئے ضلع بھر میں 15 سیلز پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں جہاں چینی 130 روپے کلو دستیاب ہے۔

ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 سید کمال عابد نے ڈویژنل آڈٹ کمیٹی کے ہمراہ ضلعی ریسکیو اسٹیشن حافظ آباد کا دورہ

ایڈمنسٹریٹر و ریجنل ایمرجنسی آفیسر نے ضلعی دفاتر کے سٹورز کا ریکارڈ بھی طلب کیا

RESCUE
RESCUE 1122

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سیکرٹری پنجاب ایمرجنسی سروس ڈاکٹر رضوان نصیر کی ہدایت پر ایڈمنسٹریٹر و ریجنل ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 سید کمال عابد نے ڈویژنل آڈٹ کمیٹی کے ہمراہ ضلعی ریسکیو اسٹیشن حافظ آباد کا دورہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر عدنان نواز نے پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ حافظ آباد کی مجموعی کارکردگی کے حوالہ سے رپورٹ پیش کی۔ ایڈمنسٹریٹر و ریجنل ایمرجنسی آفیسر نے ضلعی دفاتر کے سٹورز کا ریکارڈ، کنٹرول روم، اکاؤنٹ آفس، گاڑیوں کی ریپیئر اینڈ مینٹیننس ورکشاپ اور ریسکیو کے زیر استعمال تمام ایمرجنسی گاڑیوں اور ان میں ایمرجنسی پر استعمال ہونے والے آلات کو چیک کیا اور ریسکیو اہلکاروں کی جسمانی فٹنس کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ریسکیو اہلکاروں کی کارکردگی کو خوب سراہا۔ اس موقع ایڈمنسٹریٹر و ریجنل ایمرجنسی آفیسر نے کمیونٹی سیفٹی ونگ میں جاری ٹریننگ سیشن کا بھی جائزہ لیا اور ٹریننگ کے لیے آنے والے طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی بھی کی۔ ایڈمنسٹریٹر و ریجنل آفیسر سید عابد کمال نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریسکیو اہلکاروں کی خدمات اور فرائض پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مشکل اور مصیبت کی گھڑی میں مبتلا لوگوں کی مدد کرنا بہت بڑی نیکی اور اجر عظیم ہے۔

مستحق افراد میں 10 ہزار روپے کیش کی تقسیم خوش آئند ہے: اورنگزیب گورائیہ

ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے میرٹ اور شفافیت برقرار رہے گی: گفتگو

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان نگہبان پیکج میں کیش کی تقسیم خوش آئند ہے اس سے ضرورتمند اپنی مرضی سے ضرورت کی چیزیں خرید سکیں گے ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے شفافیت برقرار رہے گی مستحق افراد تک 10 ہزار روپے نقدی پہنچنا شروع ہو چکی ہے جو مسلم لیگ ن کی حکومت کا احسن کارنامہ ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ میاں برادران نے عوام کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑا مریم نواز اپنے والد اور چچا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پنجاب کی عوام کی خدمت کر رہی ہیں گزشتہ رمضان میں نگہبان راشن پیکج کے تحت راشن دیا گیا تھا اس بار میرٹ اور شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے 10 ہزار روپے کیش دیا جا رہا ہے جس سے اہل افراد اپنی ضرورت کے مطابق جو چاہیں خرید سکیں گے۔

ماہ صیام ہمیں صبر و استقامت کا درس دیتا ہے: رانا محمد عرفان

سیالکوٹ سویٹس مکمل حفاظتی ایس او پیز پر عمل کرتے ہیں: رانا فیصل

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اللہ کی بیشمار رحمتوں کا حامل مہمان ماہ صیام ہمیں اپنی زندگیوں میں دوبارہ نصیب ہوا ہے۔ روزہ برداشت، صبر و استقامت اور تزکیہ نفس کا نام ہے اور خشوع و خضوع کیساتھ اپنے خالق و مالک اللہ کی بیشمار نعمتوں رحمتوں کا شکر ادا کرنے والوں کو قرآن مجید میں اللہ نے جنت الفردوس کی بشارت فرمائی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز کے سی ای او حاجی رانا محمد عرفان نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ اس موقع پر موجود انکے سٹاف انچارج رانا فیصل کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ سویٹس کا طرہ امتیاز ہماری معیاری فوڈ آئیٹمز اور حکومتی ہدایات کے عین مطابق ایس او پیز پر عمل کرتے صفائی و پاکیزگی ہے۔ رمضان المبارک و عام مواقع پر خصوصی طور پر ہماری روایتی کوالٹی مٹھائی بیکری سمیت سموسہ و دیگر پکوان اپنے معزز کسٹمرز کیلئے بائی جدید چیکنگ میکنزم کے ساتھ تیار کیجاتی ہیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

شہداء پولیس کی فیملیز کے اعزاز میں سیالکوٹ پولیس کا افطار ڈنر

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے فیملیز میں گولڈ میڈل تقسیم کیے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ شہداء پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد ہوا جس دوران ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے شہداء سیالکوٹ پولیس کی فیملیز میں گولڈ میڈل تقسیم کیے۔ ترجمان ڈی پی او سیالکوٹ کی جاری پریس ریلیز کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی سربراہی میں شہداء سیالکوٹ پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں شہداء کی فیملیز نے شرکت کی اس موقع پر فیملیز کیلئے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا اور شہداء کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے فیملیز میں گولڈ میڈل و تحائف تقسیم کیے گئے۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور محکمہ پولیس کا فخر ہیں۔ ہم ملک و قوم کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں، شہداء کی فیملیز ہماری اپنی فیملیز ہیں انہیں کبھی بھی نہ بھولیں گے نہ ہی کبھی تنہا چھوڑیں گے۔

منشیات فروش اور اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا ہے کہ کریمنل گینگز میں تیزی لائی جائے۔ تھانہ میں آنے والے متاثرین کی داد رسی اور انکی شکایات کا فوری حل یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تھانہ موچی والا کے سرپرائز وزٹ کے دوران پولیس افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے تھانہ موچی والا کا سرپرائز وزٹ کیا اور انسپکشن کی۔ ڈی پی او نے حوالات، جملہ دفاتر اور فرنٹ ڈیسک پر پینڈنگ درخواست ہائے کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق SIPS ایس او پی کا نفاذ یقینی بنایا جائے اور درخواست ہائے اور مقدمات کی تفتیش مقررہ ٹائم لائن میں مکمل کی جائے۔ کریمنل گینگز، منشیات فروش اور اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے۔

سفید پوش لوگوں کی ضرورت کا خصوصی خیال رکھیں: یوسف کاظمی

مخلوق خدا کی خدمت بہترین عمل ہے: امیدوار صوبائی اسمبلی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں سفید پوش لوگوں کا خصوصی خیال رکھیں مخلوق خدا کی خدمت ہی اصل عبادت ہے کسی کی ضرورت پوری کرنا بہت بڑی نیکی اور عمل ہے رحمتوں اور برکتوں والے مہینے میں نیکیوں کا اجر بھی کئی گنا بڑھ جاتا ہے ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی ڈاکٹر محمد یوسف کاظمی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اپنے ارد گرد نظر دوڑائیں اور دیکھیں کہ ایسے کون سے لوگ ہیں جو ضرورت ہونے کے باوجود کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتے آگے بڑھ کر ان کی مدد کریں اور ان کا سہارا بنیں بروز قیامت اس عمل کا وزن بہت زیادہ ہوگا رمضان المبارک میں خوب برکتیں اور رحمتیں سمیٹیں۔

چیئرمین امن کمیٹی سہیل محمود کی رہائشگاہ پر افطار ڈنر

رمضان المبارک میں سفید پوش لوگوں کی ضروریات کا ضرور خیال رکھیں: چوہدری سخاوت ڈگرا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) چیئرمین امن کمیٹی سہیل محمود بٹ کی جانب سے ان کی رہائشگاہ پر افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں سرپرست اعلیٰ امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈگرا سابق صدور شہباز احمد کڑھائی والے اور عامر جمیل بٹ ممبر شیخ اعجاز احمد پروفیسر توقیر الزمان شیخ عثمان رشید اور شاہد محمود بٹ نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی طرف سے امت مسلمہ کیلئے بہت بڑی رحمت ہے جس میں نیکیوں کا اجر بھی کئی گنا بڑھا کر لکھا جاتا ہے دسترخوان کھلا کرنے سے رزق بڑھتا ہے اس بابرکت مہینے میں غریب نادار اور مستحق افراد کا خیال ضرور رکھیں تاکہ وہ بھی رمضان کی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔

بلاڈوگر قتل کیس، ملزمان کا 4 روزہ ریمانڈ منظور

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) بلاڈوگر قتل کیس، ملزمان کا 4 روزہ ریمانڈ منظور۔ تفصیلات کے مطابق جہانزیب عرف بلاڈوگر قتل کیس میں چاروں نامزد ملزمان کو علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا، ایس ایچ او تھانہ سٹی ارسلان امجد اور تفتیشی آفیسر راؤ شاہد نے پولیس و ایلیٹ فورس کی بھاری نفری کے ہمراہ ملزمان کو علاقہ مجسٹریٹ تھانہ سٹی وسیم حسن کی عدالت میں برائے ریمانڈ پیش کیا، جہاں عدالت نے ملزمان کا چار روزہ ریمانڈ منظور کرتے ہوئے پولیس کے حوالے کر دیا اور ملزمان کو چار روز بعد دوبارہ روبرو عدالت پیش کیا جائے گا۔

غلہ منڈی کے الیکشن میں میاں عبدالرؤف صدر اور محمد انور رحمانی جنرل سیکرٹری منتخب

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) غلہ منڈی کے الیکشن میں میاں عبدالرؤف صدر اور محمد انور رحمانی جنرل سیکرٹری منتخب تفصیلات کے مطابق غلہ منڈی میاں چنوں کے الیکشن میں فرینڈز گروپ کے میاں عبدالرؤف 180 ووٹ لیکر صدر اور انور رحمانی جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے، غلہ منڈی کے 221 ٹوٹل ووٹ تھے جن میں سے کامیاب پینل نے 189 وقت حاصل کئے، جیت کی خوشی میں حامیوں نے خوب بھنگڑے ڈالے۔

جہلم شہر میں نکاسی آب اور سیوریج سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے سیوریج پائپ لائن کا منصوبہ جاری ہے

جہلم (بیورو رپورٹ): جہلم شہر میں نکاسی آب اور سیوریج سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے سیوریج پائپ لائن کا منصوبہ جاری ہے، مین بازار میں جاری نالے کے پروجیکٹ کو جلد مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں جس سے شہر میں بارشی پانی کھڑا ہونے اور سیوریج کی بندش کی شکایات دور ہو جائیں گی ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے یہ بات نیا بازار اور مین بازار میں جاری سیوریج پائپ لائن کے کام کا جائزہ لیتے ہوئے کہی اس موقع پر میونسپل افسران نے ڈی سی جہلم کو سیوریج لائن بچھانے کے کام پر اب تک کی پیش رفت سے اگاہ کیا ڈی سی جہلم میثم عباس نے کہا کہ نالے کی تعمیر کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے اور سیوریج لائن کو بچھانے کے دوران شہریوں کی مشکلات اور تاجروں کے کاروبار کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر مکمل کی جائے۔

فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی میں تقرریاں، فاران صدیق ہاشمی کو اہم ذمہ داری سونپ دی گئی

دیانت داری اور غیر معمولی انتظامی صلاحیتوں کے باعث ادارے میں نمایاں حیثیت رکھتے ہیں

فیصل آباد (افشاں بتول) فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (FDA) میں اہم انتظامی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ فاران صدیق ہاشمی، جو اپنی ایمانداری، دیانت داری اور غیر معمولی انتظامی صلاحیتوں کے باعث ادارے میں نمایاں حیثیت رکھتے ہیں، کو ڈپٹی ڈائریکٹر (BS-17) کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ آفیسر FDA کا اضافی چارج دے دیا گیا ہے۔ فاران صدیق ہاشمی کا شمار ان افسران میں ہوتا ہے جو اپنی پیشہ ورانہ مہارت، شفافیت اور محنت کے باعث ادارے میں عزت و وقار کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ ان کے مثالی کردار اور اعلیٰ کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں یہ اہم ذمہ داری سونپی گئی ہے، اور توقع کی جا رہی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس عہدے پر بھی شاندار کارکردگی دکھائیں گے۔ اس کے علاوہ قمر شہزاد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (BS-17) کو ان کے موجودہ عہدے سے تبدیل کر کے ڈائریکٹوریٹ آف ایڈمنسٹریشن میں تعینات کر دیا گیا ہے۔

نارنگ میں اوور بلنگ: واپڈا نے بجلی صارفین کی چیخیں نکلوا دیں

زیرو یونٹ پر 14 ہزار روپے بل بھیج دیا: صارفین سراپا احتجاج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بجلی کے بلوں میں اوور چارجنگ لیسکو کی غریب شہریوں کے ساتھ زیادتی پر زیادتی صارفین کے واپڈا دفتر میں چکر پر چکر زیرو یونٹ پر صارفین کو ہزاروں روپے بل بھیج دیئے گے صرف کیے گئے یونٹس 100 سے کم اور ہزاروں روپے بل بھیج دیا جاتا ہے شہری پھٹ پڑے سردی کے مہینوں میں عموماً کم بجلی استعمال ہوتی ہے اس کے باوجود گرمیوں کی ایوریج کے حساب سے بلز بھیج دیے گئے یوں بجلی صارفین کو کروڑوں روپے کا ٹیکہ لگے گا 1800 نئے میٹرز آئے جو مفت تبدیل کرنے کا اعلان کیا گیا تھا اس کے باوجود تاخیری حربے استعمال کیے جا رہے ہیں اور جن کے میٹر تبدیل کئے گے ان صارفین کو صفر یونٹ پر دس سے چودہ ہزار کا ٹیکہ لگایا گیا ہے صارفین لیسکو آفس کے چکر لگا لگا کر چکرا گئے مگر طفل تسلیوں کے سوا کچھ نہیں دیا جا رہا ہے غیر ضروری بلز نے عوام کا پارہ ہائی کر دیا ہے انہوں نے وزیر توانائی اور چیف لیسکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

POLICE
POLICE

انچارج چوکی گلفشاں کالونی احسان بٹ ان ایکشن، جمیل پارک میں طارق کے فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، فحاشہ سمیت پانچ افراد گرفتار

بارش اور ژالہ باری سے ہزاروں ایکڑ رقبے پر فصلیں تباہ

کسانوں کا لاکھوں روپے مالیت کا نقصان: حکومت امداد کرے: واجد علی خاں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بارش اور ژالہ باری کے اثرات ہزاروں ایکڑ رقبے پر گندم کی تیار فصل تباہ ہو گئی کسان چارے کے طور پر استعمال کرنے پر مجبور جمع پونجی نئی فصل اگانے پر لگا دی جاتی ہے لیکن قدرتی آفت نے سب کچھ تباہ کر دیا معروف زمیندار سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری واجد علی خاں چوہدری نوازش علی خاں وجاہت علی خاں اور سماجی شخصیت میاں شفاعت علی نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا گزشتہ روز شدید ژالہ باری سے ہزاروں ایکڑ اراضی لگی گندم اور برسین کی فصل تباہ ہو چکی تباہ شدہ گندم کی فصل کو مویشیوں کے لئے چارہ کے طور استعمال کر رہے ہیں حکومت سے مطالبہ ہے کہ علاقے کو آفت زدہ قرار دے کر گندم چارہ اور دیگر کسانوں کی تباہ ہونے والی فصلوں کے نقصان کا تخمینہ لگایا جائے اور ان کی مالی امداد کی جائے حالیہ بارشوں اور شدید برف باری نے کاشتکاروں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے انہیں ریلیف دینے کیلئے مالی امداد کا اعلان کیا جائے۔

چونیاں اور قصور کے مختلف جگہوں پر عام شہری اور روزہ دار ٹریفک پولیس اہلکاروں سے تنگ

ناکے لگا کر روزے دار موٹر سائیکل سواروں کو پکڑ کر زبردستی ڈرائیونگ لائسنس بنوانے پر بلبلا اٹھے

CITY TRAFFIC POLICE
LAHORE

پرچونیاں (تحصیل رپورٹر) چونیاں اور قصور کے مختلف جگہوں پر عام شہری اور روزہ دار ٹریفک پولیس اہلکاروں سے تنگ، ناکے لگا کر روزے دار موٹر سائیکل سواروں کو پکڑ کر زبردستی ڈرائیونگ لائسنس بنوانے پر بلبلا اٹھے۔ ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کی مہم کو رمضان المبارک کے مہینے میں روکا جائے۔ ایڈیشنل ائی جی ٹریفک پنجاب مرزا فرحان بیگ سے عام شہریوں کی اپیل۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ماہ رمضان کے مہینے میں ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کی مہم کو روک دیا جائے۔ شہری جو روزہ افطاری کا سامان وغیرہ لینے جاتے ہیں ان کو اہلکار پکڑ کر زبردستی تھانے لے جاتے ہیں اور ڈرائیونگ لائسنس بنواتے ہیں شہریوں کا کہنا تھا کہ ڈرائیونگ لائسنس بنوانا ایک عام شہری کا اخلاقی فرض ہے ہر ڈرائیور کو اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوانا چاہیے لیکن ماہ رمضان کے مہینے میں موٹر سائیکل سواروں کو زبردستی روک کر ڈرائیونگ لائسنس بنانے والی مہم رمضان کے مبارک مہینہ میں ختم کر دینی چاہیے تاکہ روزہ دار خوار نہ ہوں۔ ضلع قصور بھر میں ٹریفک اہلکار سارا دن ناکہ لگا کر روزے داروں کو موٹر سائیکل سمیت تھانہ میں بند کر دیتے ہے۔

اوکاڑہ کے نواح میں بیوی نے آشناء سے ملکر اپنے خاوند کو زہر دیکر قتل کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں بیوی نے آشناء سے ملکر اپنے خاوند کو زہر دیکر قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ بونگہ اعوان کے رہائشی محمد اسلم کی شادی یاسمین سے ہوئی تھی جس نے محمد احمد نامی شخص سے ناجائز تعلقات استوار کر لئے علم ہونے پر محمد اسلم نے اپنی بیوی کو منع کیا جس کی رنجش پر یاسمین نے اپنے آشنا محمد احمد سے ملکر اپنے خاوند کو زہریلی گولیاں کھلا دیں جسے ہسپتال لے جایا گیا مگر محمد اسلم ہسپتال جا کر جاں بحق ہو گیا پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔

نامعلوم چور موٹر سائیکل، رکشہ اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور موٹر سائیکل، رکشہ اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا اعجاز اپنا رکشہ فوارہ چوک میں کھڑا کر کے گیا جس کو نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کے نعیم کی ہمشیرہ بازار میں شاپنگ کرنے گئی تو نامعلوم چور اس کے پرس سے موبائل فون اور نقدی سات ہزار روپے چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا عرفان اپنی موٹر سائیکل نیو کچہری کے پاس کھڑی کر کے گیا جس کا نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس 64 فور آر کی نا اہلی کی وجہ سے مٹی ٹرالی مافیا نے گیمبر شہریوں کا جینا محال کر دیا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس 64 فور آر کی نا اہلی کی وجہ سے مٹی ٹرالی مافیا نے گیمبر شہریوں کا جینا محال کر دیا ہر طرف گرد و غبار شہری سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس 64 فور آر کی نا اہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر میں مٹی ٹرالی مافیا نے گیمبر کے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہر طرف گرد و غبار اور مٹی ہی مٹی جس کی وجہ سے گیمبر کے شہری سانس کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے رمضان المبارک میں شہریوں کا جینا محال بد قسمتی سے ضلعی انتظامیہ موٹروے پولیس بیٹ 15 اور پٹرولنگ پولیس 64 فور آر نے خاموشی کی چادر اوڑھ کر۔ خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنا شروع کر دیا گیمبر میں مٹی ٹرالی مافیا کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں گیمبر کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی موٹروے پولیس اور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر میں بے لگام مٹی ٹرالی مافیا کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور مٹی ٹرالی مافیا کو کیفر کردار تک پہنچائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم ہو سکے

مہنگائی کے باعث اشیا شہریوں کی قوت خرید سے باہر

مریدکے (تحصیل رپورٹر) سہولت بازار سمیت بازاروں میں کھجور سبزی فروٹ آٹا دال چینی مٹن چکن بیف کی خود ساختہ مہنگائی کے باعث اشیا شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہو گئی ماہ رمضان کی آمد میں انتظامیہ سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کروانے میں ناکام شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق مریدکے شہر سمیت تحصیل بھر میں خود ساختہ مہنگائی رمضان کی آمد پر خود ساختہ مہنگائی خورد و نوش اشیا آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں مریدکے کے بازاروں میں کھجور آٹا دال چینی سبزیاں پھل مٹن چکن بیف سرکاری نرخ ناموں سے زائد وصول کیے جا رہے ہیں انتظامیہ بھی عملدرآمد کروانے میں ناکام ہے دوکاندار سرکاری ریٹ کو ناقص اشیا فروخت کروانے کا شکوہ کرتے دکھائی دیتے ہیں اور سرکاری نرخوں پر فروخت کرنے سے انکاری بھی ہیں مہنگائی کے باعث خورد و نوش اشیا شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہو گئی ہیں شہریوں نے بڑھتی مہنگائی پر وزیر اعلیٰ پنجاب چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری بلدیات کمشنر ریجن لاہور اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے فوری نوٹس لیتے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ کیا ہے

ایس ایچ او صدر غازی میاں رزاق کی کرائم کنٹرول کاروائیاں جاری



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) تھانہ صدر سیالکوٹ کے دبنگ ایس ایچ او انسپکٹر غازی میاں محمد رزاق کی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد کرتے جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرتے کامیاب کاروائیاں جاری اس دوران بدنام زمانہ منشیات فروش سے چار کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے گرفتار کر لیا۔ دوسری جانب کمسن بچوں کے ساتھ بدفعلی کرنے والے بدقماش و اخلاق باختہ 2 ملزمان بھی گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیئے ترجمان سیالکوٹ پولیس ملک وقاص نے بتایا کہ ڈی پی او فیصل شہزاد کی ہدایات پر ایس ایچ او صدر سیالکوٹ انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث محمد سعید اور حامد عرف بلا کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر انکے قبضہ سے چار کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے انکے خلاف مقدمات درج کر لئے جبکہ پانچ سالہ بچے عاطف سے بدفعلی کرنے والے ملزم رفیق مسیح اور 7 سالہ بچے ابراہیم سے بدفعلی کرنے والے ملزم قاسم کو گرفتار کر لیا ہے ملزمان نے پکی کوٹلی اور ہنڈل کے قریب بچوں کو بدفعلی کا نشانہ بنایا تھا۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

چھانگا مانگا فارسٹ پارک اور لال سوہانرا نیشنل پارک کو ایکوٹورازم کے فروغ کے لئے ڈویلپ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ سیاحت کے فروغ کے لئے گورننس کی بہتری کے لئے پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی ایکٹ 2025ء پیش کیا جائے گا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کی پہلی مکمل ٹورازم میگنی فیسینٹ ایپ تیار کرلی گئی، ایپ کا جلد آغاز کر دیا جائے گا۔ میگنی فیسینٹ ایپ کے ذریعے 170 سیاحتی مقامات کی ورچوئل سیر کی جا سکے گی۔ پہلی ٹورازم ایپ میگنی فیسینٹ پنجاب میں سیاحت سے متعلق تمام ترفیچرز شامل ہیں۔ میگنی فیسینٹ ایپ کے ذریعے ٹریول وزٹ اور ہوٹل بکنگ بھی کی جا سکے گی۔ میگنی فیسینٹ ایپ کے ذریعے فوڈ پانڈا اور دیگر سروسز بھی حاصل کی جا سکیں گی۔ میگنی فیسینٹ ایپ پر چیٹ بوٹ سے مفید معلومات بھی حاصل کی جا سکیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے سب سے بڑے اور جامع ٹورازم پلان کی بھی اصولی منظوری دے دی۔ ٹورازم پلان کے تحت پنجاب بھر میں مذہبی، تاریخی، قدیمی ورثہ، اثار قدیمہ اور ایکوٹورازم کو فروغ دیا جائے گا۔ قدیمی تہذیب سے قربت کا احساس دلانے کے لئے سیاحوں کے لئے ٹورسٹ ولیج بھی بنائے جائیں گے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ ٹورازم ٹریل بھی تیار کی جائیں گی۔ ڈسٹرکٹ مال روڈ، والڈسٹی آف لاہور، سکھ سائٹ، جی ٹی روڈ کی مغل یادگاریں بھی سیاحتی ٹریل میں شامل ہیں۔ سالٹ رینج، بھاٹی گیٹ، ٹیکسالی گیٹ، گوجرانوالہ، ایمن آباد سکھ ٹورازم ٹریل بھی قائم کی جائیں گی۔ مختلف شہروں کے سیاحتی مقامات کو ٹورازم کلسٹر کے طور پر ڈویلپ کیا جائے گا۔ گندھارا تہذیب سے متعلق گندھارا ٹریل میں ٹیکسلا میوزیم، دھرما راجک، جولیاں، سرکپ اور گری قلعہ بھی ٹورازم پلان میں شامل ہے۔ ملتان کی لیونگ ہیریٹیج سائٹ قلعہ کہنہ قاسم باغ کو وادی سندھ کی تہذیب کے نشان کے طور بحال کیا جائے گا۔ اُچ شریف میں زائرین کی سہولت کے لئے خصوصی ٹریل ڈویلپ کی جائے گی۔ فروغ سیاحت کے لئے گوردوارے اور گرجا گھروں کے قدیمی عمارتوں کو بھی بحال کرنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں عالمی سیاحت کے فروغ کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ تمام سیاحتی مقامات کو عالمی معیار کے مطابق بنانے چاہتے ہیں۔ ٹیکسلا کو مکمل ٹورسٹ سائٹ بنایا جائے گا، فائیو سٹار ہوٹل بھی تعمیر کیا جائیگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پوری توجہ پنجاب میں سیاحت کے فروغ پر مرکوز ہے، سیاحتی ہب بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 2

تبدیل کی گئی۔ خستہ حال دروازے، ٹوٹا پھوٹا فرنیچر اور بوسیدہ عمارتیں جدید ترین مریم نواز شریف ہیلتھ کلینک میں بدل دی گئیں۔ سٹیٹ آف دی آرٹ مریم نواز ہیلتھ کلینک میں نیا فرنیچر، جدید ترین طبی آلات، سٹریچر، چمچماتے فرش، صاف ستھرے کمرے، وارڈ اور نئے واش روم ہیلتھ کلینک کی زینت ہیں۔ ہر مرکز صحت میں صاف ستھری، نئی خوبصورت الماریاں، جدید ایل ای ڈی لائٹ اور نیم پلیٹ آویزاں کر دی گئی۔ سرگودھا کے علاقے پھلرواں کا بوسیدہ حال مرکز صحت تعمیر و بحالی کے بعد بالکل بدل گیا۔ ملتان کے نواحی قاسم بیلہ میں مرکز صحت کی تعمیر و مرمت مکمل ہونے سے مریض مستفید ہو رہے ہیں۔ وہاڑی کے نواحی گاؤں 87 ڈبلیو بی کا رورل ہیلتھ سینٹر میں شاندار کلینک قائم کر دیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ اٹک کے علاقے باہتر کا آر ایچ سی بھی شاندار کلینک میں تبدیل ہوگیا۔ ضلع گجرات اور سیالکوٹ کے مراکز صحت کو مریم نواز ہیلتھ کلینک کی صورت دیکھ کر عوام انتہائی خوش ہیں۔ بھکر کے علاقے ڈگر رہتاس کے مراکز صحت کی اندرونی اور بیرونی شکل تبدیل ہوگئی۔ وہاڑی کے علاقے اڈہ موچیاں والا میں قدیمی مرکز صحت نے شاندار مریم نواز ہیلتھ کلینک کی صورت اختیار کر لی۔ ضلع خانیوال کے پرانے مراکز صحت کو بھی نئے مریم نواز ہیلتھ کلینک میں بدل دیا گیا جس سے علاقے کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

بقیہ بقیہ جات 3

حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر کابینہ کا خصوصی اجلاس سے خطاب کے دوران شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج ہماری حکومت کو ایک سال مکمل ہوگیا ہے، آج ہی کے دن یہ حکومت بنی تھی، لیکن اپوزیشن ہمارے خلاف کوئی سکینڈل نہیں لا سکی۔ انہوں نے کہا کہ آج نہ صرف ہم ایک سال مکمل کر چکے بلکہ دو دن پہلے کابینہ میں اضافہ بھی ہوا، مجھے پورا یقین ہے کہ آپ کی شمولیت سے مجھے، حکومت اور عوام کو بے پناہ فائدہ پہنچے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج ماہ رمضان کا تیسرا دن ہے اور اس ماہ کی برکات پورے پاکستان کے 24 کروڑ عوام اللہ کی رحمت سے فیض یاب ہو رہے ہیں اور یہ مہینہ ہمیں درس دیتا ہے کہ اپنے آپ کو خدمت انسانیت کے لیے وقف کر دیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کہ حکومت پاکستان نے اس سال رمضان پیکیج پچھلے سال کے 7 ارب روپے کے مقابلے میں 20 ارب روپے مختص کیا ہے، جو چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں 40 لاکھ خاندانوں کو انتہائی جدید طریقے سے پہنچایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ مقدس مہینہ اس بات کا بھی تقاضا کرتا ہے کہ فلسطین اور کشمیر کے عوام کے ساتھ ہم بھرپور طریقے سے اظہار یکجہتی کریں اور 50 ہزار سے زائد غزہ میں لوگ شہید کیے جا چکے ہیں اور کشمیر کی وادی بھی کشمیریوں کی خون سے سرخ ہو چکی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ آج غزہ میں جنگ بندی کے باوجود رمضان شریف میں فلسطینیوں کی خوراک اور امداد کو بند کرنے سے بڑا ظلم کوئی نہیں ہوسکتا، اس پر ہمیں بھرپور آواز اٹھانی ہے اور اللہ چاہے گا کہ اسی رمضان کی برکات سے کشمیری اور فلسطینی عوام کو ان کا حق جلد اور ضرور ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 4

حکام کے ساتھ مکمل ہوا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی لیول مذاکرات کا آغاز ہوگیا ہے جس میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور ناتھن پورٹر قیادت کر رہے ہیں جب کہ سیکرٹری خزانہ اور چیئرمین ایف بی آر بھی مذاکرات میں شریک ہیں۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے لیے پالیسی مذاکرات ہو رہے ہیں جو 2 ہفتے تک جاری رہیں گے۔ ان مذاکرات کے بعد جائزہ مشن اپنی سفارشات آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ کو دے گا جو اس ماہ کے آخر یا اپریل کے اوائل میں 1.1 ارب ڈالر کی اگلی قسط جاری کرنے اور بجلی سستی کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں حتمی فیصلہ کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 5

دیتے ہوئے عمرے پر جانے کی اجازت دے دی۔ منگل کو درخواست پر سماعت جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس ثابت اللہ خان نے کی۔ دوران سماعت جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ نے کہا کہ آپ عمرہ کر کے واپس آجائیں تو پھر کیس کو دیکھیں گے، فیصل جاوید کو عمرہ کرنے دیں، واپس یہی پر آئیں گے۔ جس کے بعد عدالت نے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 6

کہا کہ معیشت کی بہتری کیلئے نوجوان اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ کارپوریٹ قانون میں بہتری کی گنجائش موجود ہے، کارپوریٹ لاء اتھارٹی کو خودمختار ادارہ بنایا، مسابقتی کمیشن صارفین کے حقوق کے تحفظ کے ذمے دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو آگے لے کر جانا ہم سب کی اجتماعی ذمے داری ہے، تمام اسٹاک مارکیٹوں کے انضمام کے بعد پاکستان اسٹاک ایکسچینج آج بلندیوں کو چھو رہی ہے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ مسابقتی کمیشن کی ذمے داری کنزیومر پروٹیکشن سوسائٹی کیلئے اہم ہے، 2013ء میں پاکستان غیر مستحکم مارکیٹ ڈکلیئر ہوگیا تھا، اس کے بعد معیشت بہتر ہوئی، اسٹاک مارکیٹ بلندیوں پر پہنچی، اگر ملک نے آگے جانا ہے تو اس میں بہت پوٹینشل ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ خدا نے ہمارے ملک کو ہر قسم کی نعمت سے نوازا ہے، ہم نے اینٹی مناپلی لاء کو مضبوط کیا، لوگوں کو مناپلی کے بارے میں زیادہ سمجھ نہیں، ڈاکٹر کبیر سدھو سی پی کو کامیابی سے آگے لے کر بڑھ رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 27 سال کے بعد ہم نے ایس ای او کی صورت میں کثیر الجہتی ایونٹ کیا، اس طرح آگے بڑھتے رہے تو 2030ء تک پاکستان جی 20 کا حصہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 7

پرتوہین عدالت کی درخواست نمٹادی۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل عبدالغفور انجم اور بانی پی ٹی آئی کی جانب سے فیصل چوہدری ایڈووکیٹ عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ جو حکم دیا تھا اس پر عمل ہو رہا ہے؟ جس پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے بتایا کہ اس عدالت کے حکم پر مکمل عمل ہو رہا ہے درخواست گزار کے وکیل کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ اگرچہ جیل رولز میں یہ ملاقات کرانے کا ذکر موجود نہیں تاہم ہفتہ وار بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی ہر منگل کو ملاقات کرا رہے ہیں۔ اس حوالے سے ان کے وکیل کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سرفراز ڈوگر نے بانی پی ٹی آئی کے وکیل سے مکالمے میں کہا کہ یہ تو آپ کو فیور دے رہے ہیں جس پر وکیل نے جواب دیا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کی یقین دہانی آجائے کہ عدالتی فیصلے پر عمل درآمد ہوگا۔ مسئلہ ان کی طرف سے نہیں آتا کہیں اور سے آتا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ مسئلہ کہیں سے بھی نہیں آتا۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ ہم یہاں بیٹھے ہیں ہم دیکھ لیں گے۔ عدالت نے فیصلے پر عملدرآمد کے بعد درخواست نمٹادی۔

بقیہ بقیہ جات 8

کے تحت 42.5 ملین پودے اگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ مالی سال 2024-25 میں 8,496 ایکڑ رقبے پر 7.361 ملین درخت لگانے کا منصوبہ ہے۔ اس مقصد کیلئے رواں مالی سال میں 1,800 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جن میں سے اب تک 1,085 ملین روپے خرچ کئے جاچکے ہیں جو کل بجٹ کا 60 فیصد بنتا ہے۔ انہوں نے بتایا موسم بہار کے دوران 6,637 ایکڑ زمین پر 5.966 ملین درخت لگانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، اس مہم کے تحت لاہور، قصور، گوجرانوالہ، گجرات، مری، راولپنڈی، سرگودھا، مظفر گڑھ سمیت 300 سے زائد مقامات پر شجر کاری کی جا رہی ہے۔ پراجیکٹ میں سوہانجنا، چیڑ، نیم، کیکر، شیشم، سرس، بکائن، سمبل، ارجن کے ساتھ ساتھ مختلف پھل دار درخت بھی شامل کئے گئے ہیں جو نہ صرف فضائی آلودگی میں کمی کا باعث بنیں گے بلکہ ماحولیاتی خوبصورتی میں بھی اضافہ کریں گے۔ یہ منصوبہ مجموعی طور پر 8,000 ملین روپے کی لاگت سے مکمل کیا جائے گا جس کے تحت جنگلات، بیلا جات، نہروں کے کنارے، سڑکوں کے اطراف، پوٹھوہار کے پہاڑی علاقے، مری اور صحرائی خطوں کو سرسبز بنانے پر کام جاری ہے، اب تک 14,000 ایکڑ رقبے پر 2.73 ملین پودے لگائے جاچکے ہیں، اور یہ منصوبہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف ماحولیاتی تحفظ کیلئے اہم ہیں بلکہ آئندہ نسلوں کیلئے بھی ایک سرسبز اور صحت مند پنجاب کی بنیاد رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 9

سبزیاں، دالیں، چقندر کا جوس مل رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کو کافی، اُبلے ہوئے انڈے اور خشک میوہ جات کھانے کو ملتے ہیں، بشریٰ بی بی کا کھانے کو جو دل چاہتا وہ مہیا کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں بیٹھے ایک شخص کو خواب آئی ہے ان کے آقا کو جیل میں کھانا نہیں مل رہا، دو روز قبل ان کی جماعت کے ترجمان نے بھی بانی پی ٹی آئی کی بیماری سے متعلق جھوٹ بولا بلکہ پمز کے چار سینئر ڈاکٹروں کی ٹیم نے آدھا گھنٹہ ان کا تفصیلی طبی معائنہ کیا، ڈاکٹروں نے بانی پی ٹی آئی کو مکمل صحت مند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب اس جماعت کے پاس کوئی کارڈ نہیں بچتا تو مظلومیت کارڈ اور ہمدردی کارڈ کھیلنا شروع کر دیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

ہو چکی ہیں، مخالفین بھی ماننے پر مجبور ہیں کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی معیشت کو ایک مشکل دور سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ منگل کو حکومت کا ایک سال مکمل ہونے پر اپنے بیان میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ معاشی استحکام کے نمایاں اشاریوں میں افراط زر 38 فیصد سے کم ہو کر 2.4 فیصد پر آگئی، شرح سود 22 فیصد سے گھٹ کر 12 فیصد ہوگئی، زرمبادلہ کے ذخائر 16 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے، سٹاک مارکیٹ 118,000 پوائنٹس عبور کر چکی ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس 1.2 ارب ڈالر ہوگیا، ترسیلات زر 30 ارب ڈالر سے بڑھ کر 35 ارب ڈالر تک پہنچیں، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں سرمایہ کاری 9.1 ارب ڈالر تک جا پہنچی، آئی ایم ایف کا اعتماد بحال، عالمی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں نے مثبت جائزہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی حکومت کے سخت اور ضروری معاشی فیصلوں کے باعث ممکن ہوا، سمگلنگ کی روک تھام، کرپشن کے خلاف اقدامات، اور مالیاتی نظم و ضبط قائم ہوا، جس کی بدولت آج پاکستان میں کاروباری اعتماد بحال ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے بروقت فیصلوں نے ملک کو بحران سے نکال کر ترقی کے سفر پر گامزن کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

ہیں، 9 مئی سمیت 15 مقدمات لاہور میں درج ہیں، جن میں نو مئی کے 13 مقدمات میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف تفتیش جاری ہے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق 4 مقدمات فیصل آباد، ایک اٹک اور ایک گوجرانوالہ میں درج ہیں جبکہ 9 مئی کے 11 مقدمات راولپنڈی میں درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو سحری و افطار میں کچھ فراہم نہیں کیا جا رہا۔ ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو مجبوراً نہار منہ روزہ رکھنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں پر پابندی رمضان میں کارکنوں کو اذیت دینا ہے، حکومت کے اوچھے ہتھکنڈوں کے باعث عوام میں تشویش پائی جاتی ہے۔ بیرسٹر سیف کا یہ بھی کہنا ہے کہ ملاقاتوں پر پابندی عدالتی احکامات کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

مصطفیٰ عامر کے قتل کیس کے معاملے پر قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے ذیلی کمیٹی بنا دی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی میں سابق وفاقی وزیر عبدالقادر پٹیل، رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ اور نبیل گبول شامل ہیں، ایم کیو ایم سے خواجہ اظہار الحسن بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ کمیٹی نے مصطفیٰ عامر کیس میں آئندہ اجلاس میں آئی جی سندھ کو طلب کرلیا ہے۔ داخلہ امور کی قائمہ کمیٹی نے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے اور انسداد منشیات فورس اے این ایف کو تحقیقات کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

سماعت کر رہا ہے۔ دوران سماعت جسٹس محمد علی مظہر نے وکیل فیصل صدیقی سے سوال کیا کہ ملٹری کورٹ سے کتنے لوگ رہا ہوئے؟ سول سوسائٹی کے وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ 105 ملزمان تھے، جن میں سے 20 ملزمان رہا ہوئے۔ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ 20 کے بعد 19 مزید رہا ہوئے، اس وقت جیلوں میں 66 ملزمان ہیں۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ امریکا میں رواج ہے دلائل کے اختتام پر فریقین کو پروپوزڈ ججمنٹ کا حق دیا جاتا ہے، کورٹ مارشل کا بھی متبادل ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ جرم کسی نے بھی کیا ہو سزا تو ہونی چاہیے، ٹرائل یہاں ہو یا وہاں ہو کیا فرق پڑتا ہے؟ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ ٹرائل میں زمین آسمان کا فرق ہے، ایک ٹرائل آزاد ہے دوسرا ملٹری میں ہے، جہاں دفاع پاکستان کو خطرہ ہو وہاں سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل ہو سکتا ہے، 9 مئی واقعات میں کیسز توڑ پھوڑ کے ہیں۔ سول سوسائٹی کے وکیل فیصل صدیقی کے دلائل مکمل ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 15

مہاجر کیمپوں تک وسیع کر دیا گیا۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی مردان طارق حبیب کی صدارت میں اجلاس اہم اجلاس ہوا، جس میں خودکش کو حقانیہ تک پہنچانے والا سہولت کار کون تھا؟ جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم نے سر جوڑ لیے۔ خودکش بمبار کی تفصیلات نادرا سے شیئر کی گئی، حقانیہ حملہ، خودکش بمبار کا نادرا میں ریکارڈ نہ مل سکا جبکہ تفتیش کا دائرہ کار افغان مہاجر کیمپوں تک وسیع کر دیا گیا۔ خودکش بمبار کی عمر 21 سے 22 سال تھی، اب تک کسی کالعدم تنظیم نے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔ واضح رہے کہ چند روز قبل 28 فروری کو نوشہرہ میں نماز جمعہ کے دوران دہشت گردی کا واقعہ پیش آیا تھا، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی مسجد میں خودکش دھماکے میں مولانا سمیع الحق کے بیٹے مولانا حامد الحق سمیت 7 افراد شہید اور 16 افراد زخمی ہوگئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 16

رمضان پروگرام کیلئے خاتون اینکر بھرتی کرنے پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی وی میں سفارشی بیٹھے تھے تو کسی نے اعتراض نہیں کیا، ڈیڑھ لاکھ کی ریسرچر تھی جسے 6 لاکھ کی اینکر بنا دیا گیا، صبح سے شام ٹی وی لگائیں صرف سفارشی اینکرز تھے، سفارشی بھرتی والوں کو گھر بھیجا، دس لاکھ کے بجائے بیس لاکھ پر لاؤں گا کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے، سفارشی بھرتیوں نے پی ٹی وی کو تباہ کیا، ہم سب بھی پی ٹی وی کی تباہی میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ نہیں بتاتے یہ پی ڈبلیو ڈی یا ورکس ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے یہ میڈیا ہے، جب ایسے اسکروٹنائز کریں گے تو کوئی پی ٹی وی آنے کو تیار نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں اینکرز کا مستقبل نہیں خراب کرنا چاہتا، یہ ٹھیک ہے ڈیجیٹیل میڈیا کی وجہ سے روایتی میڈیا مشکلات کا شکار ہے، اشتہارات کے حوالے سے ٹی وی چینلز سے درخواست آئی ہے کہ ہمیں محدود نہ کریں تاکہ تنخواہیں بروقت دے سکیں۔ دوران اجلاس چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ وزارت اطلاعات کا رویہ مثبت نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

نمونے 3 سے 12 فروری کے درمیان لیے گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 18

سربراہ ڈاکٹر احمد الطیب نے عرب ممالک کے رہنماؤں پر زور دیا ہے کہ وہ فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کے منصوبوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی صفوں میں اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے عرب سربراہ اجلاس کی کامیابی کے لیے اپنی طرف سے نیک تمناؤں اور اجلاس کی کامیابی کی دعا کی۔ اپنے فیس بک پیج پر شیخ الازہر احمد الطیب نے کہا کہ ہم عرب رہنماؤں پر زور دیتے ہیں کہ وہ یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے گھر کرنے کے ناقابل قبول منصوبوں کا مقابلہ کرنے اور غزہ کی تعمیر نو کے لیے عرب تجویز کو فعال کرنے کے لیے ایک متفقہ موقف اختیار کریں۔

بقیہ بقیہ جات 19

آنے والے مہینوں میں اردن کے ساتھ ساتھ مقبوضہ مغربی کنارے کے ساتھ اپنی سرحد پر ایک دیوار تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ اس منصوبے کا مقصد اسلحے کی اسمگلنگ کو روکنا ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل پر چار سال کا عرصہ لگے گا۔ اس سے غرب اردن کی اسرائیلی بستیوں کو تحفظ ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 20

تحریری بیان میں کہا کہ میں رمضان کے مقدس مہینے کے موقع پر اپنی نیک خواہشات بھیجتا ہوں۔ مذہبی آزادی امریکہ میں طرز زندگی کا ایک لازمی حصہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم امن کا مستقبل بنانے اور ہر انسانی روح پر نقش ہونے والے وقار کی پہچان کے لیے اپنے عزم کی تصدیق کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

کہا ہے کہ زیلنسکی امن نہیں چاہتے۔ واشنگٹن انہیں زیادہ دیر تک برداشت نہیں کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے ٹروتھ سوشل اکائونٹ پر ٹرمپ نے زیلنسکی کے بیانات کی تصویر پوسٹ کی، جس میں انہوں نے زور دیا تھا کہ روس کے ساتھ جنگ کا خاتمہ بہت دور ہے۔ ٹرمپ نیان الفاظ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ یہ بدترین بیان ہے جو زیلنسکی کی طرف سے دیا جا سکتا ہے۔ امریکہ اسے زیادہ دیر برداشت نہیں کرے گا! میں یہی کہہ رہا ہوں، زیلنسکی اس وقت تک امن نہیں چاہتے جب تک اسے امریکہ اور یورپ کی حمایت حاصل ہو۔

بقیہ بقیہ جات 22

ہو گیا۔ لاہور بورڈ کے تحت پہلے روز دونوں شفٹوں میں مجموعی طور پر پانچ مضامین کے امتحانات ہوئے، مارننگ شفٹ میں عربی اور جغرافیہ کے مضامین جبکہ دوسری شفٹ میں آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائنگ ووڈ ورکنگ اور تاریخ مضامین کے امتحانات ہوئے۔ دہم جماعت کے امتحان میں 2 لاکھ 56 ہزار امیدوار شرکت کر رہے ہیں جبکہ رواں سال امتحان کیلئے 948 امتحانی مراکز بنائے گئے ہیں جن میں سے 156 امتحانی سینٹرز کو حساس قرار دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے میٹرک امتحانات کے دوران بوٹی مافیا کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ملوث افراد کو سخت سزاؤں کو خود فالو اپ کروں گا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ بوٹی مافیا کو کنٹرول کرنا مشن ہے، کسی کو کسی کے نمبرز نہیں چھیننے دیں گے، امتحانات شفاف بنانے کیلئے موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں، اب کوئی کسی طالبعلم کا متبادل نہیں ہوسکے گا، نہ حق مار سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام امتحانی مراکز کی نگرانی کیمرے کی آنکھ سے بھی ہو رہی ہے، اس مرتبہ پرائیویٹ سٹاف بطور امتحانی عملہ تعیناتی کی اجازت نہیں دی گئی، پرائیویٹ امتحانی سنٹرز کی تعداد میں بھی خاطر خواہ کمی لائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

کہا کہ فرانس اور برطانیہ نے یوکرین میں جزوی جنگ بندی کی تجویز پر اتفاق نہیں کیا تھا۔ اس تجویز کے بارے میں فرانسیسی صدر میکرون نے بات کی تھی۔ وزیر نے بتایا کہ جنگ بندی کی صورت میں کوئی معاہدہ نہیں ہوا ہے۔ برطانوی حکومت کے ایک اہلکار نے بھی بتایا کہ ایک ماہ کی جنگ بندی پر اتفاق نہیں ہوا ہے۔ اس سے پہلے فرانسیسی صدر میکرون اور برطانوی وزیراعظم سٹارمر نے کہا تھا کہ انہوں نے یوکرین میں ایک ماہ طویل جنگ بندی کی تجویز دی تھی۔ میکرون نے لی فگارو کی طرف سے رپورٹ کردہ بیانات میں وضاحت کی کہ جنگ بندی میں فضائی اور سمندری حملوں کو روکنا، توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا اور پھر جنگ کو روکنے کے لیے مذاکرات میں شامل ہونا شامل ہے۔ یوکرین کے اتحادی ممالک کے سربراہان نے لندن میں ایک سربراہی اجلاس منعقد کیا جس میں کیف کے لیے اپنی حمایت اور یورپ میں سلامتی کے لیے مزید کام کرنے اور دفاعی اخراجات میں اضافے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ اس سے قبل صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ولادیمیر زیلنسکی کے درمیان گرما گرمی ہوئی اور واشنگٹن نے یوکرینی صدر پر دباؤ بڑھایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 24

کی ایک طبی ٹیم نے ایک مریض کے پیٹ سے موبائل فون نکالا۔ یہ موبائل فون پورے 6 سال سے اس کے معدے کے اندر موجود تھا۔ مریض مسلسل پیٹ میں درد کی شکایت لے کر ہسپتال جاتا رہا۔ ڈاکٹروں نے فوری طور پر ضروری ٹیسٹ کروائے گئے اور معلوم ہوا کہ اس کے پیٹ میں کوئی نامعلوم دھاتی چیز موجود ہے۔ ڈاکٹروں نے دھاتی چیز کو ہٹانے کے لیے مریض کی فوری سرجری کرنے کا فیصلہ کیا اور اس سرجری میں تقریباً 45 منٹ لگے۔

بقیہ بقیہ جات 25

یہ دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار پایا ہے۔ گزشتہ کئی روز سے ابر آلود موسم کے بعد کراچی کا مطلع منگل کو صاف تاہم فضائی معیار خراب نکلا۔ شہر قائد کا ایئر کوالٹی انڈیکس 179 پرٹیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے اور منگل کو یہ دنیا کا آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست تھا۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کے مطابق شہر قائد میں منگل کی صبح کم سے کم درجہ حرارت 20.4 ڈگری سینٹی گریڈ اور ہوا میں نمی کا تناسب 34 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 26

احتجاج کرنے کا اعلان کر دیا۔ اپنے اپارٹمنٹ کے باہر اہلیہ اور بچوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صارم کے والد نے کہا کہ میرا بیٹا سات جنوری کو لاپتہ ہوا اور اٹھارہ جنوری کو اس کی ٹینک سے پانچ دن پرانی لاش ملی، ہمیں پولیس نے ابھی تک نہیں بتایا کہ اتنے روز صارم کہاں تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایف آئی آر کٹوائی لیکن اب تک قاتل گرفتار نہیں ہوئے، دو سو لوگوں کا فلیٹ ہے مگر پولیس قاتل کو نہیں پکڑ پا رہی، مجھے انصاف نہیں ملا تو میں کل پریس کلب جاؤں گا اور پھر گورنر ہاؤس بھی جاؤں گا۔ مقتول بچے کے والد نے کہا کہ میرے بچے کے قاتل اب تک نہیں پکڑے گئے، یہ کوئی گلی محلہ تھوڑی ہے، یہاں 200 فلیٹ ہیں، پولیس سے تفتیش کیوں نہیں کی جا رہی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کل تک کچھ معلومات نا ملی تو پریس کلب جاؤں گا، ہم سب کے پاس جا رہے ہیں، لیکن قاتل کھلے عام گھوم رہے ہیں، ہم کس کے پاس جائیں، کس کا دروازہ کھٹکھٹائیں، میری اعلیٰ حکام سے درخواست ہے اب ہماری بس ہوگئی ہے ہمارا ساتھ دیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہیں۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب سے 4 بلیک لسٹ اور ویزہ ختم پر 1، کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر 24 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ عمان سے 3 بلیک لسٹ، امیگریشن سے انکار پر 1 اور ملائشیا سے 1 کو ناپسندیدہ قرار دے کر بے دخل کیا گیا۔ متحدہ عرب امارات میں 1 بلیک لسٹ منشیات اور شراب نوشی پر 3 زائد المیعاد قیام پر 2 اور جیل سے رہا کر کے 37 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ سنگاپور پاسپورٹ گمشدگی پر 1، موزمبیق سے 1، عراق میں زائد المیعاد قیام 4، دیگر الزام پر 2 کو بے دخل کیا گیا۔ قطر سے 3 مفرور اور ساؤتھ افریقہ میں رضا کارانہ طور پر پیش ہوئے 1 اور ناپسندیدہ قرار دے کر 1 پاکستانی کو بے دخل کیا۔ مورا کو میں انسانی اسمگلنگ کیلئے پہنچے 2 نوجوانوں کو حراست میں لیکر پاکستان واپس بھیجا گیا جنہیں کراچی میں انسداد ہیومن ٹریفکنگ سرکل منتقل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ انجینئرنگ کا پروفیشن دنیا کا سب سے پرانا شعبہ ہے، دنیا کے تمام عجوبے انجینئرز نے تیار کیے، قدیم دور سے آج تک ہر ایجاد کے پیچھے انجینئرز کی کوشش رہی، پاکستان کی ترقی کے ہر شعبے میں بھی انجینئرز کا ہاتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیم، شاہرات، ترقیاتی منصوبے، میزائل اور ایٹمی پروگرام کے پیچھے انجینئرز ہیں، آج ہم نے جہاں کامیابیوں کو دیکھنا ہے، وہیں ناکامیوں پر بھی بات کرنی ہے، کیا وجہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں انجینئرز ہونے کے باوجود ملک دنیا کے ساتھ ترقی نہیں کرسکا، دنیا میں جن ممالک نے ترقی کی، انہوں نے ٹیکنالوجی کو اپنایا، ہمارے لیے گلوبل انوویشن انڈیکس کو جانچنا اہم ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ انوویشن میں دنیا بھر میں پاکستان کا نمبر 91 ہے، ہمارے پڑوسی اور دوست ممالک اس انڈیکس میں بہت آگے ہیں، اس انڈیکس میں بہتری کی وجہ سے ان ممالک کی معیشت ترقی کر رہی ہے، اتنے بہترین ذہن ہونے کے باوجود کیا وجہ ہے کہ ہم انوویشن میں پیچھے ہیں؟ ہمیں انجینئرنگ میں شعبہ تعلیم سے جدت کا آغاز کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہارڈ ویئر دینا حکومت کا کام، سافٹ ویئر بنانا جامعات کا کام ہے، ایک چھوٹے سے ملک اسرائیل کے سامنے سب مسلم ممالک بے بس ہیں، اسرائیل کی ٹیکنالوجی میں ترقی کی وجہ سے پورا مغرب اس کی جیب میں ہے، اسرائیل جو کرتا پھرے کوئی اس سے پوچھنے والا نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

18 مارچ کو منائی جائے گی انہوں نے 65ء کی جنگ میں ایک منٹ میں دشمن کے پانچ جہاز گرانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا۔ پاک فوج کے ہیرو ایم ایم عالم (محمد محمود عالم) کی برسی کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں قومی ہیرو کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ ایم ایم عالم 6 جولائی 1935ء کو بھارت کے شہر کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا کے محاذ پر دشمن ملک بھارت کے پانچ ہنٹر جنگی طیاروں کو ایک منٹ میں مار گرایا تھا جو کہ گنیز بک کے مطابق ایک عالمی ریکارڈ ہے یہ کارنامہ صرف پاکستانی فضائیہ کی تاریخ ہی نہیں بلکہ جنگی ہوابازی کی تاریخ کا ایک معجزہ تصور کیا جاتا ہے۔ ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کی 9 طیارے گرائے تھے۔ 65ء کی جنگ کے مذکورہ بے مثال اور بہادری سے بھرپور کارنامے پر ایم ایم عالم کو ستارہ جرات سے نوازا گیا جبکہ لاہور کے علاقہ گلبرگ میں ایک اہم سڑک کا نام ایم ایم عالم روڈ رکھا گیا ایم ایم عالم نے اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد جہانیاں کا دورہ بھی کیا تھا اور جامع مسجد حقانی میں نمازیوں سے خطاب بھی کیا تھا۔ ایم ایم عالم طویل عرصہ تک علیل رہنے کے بعد 18 مارچ 2013ء کو انتقال کر گئے۔

بقیہ بقیہ جات 30

میں پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے کی، جس میں بیرسٹر گوہر، اکبر ایس بابر اور دیگر الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت ممبر کے پی نے استفسار کیا کہ پی ٹی آئی کے اندر کے معاملات کون چلا رہا ہے؟ میڈیا میں سلمان اکرم راجا کا نام آتا ہے، وہ پارٹی میں کیا ہیں؟ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات متنازع ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے اس موقع پر بتایا کہ ہم صرف انڈور مینجمنٹ کے تحت معاملات چلا رہے ہیں۔ جب آپ سرٹیفکیٹ دیں گے تو پھر معاملہ حل ہوگا۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہائیکورٹ سے حکم امتناع ختم کرائیں، جس پر بیرسٹر گوہر نے جواب دیا کہ اس کیس کی کارروائی کے حوالے سے کوئی حکم امتناع نہیں۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ یہ کیس ٹرائل تو ہے نہیں۔ یہ ممکن نہیں کہ اس پر فیصلہ محفوظ کر کے عدالتی فیصلے کا انتظار کریں۔ جو دستاویزات آپ نے دی ہیں وہ مکمل نہیں۔ اکبر ایس بابر نے اس موقع پر کہا کہ یہ عوامی اہمیت کا معاملہ ہے۔ الیکشن کمیشن نے بھی سپریم کورٹ میں انٹرا پارٹی الیکشن کو متنازع قرار دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

تک اضافہ ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق پرچون مارکیٹ میں اکثر دکانوں پر چینی 165 روپے فی کلو ہو گئی، شہر میں بعض مقامات پر چینی 170 روپے فی کلو تک بیچی جا رہی ہے۔ چینی کی تھوک مارکیٹ میں قیمت 160 روپے کلو تک ہے، چینی کا شوگر ملز ریٹ ساڑھے سات ہزار روپے فی پچاس کلو تھیلہ ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ماہ رمضان میں چینی کی طلب بڑھتے ہی نرخ میں تین روز میں تیزی آئی۔

بقیہ بقیہ جات 32

ملکوں سے 48 گھنٹے میں مزید 93 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا جن میں 6 بلیک لسٹ بھی شامل ہیں۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب سے 4 بلیک لسٹ اور ویزہ ختم پر 1 کنٹریکٹ کی خلاف ورزی پر 24 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ عمان سے 3 بلیک لسٹ، امیگریشن سے انکار پر 1 اور ملائشیا سے 1 کو ناپسندیدہ قرار دے کر بے دخل کیا گیا۔ متحدہ عرب امارات میں 1 بلیک لسٹ منشیات اور شراب نوشی پر 3 زائد المیعاد قیام پر 2 اور جیل سے رہا کر کے 37 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ سنگاپور پاسپورٹ گمشدگی پر 1، موزمبیق سے 1، عراق میں زائد المیعاد قیام 4، دیگر الزام پر 2 کو بے دخل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

مخصوص نشستیں ہمارا حق ہے اور ہمیں ہی ملنی چاہئیں، خیبرپختونخوا میں سینیٹ کا الیکشن نامکمل ہے، خیبرپختونخوا سینیٹ کا الیکشن بھی ہر صورت ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن اپنی آئینی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام ہوگیا ہے، الیکشن کمیشن کو احساس کرنا چاہیے، ایک سال ہوگیا یہ مکمل ہونا چاہیے، ہمارے بعد انٹرا پارٹی الیکشن کرانے والی جماعتوں کو سرٹیفکیٹ ملے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ 25 جنوری کو چیف الیکشن کمشنر، ممبر پنجاب اور ممبر بلوچستان ریٹائرڈ ہو چکے ہیں، آئین کے مطابق ان کا تعین 45 دن کے اندر ہونا چاہیے، اس کیلئے پارلیمنٹری کمیٹی بنی چاہیے، ہم نے سپیکر صاحب سے بھی درخواست کی ہے کہ آپ کمیٹی بنائیں، یہ پراسیس مکمل ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 34

ٹاؤن، مال روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن کے دوران 18 فوڈ پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ کی گئی، 2 یونٹس بند کرا کے مقدمہ درج کر ادیا گیا۔ 11 پوائنٹس کو 11 لاکھ سے زائد کے جرمانے جبکہ جعلی دودھ تیار کرنے پر بھی ایک مقدمہ درج کرایا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق 4 ہزار کلو ناقص سموسہ پٹی، 500 لٹر جعلی دودھ، 400 کلو پاؤڈر، 1 من ناقص آئل تلف کرا دیا گیا۔ شیر شاہ روڈ پر یونٹ سے 500 لیٹر جعلی دودھ برآمد کر کے تلف کیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق سموسہ پٹی کے لئے آٹا بنانے والے یونٹ کو قوانین کی خلاف ورزی پر بند کر دیا گیا، صفائی کے ناقص انتظامات پر فوڈ پوائنٹس کو جرمانے عائد کیے گئے۔ یونٹس میں حشرات کی بھرمار، سموسہ پٹی کی تیاری میں نل کا پانی استعمال کیا جا رہا تھا، ورکرز کی صفائی صفر، پیکنگ کے لیے گندا نان فوڈ گریڈ بورڈ کا استعمال کیا جا رہا تھا، کھلے پروڈکشن ایریا میں گندے بدبودار فریزر، واٹر فلٹریشن ریکارڈ عدم موجود پایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 35

درج ہوا۔ ملزم دہشت گردی اور اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب تھا۔ گرفتار ملزم زوہیب شہزاد کے خلاف ڈکیتی کی دفعات کے تحت تھانہ سترہ، سیالکوٹ میں مقدمہ درج تھا۔ ملزم عبداللطیف قتل کے مقدمے میں تھانہ ائرپورٹ، رحیم یار خان کو مطلوب تھا۔ ملزم محمد جلیل گزشتہ 9 سال سے ڈکیتی کے مقدمے میں ڈی جی خان پولیس کو مطلوب تھا۔ ملزم محمد رمیز تھانہ صادق آباد، راولپنڈی کو اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب تھا۔ ملزمہ عکاشہ اقبال کے خلاف سال 2023 میں فراڈ کی دفعات کے تحت تھانہ سول لائن سیالکوٹ میں مقدمہ درج تھا۔ ایف آئی اے گوجرانوالہ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزمان کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹس جاری کیے تھے۔ ملزمان کو لاہور ائرپورٹ پر پنجاب پولیس حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ ملزمان کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی انٹرپول ابوظہبی کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ این سی بی انٹرپول 24 گھنٹے پوری دنیا کے ساتھ رابطے میں ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

کیخلاف انتظامیہ خاموش کیوں ہے؟ انہوں نے مزید کہا کہ مہنگائی سے ستائے ہوئے عوام کیلئے رمضان میں سفید پوشی کا بھرم رکھنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے اس لیے حکومت اور انتظامیہ فی الفور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے بلاتفریق کارروائی عمل میں لائے۔

بقیہ بقیہ جات 37

لوڈ کیے گئے۔ آذربائیجان اور قبرص کے اسٹوڈنٹ ویزا کے 3 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا۔ بحرین، دبئی، عمان اور کمبوڈیا کے رہائشی ویزوں کے ایک بلیک لسٹ سمیت 4 مسافر آف لوڈ کئے گئے۔ عمرہ کے 37 مسافروں کو سعودیہ میں ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور اخراجات کی مناسب رقم نہ ہونے پر پروازوں سے اتارا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 38

علاقوں میں موسلادھار بارش ہوئی جس کے بعد آج صوبے میں غیر معمولی سردی کی لہر داخل ہونیکا امکان ہے۔ واضح رہے کہ لاہور کے مختلف علاقوں میں بھی ہلکی بارش ہوئی، اسلام آباد میں بارش کے بعد اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی چھت ایک بار پھر ٹپک پڑی، چھت ٹپکنے کے بعد انٹرنیشنل اور ڈومیسٹک آرائیول لاؤنج میں مسافروں کو مشکلات رہا جبکہ انتظامیہ نے ٹپکتی چھت کے نیچے بالٹیاں رکھ دی۔

بقیہ بقیہ جات 39

پوائنٹ کہیں تھا، جس کی وجہ سے آگ بجھانے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم بھاری مشینری سے گودام کی دیواریں توڑ کر آگ بجھائی گئی اور 8 گھنٹے کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پایا گیا، جس کے بعد کولنگ کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا بیسمنٹ میں آئل کھانے پینے کی اشیا موجود تھی تاہم عمارت سے رہائشیوں کو نکال لیا گیا تھا، جس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ یاد رہے ناظم آباد میں آن لائن فوڈ ڈیلیوری کمپنی کے گودام میں اچانک بھڑک اٹھی تھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے گودام کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ کئی گھنٹوں تک بھڑکنے والی آگ نے چار منزلہ عمارت کے بیسمنٹ میں رکھے کوکنگ آئل اور دیگر قیمتی اشیا کو جلا کر خاکستر کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 40

کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں تعمیرات قوانین کے مطابق نہ ہونے کے سبب یہ صورتحال ہے، میکانزم بنائیں کہ عمارتوں کی تعمیر میں قوانین کی خلاف ورزی نہ ہو۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ متاثرہ عمارت میں لوگوں کی رہائش نہیں، حفاظتی اقدامات مزید مؤثر بنائے جائیں تاکہ ایسے واقعات کی روک تھام ہوسکے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ آگ عمارت کے بیسمنٹ میں لگی، جلد مکمل قابو پالیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 41

پروسیڈنگز کو کہیں روک سکتے اور اب کیس کو ایک بار پھر عید کے بعد تک ملتوی کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں تو ڈر ہے کہ کہیں پھر سے الیکشن کا وقت نہ آ جائے۔ یہ جو گزارشات پیش کرتے ہیں، اس کا انہیں خود بھی پتا نہیں ہوتا۔ یہ کیسے ورکرز کو ان کا حق دینے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ ایک غیر قانونی تنظیم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

مالی سال کی اسی مدت میں کمپنی کو 123.29 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا تھا۔ پہلی ششماہی میں کمپنی کی فی حصص آمدنی 19.17 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی دوسری سہ ماہی میں کمپنی کو 41.43 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا جو پہلی سہ ماہی کے مقابلہ ایک فیصد زیادہ ہے۔ پہلی سہ ماہی میں کمپنی کو 41.020 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا تھا۔ دوسری سہ ماہی میں کمپنی کی فی حصص آمدنی 9.63 روپے ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ لبنان میں پیجر بم دھماکے بہترین وقت تھا اور اس نے بلاآخر بشار الاسد حکومت کا تختہ الٹ دیا اور ہمیں ہر چیز کے بارے میں بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے اپوزیشن کے نمائندوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہر وقت میرے خلاف اکساتے ہیں اور حکومت کے بارے میں جھوٹ پھیلاتے ہیں اور آپ جو کرتے ہیں وہ یرغمالیوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ انہوں نے فوجی خدمات سے انکار کرنے پر اکسانے اور سدیہ تیمان جیل سے متعلق جھوٹے ویڈیو کلپ کی تحقیقات کرانے کا مطالبہ بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 44

گیس کی فراہمی منگل کو بھی معطل رہی، جیکب لائن، نارتھ کراچی، سرسید ٹاؤن، کلیانہ ٹاؤن، یوپی سوسائٹی میں گیس غائب رہی۔ اس کے علاوہ خواجہ اجمیر نگری گلستان جوہر، سرجانی، اور گلبہار سعود آباد، گڈاپ، کاٹور سمیت متعدد علاقوں میں گیس کی فراہمی متاثر رہی۔ جس کے باعث خواتین کیلئے سحری میں کھانا پکانا ناممکن ہوگیا، اس سے پہلے ایس ایس جی سی نے رات تین سے صبح سات بجے تک لوڈشیڈنگ ختم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ایس ایس جی سی نے سسٹم میں آر ایل این جی مکس کر کے گیس کے پریشر کو مستحکم کرنے کا دعویٰ کیا تھا، لیکن اس کے باوجود شہریوں کو گیس کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ کمپنی حکام نے بتایا تھا کہ سسٹم میں آر ایل این جی مکس کر کے گیس پریشر کو مستحکم کر دیا ہے۔ یاد رہے وزیراعظم شہباز شریف نے رمضان المبارک میں سحر و افطار میں گھریلو صارفین کو گیس کی عدم فراہمی کی شکایات کا نوٹس لیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 45

سے غائب ہوگیا۔ مسافر بزرگ، خواتین اور بچے بھی فلائٹ کی روانگی میں غیر معمولی تاخیر کے باعث خوار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 46

کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 پر شیر افضل مروت کے بیان پر میں تبصرہ نہیں کروں گا۔ شیر افضل مروت کی پارٹی ممبر شپ کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی ہی کریں گے۔ سب کو پتا ہے فارم 47 پر کون جیتا ہے۔ سلمان اکرم راجا کا کہنا تھا کہ حکومت سے تو الیکشن سے متعلق رپورٹ اور صحافی برداشت نہیں ہو رہے۔ سرور باری کے گھر اور دفتر پر حملہ ہوا۔ یہ دور جھوٹے بیانیے کا ہے، جبر کا موسم ہے۔ ہم اس جبر کے خلاف لڑتے رہیں گے۔ انہوں نے وزیراعظم کے مشیر پرویز خٹک پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ جھوٹ فریب و مکر کی حکومت میں پرویز خٹک جیسے لوگ ہی لگیں گے ناں۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ 26 نومبر کے حوالے سے ہمارے پاس بہت مواد موجود ہے لیکن اس وقت کچھ آئیڈیل عدالتی صورتحال بھی نہیں، لہٰذا حکمت عملی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

جا رہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان گزشتہ روز بھی 5 گھنٹے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، گزشتہ روز ہونے والی فائرنگ میں 3 ایف سی اہلکار زخمی ہوگئے تھے جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں افغان فورسز کے 3 اہلکار مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ 10 روز قبل طورخم سرحد کے قریب افغان فورسز متنازع تعمیرات کر رہی تھی، متنازع تعمیرات پر حالات کشیدہ ہوگئے، کشیدگی کے باعث 10 روز قبل طورخم سرحدی گزرگاہ ہر قسم کی آمدورفت کے لیے بند کر دی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 48

گردن کی زنجیر ہٹا دی گئی ہے۔ ریچھ کے جسم پر شدید زخم، آنکھوں، ناک اور پیٹھ پر بھی گہرے نشانات ہیں۔ عدالتی حکم پر ریچھ کو تحویل میں لے کر ریسکیو سینٹر منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں ان دنوں مختلف اقسام کی ٹوپیاں فروخت ہو رہی ہیں۔ تاجروں کے مطابق درآمدی پابندیوں اور ٹیکسوں میں اضافے کے باعث کئی ممالک سے خام مال منگوا کر مقامی سطح پر ٹوپیاں اور تسبیح تیار کی جا رہی ہیں، اس وقت بنگلہ دیش، انڈونیشیا، ترکی اور چین سے خام مال درآمد کیا جا رہا ہے۔ مسجد شہداء کے قریب کئی سالوں سے ٹوپیاں، تسبیح اور جائے نماز فروخت کرنے والے دکاندار سعید الرحمان نے بتایا کہ بنگلہ دیشی ٹوپیاں سب سے زیادہ پسند کی جاتی ہیں جو پٹ سن سے تیار کی جاتی ہیں، ان ٹوپیوں کی خاص بات یہ ہے کہ یہ نرم ہوتی ہیں اور دھونے کے بعد خراب نہیں ہوتیں، تاہم دیگر ٹوپیوں کے مقابلے میں ان کی قیمت زیادہ ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تسبیح کے دانے زیادہ تر چین سے درآمد کئے جاتے ہیں جہاں کرسٹل، پتھر، پلاسٹک اور مونگ دانے جیسی مختلف اقسام دستیاب ہوتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چینی تسبیح کی قیمت 10 روپے سے 5000 روپے تک ہے، جبکہ ٹوپیوں کی قیمت 50 روپے سے 1500 روپے کے درمیان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

نہیں کرسکتا، کہنے پر تو پی ٹی آئی ایک جمہوری پارٹی مگر پارٹی میں بانی پی ٹی آئی کی ڈکٹیٹر شپ قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں کوئی بھی بانی پی ٹی آئی کی بات کے آگے انکار نہیں کرسکتا، پی ٹی آئی میں تذلیل کر کے نکالے گئے لوگوں کی لمبی فہرست ہے، شیر افضل مروت پی ٹی آئی (نظریاتی) میں شامل ہو کر حق کی آواز بلند کریں۔

بقیہ بقیہ جات 51

نہ سمجھا جائے۔ کمیٹی نے شامی خبر رساں ایجنسی کو ایک بیان میں قانونی کمیٹی نے مزید کہا کہ آئینی اعلامیہ اپنی قانونی حیثیت نیشنل ڈائیلاگ کانفرنس اور فتح کانفرنس سے حاصل کرتا ہے جہاں شامی عوام کے مختلف اجزا نے ایک ایسے قانونی فریم ورک جو عبوری مرحلے کو منظم کرتا ہو کی ضرورت پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اعلامیہ حکمرانی کی بنیادوں کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ شام میں انسانی حقوق اور آزادیوں کی ایک قانونی دستاویز کی ضمانت دیتا ہے۔ یہ تین اتھارٹیز مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کے اختیارات کی وضاحت کرتا ہے۔ قانونی کمیٹی نے اپنے بیان میں اس بات کی تصدیق کی کہ قانونی کمیٹی سب سے اہم اصولوں اور آرٹیکلز کا مطالعہ کرنے کے بعد آئینی اعلامیہ کے ایسے مسودے کو لکھنے کی ذمہ دار ہے جس میں ملک کے مفاد کو حاصل کرنا اور عبوری مرحلے کے تقاضوں کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

کی رحلت کا دن آنحضرت کی جدائی کا دن اور اس روز آپ ﷺ نے عام الحزن قرار دیا، انہوں نے مزید کہا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ عظیم خاتون ہیں جنہیں خدا نے جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے سلام بھجوایا، کیونکہ آپ کی عظمت وجلالت روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ آپ کی رحلت پر رسول اکرم ﷺ غمزدہ ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کے اشتہاریوں کو ریکارڈ کا باقاعدہ حصہ بنا کر گرفتاری کے لئے موثر اقدامات کریں۔ گمشدہ خواتین اور بچوں کی بازیابی اور زیادتی کیسز حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں۔ ڈکیتی، راہزنی، اغوا اور موٹر سائیکلز و گاڑی چوری کی وارداتوں کے تدارک کے لئے مربوط لائحہ عمل اپنائیں۔ آئی جی پنجاب نے مختلف ہیڈز میں بہتر کارکردگی پر ڈی پی او ناروال ملک نوید کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آر پی اوز اور ڈی پی اوز وزیراعلیٰ آفس سے موصولہ شکایات پر سائلین سے خود رابطہ کر کے ازالہ کریں۔ اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت زیادتی کے کیسز کی تفتیش عام تھانیدار کی بجائے ایس ایس اور آئی یو کا تربیت یافتہ افسر کرے۔ جیلوں سے رہائی پانے والے جنسی جرائم کے سزا یافتہ مجرمان کا اندراج ایس او آر RegisterOffenderSexual میں کر کے سرویلنس کریں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سپیشل انیشیٹو پولیس سٹیشنز کی صفائی ستھرائی، دیکھ بھال اور سسٹم فنکشنل رکھیں۔ پولیس کے زیر استعمال گاڑیوں، موٹر سائیکلز، اسلحہ، لاجسٹکس کی باقاعدگی سے انسپکشن اور دیکھ بھال یقینی بنائیں۔ سمارٹ پولیس سٹیشنز اور سیف سٹیز کی تعمیر کا کام دی گئی ٹائم لائن میں مکمل کر لیں۔ کیمونٹی پولیسنگ اور عوامی نمائندوں سے روابط مزید بہتر بنائیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب شہزادہ سلطان، ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن اظہر اکرم، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر، اے آئی جی آپریشنز اور اے آئی جی مانیٹرنگ موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 54

کو کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور نومنتخب عہدیداروں کو کامیابی پر پھولوں کے ہار پہنائے۔ اور نائب صدر صائمہ نواز صاحبہ۔ عاطف پرویز صاحب کو مزدوروں کے مسائل اور مشکلات کی آواز بلند کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔ وفد میں مزدور رہنما محمود الرشید۔ محمد عمران۔ مزمل حسین۔ محمد نوید۔ آصف صدیق بھی شریک تھے۔

بقیہ بقیہ جات 55

سے بہترین تعلقات کو یقینی بنایا جائے گا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق حکومت پنجاب کے صوبہ کی عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کی پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے مؤثر تشہیر کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 56

سے 306 گاڑیاں اور 7 ہزار 244 موٹر سائیکلیں چھینی و چوری کی گئیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ رواں برس موبائل فون چھیننے کی یومیہ شرح 48.4، گاڑیوں کی چوری اور چھیننے کی 5.3 جب کہ موٹر سائیکلیں چھیننے اور چوری کی یومیہ شرح 124.9 رہی۔ پولیس کے مطابق سال 2024 کے پہلے 2 ماہ میں اسٹریٹ کرائم کے 14 ہزار 419 واقعات رپورٹ ہوئے تھے اور 2024 کے پہلے 2 ماہ کے مقابلے میں رواں برس اسٹریٹ کرائم کی شرح 18.28 فیصد کم ہے۔ پولیس حکام کا بتانا ہے کہ 2024 کے پہلے 2 ماہ میں ڈکیتی مزاحمت پر 32 افراد قتل اور 99 زخمی ہوئے تھے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ برس جنوری اور فروری میں شہریوں سے 4 ہزار 120 موبائل فون چھینے گئے تھے جب کہ 335 گاڑیاں اور 9 ہزار 964 موٹر سائیکلیں چھینی اور چوری کی گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

کی کنیسٹ کی جنرل اسمبلی سے پہلے کی تقریر سے قبل ہوا۔ حزب اختلاف کے متعدد نمائندوں نے 7 اکتوبر کی ناکامیوں پر ایک سرکاری تحقیقاتی کمیٹی کی تشکیل کا مطالبہ کیا اور مرنے والوں کے اہل خانہ نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ جو کچھ ہوا اس کی وجوہات اور اس کے ذمہ داروں کو سامنے لایا جائے۔ پارٹی سٹیٹ کیمپ کے سربراہ بنی گانٹز نے کہا کہ کمیٹی کی تشکیل سے گریز کرنا افراتفری کا پیش خیمہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کراچی کے علاقے گھجر کالونی میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران گھر سے 132 کلوگرام چرس اور 400 گرام آئس برآمد کر کے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ موٹر وے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب 3 کارروائیاں کی گئیں۔ ایک کارروائی میں سوزوکی پک اپ سے 5 کلو 500 گرام ہیروئین اور 1 کلو 500 گرام آئس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ دوسری کارروائی میں ایک اور گاڑی میں موجود 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 2.4 کلوگرام افیون اور 2.4 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ موٹر وے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب تیسری کارروائی میں کار سے 8 کلو 400 گرام چرس برآمد ہوئی جبکہ 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ سیالکوٹ پسرور روڈ پر موٹر سائیکل سوار ملزم سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد ہوئی۔ سکھر میں اسپتال کے قریب کار سے 12 کلو چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ سکھر ہی میں موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان سے 18 کلو چرس برآمد ہوئی۔ اے این ایف کے مطابق مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 15 ملزمان کو گرفتار کر کے تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ روپے مالیت کی 185 کلوگرام منشیات برآمد کی گئیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

اکبر ساقی، مولانا عبیداللہ بھکر، مولانا عرفان شاکر ودیگر ذمہ داران نے مشترکہ بیان میں کہا کہ حق اور حقانیت کو کسی صورت نہیں چھوڑ سکتے، درحقیقت پاکستان کے دفاع وسلامتی کا نام ہے، اگر یہ جرم ہے تو اس کا ہم اعتراف کرتے ہیں ہمیں یہ نظریہ وفکر شہید ناموس رسالت وشہید پاکستان مولانا سمیع الحق سے ملا جس کی آبیاری ان کے جانشین فرزند ارجمند مولانا حامد الحق حقانی نے بجا طور پر کی جس کی واضح مثال اپنے والد گرامی کا لاشہ اٹھانے کے بعد پھر پاکستان کی سلامتی و دفاع کی خاطر اپنی جان قربان کرنے کے بعد آج بھی شہید حق مولانا حامد الحق حقانی کا نمبر ڈائل کریں تو پاکستان پائندہ باد بصورت میسج جواب ملے گا۔ صوبائی قیادت نے کہا کارکن حوصلے ہرگز نہ ہاریں یہ ملک پاکستان ہمارے اکابر و اسلاف نے بنایا تھا ہم ہی اس کے محافظ اور رکھوالے ہیں اگر ہمیں انتشار و افراتفری پر یقین ہوتا تو ہمارے شہید قائدین کے جنازوں میں لاکھوں شرکاء تھے کیا کچھ نہیں ہوسکتا تھا لہٰذا تمام اراکین وکارکنان صبر کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں اس مبارک مہینے میں شہید قائد مولانا حامد الحق حقانی کے لیے بلندی درجات کی دعائیں کریں۔

بقیہ بقیہ جات 60

۔ مالی سال کی دوسری سہ ماہی میں پی پی ایل کو 27.33 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا جو پہلی سہ ماہی کے مقابلہ میں 16 فیصد زیادہ ہے۔ دوسری سہ ماہی میں پی پی ایل کی فی حصص آمدنی 10.05 روپے ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

278 بیلز سے کم ہو کر 2 ہزار 718 بیلز پر آ گئی جبکہ سندھ میں بھی کپاس کی سالانہ پیداوار 32 فیصد کمی سے 2 ہزار 807 بیلز رہیں۔ دوسری جانب ماہرین نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا ہے کہ کپاس کی پیداوار میں کمی ٹیکسٹائل سیکٹر کیلئے پریشانی کا باعث ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

شیخ محمد اصغر قادری کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ کے دوران خطے کے نو ممالک کے ساتھ پاکستان کا تجارتی خسارہ چالیس فیصد تک بڑھ گیا ہے جو پالیسی سازوں کے لئے چیلنج ہے جس پر خصوصی توجہ دینے چاہیے پاکستان علاقائی تجارت میں اپنی برآمدات میں اضافے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے مگر بجلی گیس کی قیمتیں ویلیو ایڈیشن کی کمی اور کمزور انفراسٹرکچر اس میں بڑی رکاوٹ ہے تجارت کو متوازن کرنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے جس میں خام مال کے بجائے ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی برآمدات پر توجہ دینا ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

میں سزا کاٹ چکے ہیں جب کہ ستمبر 2023ء سے جنوری 2025ء تک 5 ہزار 800 دیگر پاکستانی شہریوں کو مختلف جرائم کی بنیاد پر ملک بدر کیا گیا اور متحدہ عرب امارات کی جانب سے سال 2024ء میں 50 ہزار سے زائد پاکستانی شہریوں کی ویزہ درخواستیں مسترد کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 64

سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے کہا کہ حکومت نے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کے کہنے پر جو چیزیں کیں اس پر ہمیں تحفظات ہیں، ایگری کلچر ٹیکس 45 فیصد نہیں ہونا چاہیے، باہر سے 9 ہزار میں گندم منگوائی جاتی ہے لیکن اپنے کسان کو 4 ہزار دینے کو تیار نہیں، وفاقی حکومت کے پاس اب تک باہر سے منگوائی گئی گندم پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے کا ستیاناس ہو چکا ہے، ٹیکس بڑھنے کے بعد سرکاری ملازمین کو تنخواہ بڑھنے کے باوجود کم ملتی ہے، ملٹی نیشنل کمپنیز یہاں بیسک سیلریز دے رہی ہیں، ٹیکس نہ دینے والوں کو ٹیکس نیٹ میں لانا اچھا اقدام ہے اور ٹیکس نیٹ بڑھانا حکومت اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) دونوں کی ذمہ داری ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پیپلز پارٹی متنازع نہریں بنانے کیخلاف ہے اور اس پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، سندھ کو اس کے حصے کا پانی نہیں مل رہا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال خراب ہے، صوبے میں پی ٹی آئی حکومت کی رٹ نہیں جبکہ صوبائی حکومت کے پاس دہشتگردوں سے لڑنے کیلئے کچھ نہیں ہے اور وفاق سے لڑنے کیلئے سب کچھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا 26 ویں ترمیم میں صرف اہم کردار نہیں ہے بلکہ ہم ہی یہ ترمیم لے کر آئے ہیں، پی ٹی آئی دور میں سابق چیف جسٹس ثاقب نثار بانی پی ٹی آئی کے اشاروں پر چلتے تھے اور ہم 2018 سے آئینی عدالت بنانے کا کہہ رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کو وفاقی حکومت سے تحفظات ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) وعدے پورے کرے جبکہ پنجاب میں ہمارے اراکین اسمبلی اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کو بھی اس حوالے سے تحفظات ہیں، صوبے اور پارٹی کو نظرانداز کرنے کا رویہ نہیں چلے گا۔

بقیہ بقیہ جات 65

مشتمل ٹیم نے فزیکل ریڈ، جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن ریسورس کی مدد سے ملزم کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 66

اس دن کو منانے کا مقصد عوام کو اس بات کی ترغیب دینا ہے کہ وہ اپنے سمندروں، دریاؤں پر ماحولیاتی آلودگی کا خاص خیال رکھیں، اور دریاؤں میں پائی جانے والی مخلوق کی زندگیوں کو بچانے کے لیے عملی اقدامات کریں، دریاؤں کے عالمی دن کے موقع پر ہر سال دریا میں میٹھے پانی کو ڈال کر عالمی سطح پر یکجہتی کے لیے یہ عالمی دن منایا جاتا ہے، تاہم پاکستان کا سب سے بڑا دریا، دریائے سندھ ریت اور سمندر کے کھارے اور کڑوے پانی کے باعث افادیت کھو رہا ہے، دریائے سندھ کو پاکستان میں نمایاں مقام حاصل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

پر غریب تندور مالکان کے چالان کرنے والے افسران کے فلور ملز مالکان کے چالان کرنے پر کیوں جلتے ہیں۔ انتظامیہ تندور مالکان کی نمائندہ تنظیم نان روٹی بیکرز یسوی ایشن کو اعتماد میں لے کر ریٹس کو مقرر کرے۔ قیمتوں کو غریب آدمی کی آمدن سے مطابقت کر کے مقرر کیا جائے۔ گیس کی لوڈشیڈنگ کو ختم کیا جائے اور کم پریشر کے مسئلہ کو بھی حل کیا جائے، ایل پی جی مافیا سے جان چھڑائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی بے حسی نے تندور مالکان کو بہت زیادہ مسائل میں مبتلا کر رکھا ہے۔ فیصل آباد کی خدمت کرنے والے اس شعبہ کو معاشی گرداب سے نکالا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 68

قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، خواتین کے خلاف جرائم ناقابل برداشت ہیں، ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 69

روپے مالیت کی 3 کلو 600 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ ماموں کانجن میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 70

دیگر امور اور خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں لبنانی صدر جوزف عون نے لبنان کی حمایت اور استحکام میں سعودی عرب کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے، لبنان میں آئینی اداروں کے کام کی سلامتی اور باقاعدگی کی حمایت میں سعودی کردار پر زور دیا۔ سیاسی مبصرین کا خیال ہے کہ جمہوریہ لبنان کے صدر کے پہلے دورے سے سعودی عرب۔ لبنان تعلقات کو ایک قابل ذکر رفتار ملے گی۔ دونوں ممالک کے درمیان نئے معاہدوں کے ذریعے مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ ملے گا۔ لبنان کے صدر جوزف عون صدر جمہوریہ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے پہلے غیر ملکی دورے کے ایک حصے کے طور پر سعودی دارالحکومت ریاض کا دورہ کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 71

سیاحوں کی گاڑیاں پھنس گئیں۔ ایس ڈی ایم اے نیلم کے مطابق ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے تمام سیاحوں کو بحفاظت منتقل کر دیا ہے۔ محکمہ شاہرات کے مطابق جاگراں ویلی کٹن روڈ سے برف ہٹا دی گئی اور روڈ کو بحال کر دیا گیا۔ دوسری جانب مظفر آباد، وادی نیلم، باغ اور نکیال سمیت آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں رات سے وقفے وقفے سے بارش اور برف باری کا سلسلہ جاری ہے۔ ادھر ملتان، شیخوپورہ، گوجرہ، حافظ آباد اور کوٹ ادو سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں بارش کے بعد سردی میں اضافہ ہو گیا، نصیر آباد، دکی، ہرنائی سمیت بلوچستان کے بعض علاقوں میں بھی بارش ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 72

کے اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق رمضان المبارک میں جمعہ کو بینک 9 سے 30:12 تک پبلک ڈیلنگ کریں گے۔ دوسری جانب پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے رمضان میں دفتری اوقات پیر تا جمعرات 9 سے 3 بجے تک ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رمضان کے کاروباری اوقات 17:9 سے 30:1 تک ہوں گے۔ رمضان المبارک میں اسٹاک ایکسچینج میں جمعہ کو دفتری اوقات 9 سے 2 بجے تک ہوں گے۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ رمضان المبارک میں جمعہ کو اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری اوقات 17:9 سے 30:12 تک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 73

کے فریم ورک کو اپنا لیا ہے اور اسے غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے حوالے سے مزید بات چیت کا راستہ قرار دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے ہفتہ وار حکومتی میٹنگ کے آغاز میں کہا کہ اسرائیل صدر ٹرمپ کے ایلچی سٹیو وٹکوف کے فریم ورک کو رمضان اور عید الفصح کے دوران عارضی جنگ بندی کے لیے اپنا رہا ہے۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ وٹکوف کی تجویز کے تحت فریم ورک کے پہلے دن نصف قیدیوں کو ایک مرحلے میں رہا کر دیا جائے گا۔ فریم ورک کے اختتام تک اگر کوئی معاہدہ ہو جاتا ہے تو باقی قیدیوں کو ایک ہی مرحلے میں رہا کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وٹکوف نے اس تجویز کو دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات کے لیے راہداری قرار دیا ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو افیسر
حلقات تحصیل آفس بھلوال

درخواست برائے تصدیق وراثت انتقال موضع رتو کالا متوفی محمد اسلم ولد غلام رسول وارثان غلام رسول والد۔ فوزیہ الماس زوجہ پہلے فوت شدہ

زندہ عائشہ بی بی۔ والدہ عتیق الرحمٰن۔ علی شان محمد عثمان پسران عمارہ اسلم۔ تحریم شہزادی دختران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع رتو کالا متوفی محمد اشرف ولد غلام رسول وارثان غلام رسول والد پہلے فوت شدہ

زندہ عائشہ بی بی والدہ۔ منور بی بیوہ۔ محمد عرفان شہزاد محمد ارسلان عمران شہزاد علی حمزہ پسران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور/ ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت سید سرفراز حیدر گیلانی (متوفی) ولد سید اصغر علی گیلانی ساکن موضع جلال کوٹ، روشن شاہ، رتہ کھنہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ

ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضعات جلال کوٹ، روشن شاہ، رتہ کھنہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیے گئے ہیں۔ سید سرفراز حیدر گیلانی (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔

طلعت زہرہ (بیوہ)، سید فیضان حیدر گیلانی، سید علی محسن حیدر گیلانی، علی موسیٰ حیدر گیلانی، فائزہ رضوی پسران و دختر متوفی سید سرفراز حیدر گیلانی ساکنان موضع جلال کوٹ، روشن شاہ، رتہ کھنہ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت سید سرفراز حیدر گیلانی (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

سنگین جرائم کے اشتہاریوں کو ریکارڈ کا باقاعدہ حصہ بنا کر گرفتاری کیلئے مؤثر اقدامات کریں، آئی جی پنجاب

ڈاکٹر عثمان انور کی زیرصدارت اینٹی کرائم جائزہ اجلاس، آئی جی پنجاب نے گوجرانوالہ ریجن میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب، ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب، اے آئی جی آپریشنز اور اے آئی جی مانیٹرنگ موجود تھے

لاہور (خبرنگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیرصدارت سنٹرل پولیس آفس میں اینٹی کرائم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گوجرانوالہ ریجن میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ، سی پی او محمد ایاز سلیم اور متعلقہ اضلاع کے ڈی پی اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں پر دہشت گردی کے واقعات کے پیش نظر تھانوں، پولیس دفاتر اور حساس عمارات کی سکیورٹی بڑھا دیں۔ آئی جی پنجاب نے اشتہاری مجرموں کی گرفتاری، ریکوری شرح کے حوالے سے گوجرانوالہ ریجن کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ پرانی دشمنیوں کے کیسز میں مرڈرز کے تدارک کے لئے انسدادی کارروائیوں میں تیزی لائیں۔ سنگین جرائم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

طورخم بارڈر پر پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان جھڑپیں جاری

چھوٹے بڑے ہتھیاروں کا استعمال کیا جارہا ہے، پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان گزشتہ روز بھی 5 گھنٹے فائرنگ کا تبادلہ ہوا

گزشتہ روز ہونے والی فائرنگ میں 3 ایف سی اہلکار زخمی ہوگئے تھے، سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں افغان فورسز کے 3 اہلکار مارے گئے

پشاور (این این آئی) پاک افغان طورخم بارڈر پر کشیدگی برقرار ہے، پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان جھڑپیں جاری ہیں تاہم دوطرفہ فائرنگ میں ایک دوسرے کے خلاف چھوٹے بڑے ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان طورخم بارڈر پر کشیدگی برقرار ہے، پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان جھڑپیں جاری ہیں، جہاں دوطرفہ فائرنگ میں ایک دوسرے کے خلاف چھوٹے بڑے ہتھیاروں کا استعمال کیا جارہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان اور افغان فورسز کے درمیان گزشتہ روز بھی 5 گھنٹے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، گزشتہ روز ہونے والی فائرنگ میں 3 ایف سی اہلکار زخمی ہوگئے تھے جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں افغان فورسز کے 3 اہلکار مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ 10 روز قبل طورخم سرحد کے قریب افغان فورسز متنازع تعمیرات کررہی تھی، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور گوجرانوالہ ریجن کے انسداد کرائم جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسرائیلی پارلیمنٹ میں ہلاک افراد کے اہل خانہ اور سکیورٹی اہلکاروں کی جھڑپیں

جو کچھ ہوا اس کی وجوہات اور اس کے ذمہ داروں کو سامنے لایا جائے، اہل خانہ کا مطالبہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی پارلیمان (کنیسٹ) میں ہلاک ہونیوالے اسرائیلیوں کے اہل خانہ اور سکیورٹی اہلکاروں کے درمیان پرتشدد جھڑپیں ہوئی ہیں۔ جھڑپیں اس وقت شروع ہوئیں جب ایک خاندان کے افراد نے جنرل اسمبلی میں بالکونی پر چڑھنے کی کوشش کی۔ جنرل اسمبلی اس وقت سات اکتوبر کے واقعات پر ایک سرکاری تحقیقاتی کمیٹی بنانے کی تجویز پر بحث کررہی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس موقع پر گائیر نے نیتن یاہو کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم کسی بھی ہائبرڈ پروڈکشن سے اتفاق نہیں کریں گے جو سرکاری تحقیقاتی کمیٹی کی جگہ لے۔ یہ جھگڑا اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

بہاولپور: کمشنر مسرت جبیں بہاولپور لٹریری اینڈ کلچرل فیسٹیول کے منتظمین کی جانب سے بریفنگ میں اظہار خیال کررہی ہیں

سرگودھا‘ غیر قانونی کھیل کیلئے استعمال کیا جانیوالا زخمی ریچھ ریسکیو کرلیا گیا

ریچھ کے جسم پر شدید زخم، آنکھوں، ناک اور پیٹھ پر بھی گہرے نشانات ہیں‘ ریسکیو سینٹر منتقل

سرگودھا (این این آئی) جانوروں کی دیکھ بھال کے لیے کام کرنے والی عالمی تنظیم فور پاز کی ٹیم اور وائلڈ لائف اتھارٹیز نے سرگودھا سے زخمی ریچھ کو ریسکیو کرلیا۔ فور پاز کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کارروائی اسلام آباد اور پنجاب وائلڈ لائف ڈپارٹمنٹ کی درخواست پر کی گئی، غیر قانونی طور پر رکھے گئے ریچھ کو بیئر بیٹنگ کے لیے استعمال کیا جارہا تھا۔ بیئر بیٹنگ میں زنجیر میں جکڑے ریچھ سے بھوکے اور بپھرے کتوں کی لڑائی کرائی جاتی ہے، یہ کھیل غیر قانونی ہے اور دنیا بھر میں اس پر پابندی عائد ہے۔ اعلامیے کے مطابق 7 سال کے ریچھ کے ناک میں ڈالا گیا رنگ اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

فیصل آباد، ملوں کو پابند کیا جائے کہ آٹا اور میدہ کے نرخ تھیلا پر پرنٹ کئے جائیں، بیکری اور تندور مالکان کا مطالبہ

مکوآنہ (این این آئی) بیکری اور تندور مالکان نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد سمیت صوبہ بھر میں آٹا اور میدہ کے یکساں نرخ مقرر کرکے ملوں کو پابند کیا جائے کہ آٹا اور میدہ کے نرخ تھیلا پر پرنٹ کئے جائیں۔ صوبہ بھر میں روٹی کی یکساں قیمتیں مقرر کی ہیں تو تندور مالکان کو آٹا اور میدہ بھی یکساں قیمت پر ملنا چاہئے۔ اس سلسلہ میں نان روٹی بیکرز ایسوسی ایشن کے راہنماؤں رانا عدنان خاں، ناظم خان، نعمت خاں، ساجد گل، میاں عمران کا کہنا ہے کہ روٹی کے نرخوں پر غریب تندور مالکان کے چالان کرنے والے افسران کے فلور ملز مالکان کے چالان کرنے پر کیوں جلتے ہیں۔ انتظامیہ تندور مالکان کی نمائندہ تنظیم نان روٹی بیکرز ایسوسی ایشن کو اعتماد میں لے کر ریٹس کو مقرر کرے۔ قیمتوں کو غریب آدمی کی آمدن سے مطابقت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

کراچی میں 2 ماہ کے دوران اسٹریٹ کرائم کے 10 ہزار واقعات رپورٹ

12 شہری ڈکیتی مزاحمت پر قتل اور 41 زخمی 2806 شہریوں سے موبائل فون چھینے گئے‘ پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی میں رواں برس کے ابتدائی 2 ماہ میں اسٹریٹ کرائمز کے 10 ہزار سے زائد واقعات رپورٹ ہوچکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سال 2025 کے پہلے 2 ماہ کے دوران شہر میں اسٹریٹ کرائم کے 10 ہزار 356 واقعات رپورٹ ہوئے۔ پولیس رپورٹ میں بتایا گیا کہ 2 ماہ کے دوران 12 شہری ڈکیتی مزاحمت پر قتل اور 41 زخمی ہوئے جب کہ اس دوران 2806 شہریوں سے موبائل فون چھینے گئے۔ رپورٹ کے مطابق رواں برس 28 فروری تک شہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

لاہور: قلی ریلوے اسٹیشن کے باہر مسافروں کا سامان اٹھا رہے ہیں

اختر اقبال ڈار کی شیر افضل مروت کو پی ٹی آئی (نظریاتی) میں شمولیت کی دعوت

تحریک انصاف میں ایک ڈکٹیٹر اپنے علاوہ کسی کی مقبولیت کو برداشت نہیں کرتا

بانی پی ٹی آئی خودغرض اور ابن الوقت انسان ہیں‘ چیئرمین پی ٹی آئی (نظریاتی)

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (نظریاتی) اختر اقبال ڈار نے شیر افضل مروت کو اپنی جماعت میں شمولیت کی دعوت دیدی۔ اختر اقبال ڈار نے کہا کہ شیر افضل مروت پی ٹی آئی (نظریاتی) میں شامل ہو کر سیاست کریں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف میں ایک ڈکٹیٹر اپنے علاوہ کسی کی مقبولیت کو برداشت نہیں کرتا، بانی پی ٹی آئی احسان فراموش، خودغرض اور ابن الوقت انسان ہیں، تاریخ گواہ ہے بانی پی ٹی آئی نے ہمیشہ پہلے لوگوں کو استعمال کیا پھر کام نکل جانے پر ٹشو پیپر کی طرح پھینک دیا۔ انہوں نے کہا کہ خود کو عقل کل سمجھنے والا اپنی پارٹی میں کسی کو برداشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

امہ المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے دین اسلام کی ترویج کیلئے عظیم قربانیاں پیش کیں، علامہ صادق عباس

کراچی (این این آئی) امہ المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے تبلیغ اسلام اور ترویج کیلئے اپنا سب کچھ قربان کیا، یہ بات علامہ صادق عباس عابدی نے اپنے خطاب میں کہی انہوں نے کہا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے معاشرے کو سماجی خدمات کے راستے پر چلنے والوں کو ترغیب دی اور دینی، سماجی اور انسانی خدمات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمیں دین کے تبلیغ کا سلیقہ سکھایا، حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

مقبول احمد ملک نے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز فیصل آباد ڈویژن کا چارج سنبھال لیا

مکوآنہ (این این آئی) حکومت پنجاب کی ہدایت پر مقبول احمد ملک نے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز فیصل آباد ڈویژن کا چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کردی، وہ اس سے قبل صوبائی وزیر سپورٹس کے ترجمان کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مقبول احمد ملک نے چارج سنبھالنے کے بعد اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ان کی تعیناتی کے دوران پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں چھ ماہ ہونے والی بارش کے بعد فیصل ایونیو کا خوبصورت منظر

آئینی اعلامیہ عبوری دور کے انتظام کے لیے ایک قانونی دستاویز ہے، شام

اعلامیہ کو مستقل آئین کا متبادل نہیں سمجھا جاتا، آئینی اعلامیہ مسودہ کمیٹی کی وضاحت

دمشق (این این آئی) شام میں آئینی اعلامیہ کا مسودہ تیار کرنے والی قانونی کمیٹی نے کہا ہے کہ بشار الاسد کی حکومت کے تیار کردہ 2012 کے آئین کے خاتمے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے قانونی خلا کی روشنی میں ایک ایسا آئینی اعلامیے کا مسودہ تیار کرنا ضروری ہوگیا ہے جو عبوری مرحلے کو منظم کرتا ہو اور ریاست کو استحکام اور تعمیر نو کی طرف گامزن کرتا ہو اور اسے مستقل آئین کا متبادل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

صنعتی مزدور اتحاد پاکستان کے لیبر رہنماؤں کی لاہور پریس کلب یونین کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

نائب صدر صائمہ نواز صاحبہ۔ عاطف پرویز صاحب کو مزدوروں کے مسائل اور مشکلات کی آواز بلند کرنے پر خراج تحسین پیش کیا

لاہور (خبرنگار) صنعتی مزدور اتحاد پاکستان کے رہنماؤں قائد محترم شیخ محسن الیاس جنرل سیکرٹری پیکجز کنورٹر ورکرز یونین۔ کنوینیر صنعتی مزدور اتحاد پاکستان۔ صدر یونی لایزن کونسل پاکستان۔ محمد شفیق خان صدر پی سی ورکرز یونین۔ کنوینیر صنعتی مزدور اتحاد پاکستان۔ میڈم آئمہ محمود صاحبہ۔ جنرل سیکرٹری نثار آرٹ پریس ورکرز یونین۔ کنوینیر صنعتی مزدور اتحاد پاکستان۔۔ بلال احمد سیال صدر شیزان انٹرنیشنل ورکرز یونین۔ رہنما پاکستان ورکرز فیڈریشن سینٹرل پنجاب۔ کنوینیر صنعتی مزدور اتحاد پاکستان۔ نے لاہور پریس کلب میں نومنتخب صدر پریس کلب ارشد انصاری صاحب۔ نائب صدر پریس کلب صائمہ نواز صاحبہ اور دیگر یونین عہدیداروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

صنعتی مزدور اتحاد پاکستان کے رہنما لاہور پریس کلب صدر ارشد انصاری اور نائب صدر صائمہ وڑائچ کو گلدستہ پیش کررہے ہیں

اہلیہ کے قتل کو خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش، شوہر گرفتار

واقعے کی اطلاع پر مقدمہ درج کرکے ملزم سے تفتیش کی تو وہ قتل میں ملوث نکلا، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اپنی اہلیہ کو قتل کرنے والے ملزم شوہر کو گرفتار کرلیا۔ نصیر آباد پولیس نے واقعے کی اطلاع پر مقدمہ درج کرکے ملزم سے تفتیش کی تو وہ قتل میں ملوث نکلا۔ ملزم عبدالسلام نے تشدد کرکے اپنی اہلیہ کو قتل کیا اور خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی کے مطابق ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

فیصل آباد، سات ماہ کے دوران چین سے آٹھ ارب نوے کروڑ ڈالر کی اشیاء درآمد

مکوآنہ (این این آئی) تجارتی خسارے میں اضافہ کی بڑی وجہ چین سے درآمدات میں اضافہ ہے۔ سات ماہ کے دوران چین سے آٹھ ارب نوے کروڑ ڈالر کی اشیاء درآمد کی گئی ہیں جو کہ گزشتہ سال کی نسبت 28 فیصد زیادہ ہیں جبکہ اسی مدت میں پاکستان کی چین کو برآمدات کا حجم 14 فیصد کمی کے بعد محض ایک ارب 47 کروڑ ڈالر رہ گیا ہے جو افسوسناک ہے۔ اس سلسلہ میں سابق چیئرمین آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) حافظ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

لبنانی صدر کی پہلے غیر ملکی دورے پر سعودی عرب آمد، ولی عہد سے ملاقات

صدر جوزف عون نے لبنان کی حمایت اور استحکام میں سعودی عرب کے کردار کو سراہا

بیروت (این این آئی) لبنان کے نومنتخب صدر جوزف عون نے اپنے پہلے دورہ سعودی عرب کے موقع پر دارالحکومت ریاض میں سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ ملاقات ریاض کے یمامہ پیلس میں ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے سے متعلق امور کے علاوہ باہمی دلچسپی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

ایک سال میں 50 ہزار سے زائد پاکستانیوں کی ویزہ درخواستیں مسترد

گزشتہ 16 ماہ کے دوران 10 ہزار 100 سے زائد پاکستانی شہریوں کو یو اے ای سے ملک بدر کیا گیا

مکوآنہ (این این آئی) صرف ایک سال کے دوران 50 ہزار سے زائد پاکستانیوں کی متحدہ عرب امارات کی ویزہ درخواستیں مسترد ہونے کا انکشاف ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات سے گزشتہ 16 ماہ کے دوران 10 ہزار 100 سے زائد پاکستانیوں کو ملک بدر کیا گیا اس کے علاوہ سال 2024ء میں 50 ہزار سے زائد پاکستانیوں کی ویزہ درخواستیں مسترد ہوئیں۔ وزارت خارجہ کے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ متحدہ عرب امارات سے ستمبر 2023ء سے جنوری 2025ء تک ملک بدر کیے گئے پاکستانیوں کے اعداد وشمار میں خلیجی ملک سے گزشتہ 16 ماہ میں 10 ہزار 100 سے زائد پاکستانیوں کو ملک بدر کیا گیا، اس عرصے کے دوران یو اے ای حکام نے 4 ہزار 740 سزا یافتہ پاکستانی قیدیوں کو ملک بدر کیا، یہ پاکستانی شہری متحدہ عرب امارات کی مختلف جیلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، غیرمعیاری اشیاء کی فروخت پر یونٹس بند

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ایڈیشنل ڈی جیز، ڈائریکٹرز اور ایڈیشنل ڈائریکٹرز نے لاہور بھر میں گرینڈ آپریشنز کیے

11 لاکھ سے زائد کے جرمانے، 4 ہزار کلو ناقص سموسہ پٹی، 500 لٹر جعلی دودھ، 400 کلو پاؤڈر، 1 من ناقص آئل تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن کرکے جعلی اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت پر یونٹس بند، بھاری جرمانے اور مضر صحت اشیاء تلف کرادی گئیں جبکہ دو مقدمات کا بھی اندراج کرایا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر ایڈیشنل ڈی جیز، ڈائریکٹرز اور ایڈیشنل ڈائریکٹرز نے لاہور بھر میں گرینڈ آپریشنز کیے۔ مزنگ، نشتر، کماہاں روڈ، شیر شاہ روڈ، گلبرگ، فتح گڑھ، عزیز بھٹی ٹاؤن، بلال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

خاتون سمیت قتل، دہشتگردی، فراڈ کے 6 ملزمان یو اے ای سے گرفتار

ایف آئی اے نے این سی بی انٹرپول کے ساتھ مشترکہ کارروائی میں ملزمان کو گرفتار کیا

گوجرانوالہ (این این آئی) ایف آئی اے نے این سی بی انٹرپول کے ساتھ مشترکہ کارروائی میں قتل اور دہشتگردی کے 6 اشتہاری ملزموں کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) سے گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق دہشت گردی، قتل، اقدام قتل، ڈکیتی اور فراڈ کے مقدموں میں مطلوب 6 خطرناک اشتہاری ملزمان کو یو اے ای سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت سفیان علی، عکاشہ اقبال، زوہیب شہزاد، عبداللطیف، محمد جلیل اور محمد رمیز اشرف کے نام سے ہوئی۔ ایف آئی اے گوجرانوالہ کے مطابق گرفتار ملزمان کو یو اے ای سے لاہور ائرپورٹ منتقل کیا جارہا ہے۔ گرفتار ملزمان پنجاب پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزم سفیان علی کے خلاف تھانہ وزیر آباد سٹی سیالکوٹ میں سال 2022 میں مقدمہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب آئی ٹی بورڈ حکومت پنجاب کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی دستاویزات کا تبادلہ کیا جارہا ہے

چین، ترکیہ، ملائشیا سمیت 19 ملکوں کے مزید 85 مسافر کراچی ایئرپورٹ پر آف لوڈ

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر امیگریشن حکام نے چین، ترکیہ، سعودی عرب سمیت مختلف 19 ملکوں کے مزید 85 مسافروں کو مختلف وجوہات کی بنا پر آف لوڈ کردیا۔ سعودی عرب، بحرین، یوگنڈا، کینیا، یو اے ای، عمان، ترکی، تھائی لینڈ، چین، ملائشیا اور انڈونیشیا جاتے ہوئے وزٹ ویزوں کے 20 مسافروں کو آف لوڈ کردیا گیا۔ کانگو، کمبوڈیا، آذربائیجان، لیبیا، عراق، قبرص اور سعودی عرب کے بزنس اور ورک ویزوں پر جاتے ہوئے 2 بلیک لسٹ سمیت 20 مسافر آف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

انتظامیہ سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنائے‘ جے یو آئی

سرکاری ریٹ کی بجائے من پسند نرخوں پر اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف انتظامیہ خاموش کیوں ہے؟

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انتظامیہ سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنائے، صرف اشیائے خورد ونوش کے نرخ نامے جاری کرکے عوام کو منافع خوروں کی رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، سرکاری ریٹ کی بجائے من پسند نرخوں پر اشیاء فروخت کرنیوالوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کے بعد از ٹیکس منافع میں مالی سال کی پہلی ششماہی میں 26 فیصد کی کمی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کے بعد از ٹیکس منافع میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں سالانہ بنیادوں پر 26 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے سٹاک ایکسچینج میں جمع کردہ مالیاتی اعداد وشمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں پی پی ایل کو 50.91 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 26 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں پی پی ایل کو 68.77 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا تھا۔ پہلی ششماہی میں پی پی ایل کی فی حصص آمدنی 18.71 روپے ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 25.28 روپے تھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، مسافر کے بیگ سے ہیروئن برآمد

مختلف کارروائیوں میں تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد کی گئیں، اے این ایف

کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی پر بحرین روانہ ہونے والے مسافر کے بیگ سے 248 گرام ہیروئین برآمد کرلی گئی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

حق، حقانیت کو کسی صورت نہیں چھوڑ سکتے‘ جے یو آئی (س)

کارکن حوصلے ہرگز نہ ہاریں، شہید قائد مولانا حامد الحق حقانیؒ کیلئے بلندی درجات کی دعائیں کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، سیکرٹری اطلاعات ومرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



اسلام آباد: رمضان المبارک کے دوران بچے جامعہ مسجد النور میں نورانی قاعدہ پڑھ رہے ہیں

ہنزہ، اسکردو سمیت پہاڑی علاقوں میں شدید برفباری

متعدد رابطہ سڑکیں بند‘ شدید برفباری کے باعث گلیات میں سیاحوں کا داخلہ بند کردیا گیا

سکردو (این این آئی) ہنزہ، اسکردو سمیت پہاڑی علاقوں میں شدید برفباری کے بعد متعدد رابطہ سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ شدید برفباری کے باعث گلیات میں سیاحوں کا داخلہ بند کردیا گیا ہے، جبکہ آزاد کشمیر میں بھی برفباری جاری ہے۔ جاگراں ویلی میں گلیشیئر کی زد میں آنے سے درجنوں مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ بلوچستان میں زیارت سمیت توبہ اچکزئی، چمن اور دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

کراچی، آن لائن فوڈ ڈیلیوری کمپنی کے گودام میں لگی آگ پر 8 گھنٹے بعد قابو پالیا گیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے ناظم آباد میں آن لائن فوڈ ڈیلیوری کمپنی کے گودام میں لگنے والی آگ پر آٹھ گھنٹے بعد قابو پالیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے ناظم آباد میں آن لائن فوڈ ڈیلیوری کمپنی کے گودام میں لگنے والی آگ پر تقریباً آٹھ گھنٹے بعد قابو پالیا گیا۔ چیف فائر آفیسر ہمایوں نے بتایا کہ فائر بریگیڈ کی 10 سے زائد گاڑیوں اور فائر فائٹرز نے آگ بجھانے کے عمل میں حصہ لیا۔ چیف فائر آفیسر نے بتایا کہ، ویئر ہاس عمارت کی بیسمنٹ میں قائم تھا، جہاں کوئی ایگزٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی: شمس آباد کے علاقہ میں قائم رمضان بازار سے شہری سبزیاں خرید رہے ہیں

رواں سال ملک میں کپاس کی پیداوار میں 34 فیصد کمی ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں کپاس کی پیداوار مسلسل گراوٹ کا شکار ہونے سے 34 فیصد کم ہوگئی۔ اعداد وشمار کی رپورٹ کے مطابق سندھ کی پیداوار پہلی بار پنجاب سے آگے نکل گئی، پاکستان میں کپاس کی پیداوار ایک سال میں 8 ہزار 393 بیلز سے ہو کر 5 ہزار 525 بیلز تک محدود رہی۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ پنجاب میں کپاس کی سالانہ پیداوار 36 فیصد کمی سے 4 ہزار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

فیصل آباد: مسلم لیگ ن کے رہنما ملک عاصم رمضان پیکیج کو چیک کررہے ہیں

یرغمالی رہا نہ کیے تو حماس کو جہنم رسید کردیں گے، اسرائیل

ٹرمپ کی حمایت کے ساتھ ہم جنگ کے اگلے مراحل کی تیاری کررہے ہیں، نیتن یاہو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے حماس کو دھمکی دی ہے کہ اگر اس نے غزہ کی پٹی میں یرغمالیوں کو رہا نہ کیا تو اس کے "ناقابل تصور نتائج" ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے ایک ایسے وقت میں جب غزہ میں جنگ بندی میں توسیع کے حوالے سے مذاکرات ناکام ہورہے ہیں اسرائیلی کنیسٹ کے سامنے ایک تقریر میں کہا میں حماس سے کہتا ہوں: اگر آپ نے ہمارے یرغمالیوں کو رہا نہیں کیا تو ایسے نتائج ہوں گے جن کا آپ تصور بھی نہیں کرسکتے۔ نیتن یاہو نے کہا صدر ٹرمپ کی حمایت کے ساتھ ہم جنگ کے اگلے مراحل کی تیاری کررہے ہیں اور غزہ کے بارے میں ان کا وژن اختراعی تھا۔ وقت آگیا ہے کہ غزہ کے لوگوں کو نکلنے کا انتخاب فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

گورنر سندھ کا فوڈ ڈلیوری ایپ کے آفس میں آگ لگنے کا نوٹس

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب سے ٹیلی فونک رابطہ کیا‘ آگ بجھانے کے اقدامات کو یقینی بنانے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے ناظم آباد میں فوڈ ڈیلیوری ایپ کے آفس میں آگ لگنے کا نوٹس لے لیا۔ گورنر سندھ نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور آگ بجھانے کے اقدامات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ناظم آباد میں لگی آگ بجھانے میں فائر فائٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، فائر فائٹرز جان پر کھیل کر آگ بجھانے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی کے منافع میں مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں 33 فیصد کی کمی

مکوآنہ (این این آئی) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی کے منافع میں مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 33 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے پاکستان سٹاک ایکسچینج میں جمع کردہ مالیاتی اعداد وشمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں او جی ڈی سی ایل کو 82.45 ارب روپے کا خالص منافع حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 33 فیصد کم ہے۔ گزشتہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

کے پی حکومت کے پاس وفاق سے لڑنے کیلئے سب کچھ ہے، شرجیل میمن

پیپلز پارٹی کو وفاقی حکومت سے تحفظات ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) وعدے پورے کرے، سینئر وزیر سندھ

ہم ن لیگ کے اتحادی نہیں ہیں بس چاہتے ہیں کہ سسٹم چلے، پیپلز پارٹی متنازع نہریں بنانے کیخلاف ہے اور اس پر سمجھوتہ نہیں کریں گے

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کے پی حکومت کے پاس دہشتگردوں سے لڑنے کیلئے کچھ نہیں ہے لیکن وفاق سے لڑنے کیلئے سب کچھ ہے، ہم ن لیگ کے اتحادی نہیں ہیں بس چاہتے ہیں کہ سسٹم چلے، وفاقی حکومت کو ہمارے مسائل حل کرنا ہوں گے، پیپلز پارٹی متنازع نہریں بنانے کیخلاف ہے، اس پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

پی ٹی آئی غیرقانونی تنظیم ہے، اکاؤنٹس فریز کیے جائیں، اکبر ایس بابر

پی ٹی آئی ڈھونگ رچارہی ہے کہ ہم جمہوریت کے فروغ میں کردار ادا کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے منحرف رہنما اکبر ایس بابر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ایک غیر قانونی تنظیم ہے، ان کے اکاؤنٹس فریز کیے جائیں۔ الیکشن کمیشن میں پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اکبر ایس بابر نے کہا کہ گزشتہ سماعتوں کی طرح آج بھی تمام دلائل دینے کو تیار تھے۔ لاہور ہائی کورٹ کے آرڈر کے مطابق کیس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

سوئی سدرن کا سحری میں گیس فراہم کرنے کا دعوی غلط ثابت

وزیراعظم کے نوٹس کے باوجود کراچی میں گیس کی لوڈشیڈنگ جاری

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے نوٹس کے باوجود کراچی میں گیس کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، جس کے باعث خواتین کو سحری کی تیاری میں مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سوئی سدرن کا سحری میں گیس فراہم کرنے کا دعوی غلط ثابت ہوگیا اور وزیراعظم کے نوٹس لینے کے باوجود کراچی میں گیس کی لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں سحری کے وقت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

ایئرلائن کا عملہ ایئرپورٹ سے غائب ہوگیا‘ مسافر خوار ہوگئے

اسلام آباد سے دبئی جانے والی پرواز 7 گھنٹے تاخیر کا شکار، 200 مسافروں کا ایئرپورٹ پر دھرنا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سے دبئی جانے والی پرواز 7 گھنٹے گزرنے کے باوجود روانہ نہ ہوسکی۔ نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر دبئی جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز نمبر پی اے 210 میں 7 گھنٹے تاخیر ہوگئی، پرواز سوا 2 بجے شیڈول تھی تاہم 7 گھنٹے گزرنے کے باوجود روانہ نہ ہوسکی۔ سراپا احتجاج 200 کے قریب مسافروں نے ایئرپورٹ پر دھرنا دے دیا۔ ایئرلائن کا عملہ ایئرپورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

رائے ونڈ: رمضان ایکٹ کی خلاف ورزی پر تندور کو سیل کردیا گیا

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی میٹرک کے امتحانی سنٹر کا دورہ کررہے ہیں